آگے درج فتیلہ فرعون کے دوسرے دیوتا کا ہے۔ جس کا منہ طوطے کا اور دھڑ انسان کا نظر آرہا ہے۔ یہ بہت زبردست قسم کا دیوتا تھا جو مختلف دنیاوی کاموں میں اپنے اندر سریع التاثیر رکھتا تھا اور موقع کی مناسبت سے وہی کام کرنے کا ماہر تھا جس کام کا اسے کہا جاتا تھا۔ اب دنیاوی معاملات میں دوسرے عام انسان اس فتیلے کو اگر حب کا کام ہو تو گیارہ عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں، دشمن کو نقصان پہنچانے کا کام ہو تو پانچ عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں، کسی سے کوئی کام نکلوانے کا کام ہو تو سات عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں، کسی کو اپنے راستے سے ہٹا کر خود اس کی جگہ آنے کیلئے اکیس فوٹو کاپیاں کروائی جائیں، اور انہیں اپنے مقصد کے لحاظ سے جلا کر اس کی راکھ کو متعلقہ فرد کی گزرگاہ میں ڈالا جائے اس کے اثرات سے متعلقہ مقصد میں کامیابی ہوگی کیونکہ ان دیوتاؤں کی ابھی بھی موت نہیں ہوئی اور شیطان کی طرح ان کی عمر بھی قیامت کے دن آنے تک ہے۔ اور یہ دنیاوی معاملات میں ساتھ دینے کیلئے ان فارمولوں کے محتاج ہیں۔ اور جو کوئی بھی انہیں ان فارمولے سے بلاتا یا ان سے کام نکلواتا ہے تو یہ فوراً اور ضرور کرتے ہیں انہیں کسی بھی قسم کی کوئی انکاری نہیں ہوتی۔ اگر کوئی کسی فرد سے حسد کرتا ہو اور اس کا مقصد اسے پریشان کرنے سے ہو تو اس فتیلے کو پانچ عدد فوٹو کاپی کروائے اور اس کا نام مع والدہ لکھے اور اس کا نام مع والدہ حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر اس فتیلے پر دم کرے اور اسے تعویذ کی طرح بند کر کے اپنی چارپائی کے وزن تلے دبا دے اس عمل کی بدولت وہ کبھی دنیاوی کاموں میں کامیاب نہیں ہوگا۔

ہر کام فوراً و حمل قائم

آگے درج فتیلہ فرعون کے ایک ایسے دیوتا ہے جس کے دو منہ اکٹھے لگے ہوئے ہیں یہ دنیا کی ہر کام میں مدد دیتے ہیں اور ان سے انسان کئی قسم کے کام لے سکتا ہے۔ اگر کسی عورت کا حمل کسی بد کار [illegible] عمل کے ذریعے [illegible] ہو جس سے عورت کو اولاد نہ ہو رہی ہو تو اس فتیلے کی [illegible] فوٹو کاپی کروائے اور [illegible] ایک فتیلہ بعد نماز عشاء جلائے اور اس کی راکھ کو سات جوتیاں مارے پھر اس پر سات مرتبہ تھوک پھینکے تھوک پھینکنے والے عمل کو [illegible] جب اسے کسی شاپنگ بیگ میں ڈال لیا ہو اسی طرح اس عمل کو اکتالیس روز کیا جائے اور جب سب [illegible] اس کے درمیان میں ایک مٹی کا چراغ رکھے [illegible] [illegible]

خاتمہ بے حیائی و زنا

یہ ایسا زبردست قسم کا فتیلہ ہے جسے یہاں بے حیائی کے خاتمے اور کسی بدچلن مرد و عورت کی کامل اصلاح کیلئے درج کیا گیا ہے۔ مثلاً اگر کسی شریف عورت کا خاوند اسے چھوڑ کر جگہ جگہ منہ مارتا ہو یا کسی شریف انسان کی بیوی کسی دوسرے مرد میں زیادہ دلچسپی رکھتی ہو اور اس بات کا مکمل ثبوت بھی موجود ہو تو اس فتیلے کو گیارہ عدد فوٹو کاپی کروایا جائے اور اس کے پیچھے متعلقہ کام کی نوعیت سے اس کی بھی تصویر جیسے فوٹو کاپی کروائی جائے اگر ممکن ہو تو جس کیلئے اس عمل کو کرتا ہے اس کے بالوں کا ہونا بہت ضروری ہے بال چاہے سر کے ہوں یا ہاتھ، ٹانگوں کے بال ہونے چاہئیں اگر بال دستیاب نہ ہو سکیں تو اس کا پہنا ہوا کپڑا ہونا بہت ضروری ہے پھر اس فتیلے کو اس کپڑے یا بالوں میں لپیٹ کر دریا یا نہر کے کنارے جائے اور وہاں ایک مخصوص جگہ پر چراغ میں اسے روزانہ جلایا کرے اور واپس آجایا کرے گیارہ دن اس عمل کو کرے اس کی مخفی طاقت کے اثر سے متعلقہ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔ اسی عمل میں زیادہ اثر پیدا کرنے کیلئے اسی فتیلہ کو بغیر بالوں یا کپڑے کے اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر چھت پر جلائے بہت زبردست فتیلہ ہے۔ اسی طرح اگر کسی کی اولاد ایسے راستے پر چل نکلی ہو جو راز کھلنے پر باعث شرم و ندامت کا سبب بنتی ہو۔ تو اس کام کا مکمل تصور باندھ کر اس کے کپڑے کے اندر اس فتیلے کو رکھ کر رات کو جلایا کرے اور ایک عدد کو پانی میں ڈال دے جب یہ کاغذ بالکل گل جائے تو کاغذ کو نکال کر باہر پھینک دے اور اس پانی کو راہ گزر میں پھینکا کرے جیسا تصور رکھا ہوگا ویسے ہی ہوگا۔

جادو کا واپس پلٹنا

یہ فتیلہ خاص طور سے جادو، ٹونہ، سایہ، جنات، بھوت، اور اس سے تعلق رکھنے والی دیگر مخلوق کا خاتمہ کرنے اور جادو کی واپسی کیلئے ترتیب دیا گیا ہے اس بات کا پورا ثبوت مل جانے پر کہ کسی نے جادو کیا ہے یہ کوئی نقصان دہ مخلوق پریشان کرتی ہے تو اس فتیلے کو گیارہ عدد فوٹو کاپی کروائے اور اسے چنبیلی کے تیل میں بھگو کر شاپنگ بیگ میں رکھ کر اپنے تکیے کے نیچے رکھ دے اور ایک عدد کورا چراغ ویسے ہی لا کر اپنے سرہانے رکھ دے جب رات کے پورے بارہ بج جائیں تو ایک فتیلے کو نکال کر اسے چراغ میں رکھ کر جلائے اور اس سے نکلنے والے دھوئیں کی دھونی لے اور کمرے کو بند رکھے تاکہ یہی دھواں کافی دیر کمرے میں رہ سکے اس عمل کو مسلسل کرتا جائے اس سے کئی قسم کے فوائد حاصل ہونگے مثلاً اگر کوئی ایسی بیماری میں مبتلا ہوگا جس کا علاج نہیں مل رہا ہوگا یا کوئی بھی [illegible] دوا اثر نہیں دکھاتی ہوگی تو اس عمل کی بدولت دوا اپنا اثر دکھائے گی۔ اور علاج بھی ہوگا۔ اگر کوئی جنات یا جادو ٹونے کی بدولت کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ ہوگی تو اس کا بھی خاتمہ ہوگا۔ اس فتیلے میں لکھی جانے والی تحریر خود الٹی لکھی ہے کیونکہ اس سے اس کا زیادہ اثر برآمد ہوتا ہے جو اس کا اصل طریقہ بتایا جا رہا ہے ویسے ہی تیار کیا گیا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ بعض افراد اس بات کو محسوس کریں کہ شاید کتاب میں چھپائی [illegible] اس لئے پہلے بتایا جا رہا ہے کہ اسے خود الٹا لکھا ہے۔ اب جہاں فلاں بن فلاں لکھا ہے وہاں بھی اپنا نام مع والدہ [illegible] طریقہ کار ہے۔

بحری بحری بحری حری کو اڑ بحری باندھے دواز بحری
آئے بحری جائے بحری سب جگہ سمائے بحری ٹونہ جادو
آسیب و نظر سب رد ہو جائے جو جو جادو ٹونہ پھر کر آئے
الٹ پلٹ کر وہاں پر جائے جو جو کرے سو سو مرے سب
الٹ ہو ہو کر پڑے ۔ قلالت یست قلالت

سائے کا مکمل خاتمہ

پچھلے صفحات میں میں نے کچھ بیماریوں اور سائے وغیرہ سے متعلق نشانیاں بتائی ہیں اور اس کے نیچے یہ لکھا ہوگا کہ اس سے بچنے کیلئے آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرمائیے تو یہ فتیلہ ان تمام کاموں کیلئے درج کیا جا رہا ہے جو میں نے پچھلے صفحات میں بیان کیا ہے۔ اس فتیلے کی یہ خاصیت ہے کہ اس کے جلنے سے اور یہاں بیان کئے گئے عمل کے طریقہ کار سے سایہ اور اس سے مناسبت رکھنے والی کل مخلوق خوف کھاتی ہے اور اپنی جان چھڑواتی ہے اس لئے اگر کسی کی زندگی میں سایہ خبیث ارواح اور اس قسم کا کوئی تعلق پیدا ہو چکا ہو اور کوئی بھی تدبیر سمجھ میں نہ آ رہی ہو تو اس فتیلے کو اکیس عدد فوٹو کاپیں کروائے اور چراغ میں جلا کر خود اس کے سامنے بیٹھے اور آیت الکرسی کا بکثرت ورد کرے چراغ جب جلے تو اس کے سب سے اوپر والے شعلے کی طرف نظریں جما کر دیکھے اور خود آیت الکرسی پڑھنے میں مشغول رہے اس کے کئی قسم کے فوائد ہونگے مثلاً اگر بدروح سایہ یا خبیث ہوگا تو وہ اللہ کی کلام پڑھنے سے ویسے ہی بھاگتا ہے اور چراغ کی لو کے اندر اس کی جان پوشیدہ ہوتی ہے اور اس جان کے اندر جس فارمولے کو ترتیب دیا ہے اس کا تعلق اس فرد کو چھوڑ کر چلے جانے سے ہوتا ہے یعنی وہ اپنے کامل تصور اور اپنی زبان کے ذریعے تمام معاملے کو سمجھ کر یہی فیصلہ کرتا ہے کہ اسے اس فرد کی جان کو چھوڑنا ہی ہوگا اور اگر نہیں چھوڑے گا تو یہ عمل اسے نہیں چھوڑے گا اس عمل کے دوران یا بعد میں مریض اگر کوئی افاقہ محسوس کرے تو کسی جاندار شے کا صدقہ ضرور دے اور اکیس دن والا عمل ضرور پورا کرے۔

یابرھیایاعنصائیل یامدعائیل یاعینائیل یاطائیل یادردائیل
یارقمائیل بحق سام سوم وادروم سانوم شدمنوس معروس ھومال
یاھمکیائیل بحق یاھمکیائیل بحق یاھمکیائیل بحق ۲۰۰۵۱۱۰۰
یابدوح بحیر درروشن شدن فلیتہ جلدتر من البرق خاطف ومثل
ریح عاصف احضروا من جانب المشارق والمغارب والجنوب والشمال
قلالت یست قلالت

خاتمہ رجعت و ٹھہراؤ

بعض اوقات کوئی جذبات میں ایسے کام کر بیٹھتا ہے جو جذبات بھڑکنے سے رکتے جاتے ہیں جب ان کی نحوست کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو انسان کی زندگی بالکل ہی شل ہو چکی ہوتی ہے یعنی اسے نہ تو کسی شے سے کوئی دلچسپی رہتی ہے اور نہ ہی کسی کام میں دل لگتا ہے۔ یہی حالت اگر طول پکڑ جائے تو ایک مستقل عذاب بن جاتا ہے یا کسی نے زندگی میں ایسا کوئی کام بھی نہیں کیا ہوتا لیکن یہ اچانک ہی رجعت اور ٹھہراؤ میں قید ہو جاتا ہے اور سمجھ نہیں آتی کہ میرے ساتھ ہونے والا معاملہ کیوں ہو رہا ہے اور مجھے اس اذیت کا سامنا کیوں کرنا پڑ رہا ہے۔ اس قسم کی تمام حالتوں سے بچنے اور زندگی کے ٹھہراؤ کا خاتمہ کرنے کیلئے اور کامیابی حاصل کرنے کیلئے اس فتیلے کو گیارہ عدد فوٹو کاپی بروز اتوار کروایا جائے اور ایک فتیلہ رات کو چاند کے سامنے چھت پر کھڑے ہو کر جلایا جائے اور صبح سورج طلوع کے وقت اس کے سامنے جلایا جائے جلانے سے پہلے اسے اپنے پورے جسم پر ملا جائے اور اس کی راکھ کو سنبھال کر رکھا جائے جب تمام فتیلے جل جائیں تو ان کی جمع شدہ راکھ کو بہتے ہوئے پانی میں اپنے سیدھے ہاتھ سے بکھیر دے اور گھر آ کر تازہ غسل کرے پھر آگے اللہ پنجتن پاک والے نقش کو چھوٹے چھوٹے سفید کاغذ پر فوٹو کاپی کروائے اور اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھے اور اسے عطر سے معطر کرے اور موم جامہ کر کے چاندی کے تعویذ میں بند کروا کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے اگر اس عمل کو کوئی عورت کرے تو اس نقش کو اپنے بائیں بازو پر باندھے اور اگر اس عمل کو مرد کرے تو سیدھے بازو پر باندھے۔

بدروح و خبیث

آگے درج فتیلہ تمام قسم کی بدروحوں اور روحوں کو دور کرنے کیلئے ہے مثلاً بعض اوقات بچے اچانک کسی ایسی شے کو دیکھتے ہیں جس کے متعلق یہ خود بھی نہیں جانتے بس یہی کہتے ہیں کہ ابھی یہاں کچھ تھا آپ نے کوئی آواز سنی ہے کوئی مجھے پکار رہا ہے وغیرہ وغیرہ اس انجانے خوف سے بچوں کے وجود پر خوف طاری ہوتا ہے اور یہ سلسلہ طول پکڑتا ہوا کہیں کا کہیں نکل جاتا ہے بچوں کا پڑھائی میں دل نہیں لگتا اور ان کے دل میں ایک عجیب سا خوف طاری رہنے لگتا ہے جس کی تشریح یہ خود بھی نہیں کر سکتے اور نہ ہی یہ کسی کی سمجھ میں آتا ہے جب تک کہ اس کا توڑ نہ کیا جائے اس معاملے میں خصوصاً والدین بہت پریشان ہوتے ہیں لیکن ایسی حالت میں بچوں سے ہمیشہ یہی کہا جائے کہ کچھ نہیں ہے اور خود اس کے موضوع مدعا کیلئے دوڑ لگانی چاہئے کہیں ایسا نہ ہو کہ بچے کا اور حوصلہ بڑھ جائے اور وہ بیچارہ خوف کھانے کے علاوہ غم بھی کرنے لگے اس معاملے میں بچوں کا حوصلہ بڑھانا چاہئے اور خود توجہ سے اس کا حل ڈھونڈنا چاہئے اب اس مسئلے کا حل کسی ڈاکٹر کی نصیحت یا دوا ہرگز نہیں ہوتی جس سے بچہ اسے کھائے اور ٹھیک ہو جائے بلکہ اس مرض کا تعلق انسان کے اپنے وجود سے ہوتا ہے۔ اس لئے اس کے کامل علاج کیلئے اور بچوں کی تمام قسم کی ذہنی و روحانی پیچیدگیاں دور کرنے کیلئے آگے درج فتیلے کو گیارہ دنوں کے حساب سے گیارہ عدد فوٹو کاپی کروایا جائے اور اسے بچے کو بتائے بغیر اسے بچے کے تکیے میں رکھ دیا جائے اور اس کے جسم سے سات مرتبہ اتار کر اسے دیاسلائی کی مدد سے جلایا جائے اور اس کی راکھ کو کسی چلتے پانی میں بہایا جائے پھر آگے درج نقش کو متعلقہ طریقے کے مطابق فوٹو کاپی کروا کر گلے میں پہنایا جائے۔

خاتمہ ہر نقصان

[illegible] مسلسل [illegible]

[illegible] کہ گیارہ دنوں تک اس عمل کو کر لیتے [illegible] جائیں اور ایک کوئے کو سرخ کر کے رکھ دے [illegible] اور اسے تعویذ کی طرح بند کرے اور اسے کو کئے [illegible]

[illegible] ایسے کہ کہ اس کا دھواں [illegible] کو کسی علیحدہ جگہ محفوظ کرتا جائے اور قبرستان میں [illegible]

ہر کسی کام کیلئے فلیتہ

یہ ایسا فلیتہ ہے جس سے دنیاوی معاملے میں کام لیا جا سکتا ہے بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے۔ بچوں کی بدتمیزی کو دور کیا جا سکتا ہے جو بچے پڑھائی سے بھاگتے ہوں ان کو پڑھائی کی طرف مائل کیا جا سکتا ہے۔ بعض اوقات کوئی ایسی غیر عورت کسی بی بی سے [illegible] تعلقات پیدا کر لیتی ہے جس سے جان نہیں چھوٹتی اور گھر میں ہر وقت ایک فتنہ برپا رہتا ہے اس قسم کے تمام بد اثرات اور زندگی میں خوشحالی پیدا کرنے کیلئے اس فلیتے کو اکیس دنوں کے حساب سے اکیس عدد فوٹو کاپی کروایا جائے اور اس کے اردگرد جس مقصد کو لکھا جائے دو پیاز کا پانی ہونا چاہئے ایک ہی جلنے میں پیاز کا پانی نکال کر اس کے گرد اپنا مقصد لکھ لیا جائے اور ایک ہی جیسے میں اگر بچے پڑھتے نہ ہوں تو رات کو سوتے میں ان کے پاؤں سے مس کرنا چاہئے اگر میاں کسی عورت کے چکر میں پھنس گیا ہو تو اس کے پاؤں کی جوتی سے ماتھا مس کرنا چاہئے اور روزانہ بعد نماز عشاء اپنے تصور کو کامل باندھ کر نہیں روز کا ایک جلایا جائے اس راکھ کو شاپنگ بیگ میں محفوظ کیا جائے اور جب اکیس دنوں کا عمل مکمل ہو جائے تو تھوڑی سی راکھ اپنے خاوند کی جوتی میں ڈال دے اور بچے کی باقی جمع شدہ راکھ میں ایک عدد پیاز چھیل کر اس کو دریا یا نہر کے کنارے دفن کر دیا جائے اس عمل کی بدولت اثرات خود اپنی آنکھوں سے دیکھنے والے ہونگے اس کے علاوہ پیاز کے پانی سے اگر اپنا کوئی بھی مسئلہ لکھ کر اسے بعد نماز عشاء جلایا جائے تو اس کے اثرات بہت جلد رونما ہوتے ہیں اور رکاوٹوں کا خاتمہ ہوتا ہے۔

خاتمہ وسوسہ

بعض حالات میں ایسا بھی دیکھا گیا ہے کہ انسان بہت جلد شیطان کے شر سے بہت مغلوب ہو جاتا ہے یا اگر کوئی بہت ہی حساس طبیعت کا مالک ہو تو وہ بھی اپنے ذہن میں ایسی ہی سوچیں سوچتا ہے جن کا حقیقت سے کم ہی تعلق ہوتا ہے یہ مرض اگر جڑ بن جائے تو اس کا علاج نہایت ہی مشکل ہو جاتا ہے اور جو فرد وسوسے کی لپیٹ میں آتے ہیں وہ اپنی زندگی سے ایسی ناامیدیاں پیدا کر لیتے ہیں کہ خوشی کے مواقع ان کی زندگی میں آتے تو ہیں لیکن یہ ان کا سامنا نہیں کرنا چاہتے اور اپنے ذہن کی الجھنوں اور کشمکشوں کے تابع ہو کر خود اپنے اندھیرے میں غرق ہو جاتے ہیں جہاں سے یہ خود ہی نکلنا نہیں چاہتے اب اس کیفیت کو چاہے جادو کا نام دیں یا کسی غیر انسانی مخلوق کی حکومت کا پریشانی تو ہر حال میں پریشانی ہے اگر کوئی اپنے عزیز رشتہ داروں میں سے اپنی زندگی میں بھی ایسی کوئی نشانیاں دیکھے اور اس کا علاج کرنا چاہے تو یہ نہایت ہی آسان کام ہوگا آگے درج فتیلے کو کیرو فوٹو کاپی کروائے اور روزانہ اپنے سر سے سات مرتبہ وار کر انہیں جلائے اور اس کی دھونی لے اور اس دوران یا عمل شروع کرنے سے پہلے خالص روغن بادام پر درود ابراہیمی سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور جب اس فتیلہ کو جلائے تو رات کو سونے سے پہلے اس کے دو قطرے اپنے کانوں میں ڈال کر سوئے اس روزمرہ عمل کی بدولت شیطان کے ہر شر و فساد پھیلانے کا جڑ سے خاتمہ ہوگا اور زندگی میں سکون حاصل ہوگا جو وسوسے ہوتے ہوئے نہیں ملتا بعد جیسے جیسے فتیلے کو اس مقصد کی خاطر جلایا جائیگا اس مرض کا خاتمہ ہوگا۔

خواص فلیتہ جات

تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ پچھلے صفحے پر جو فلیتہ جات گذرے ہیں اور ان کے خواص لکھے ہیں یہ سب دنیاوی و روحانی کاموں میں ضرور مدد دینگے کیونکہ ان کا تعلق ظاہری آنکھ سے دیکھنے والی اشیاء سے نہیں بلکہ ہوا کی طرح لہروں سے ہے جو اچھی بھی ہو سکتی ہیں اور بری بھی لیکن یہاں جن خواص کو لکھا ہے وہ سب اچھائی کی طرف جاتے ہیں اور برائی کرنے یا کروانے کا ان کا ایک رتی بھی حصہ نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے کہ بعض افراد اس بات کو سوچیں کہ فتیلہ جات سے بچوں کا دل پڑھائی میں کیسے لگے گا یا ان فلیتہ جات سے حب کیسے پیدا ہوگی تو اس بات کیلئے ایک صفحہ خصوصاً لکھنا پڑ رہا ہے کہ اپنوں میں سے یا کوئی عزیزوں میں سے یا کوئی مفاد حاصل کرنے والے افراد اس قسم کا جادو یا تعویذات یا بد اعمال کرواتے یا خود کرتے ہیں جس کے اثر سے مغلوب ہوتے ہوئے مرد اپنی بیوی کو اچھا نہیں سمجھتا بچوں کا دل پڑھائی سے اچاٹ کروایا جاتا ہے۔ اذیت میں مبتلا کیا جاتا ہے نئی نئی قسم کی تکالیف میں مبتلا کیا جاتا ہے اور ایسے کئی نقصان وہ کام کروائے جاتے ہیں جن کیلئے خصوصی طور سے کامل محنت کرتے ہوئے ایسے نسخہ جات درج کر دئیے ہیں جو بے شک سینوں کے رازوں میں سے ایک راز تھا اس بات کا دعویٰ بھی کیا گیا ہے اگر کوئی بھی ان فلیتوں سے مشابہت رکھنے والا فلیتہ یا خواص کسی دوسری کتاب میں دیکھے تو وہ ثبوت کے ساتھ ضرور آئے۔ لیکن اللہ کے حکم اور پیر صاحب کی دعا سے میرا اس بات کا بھی دعویٰ ہے کہ کوئی بھی نہیں آئیگا۔ انشاءاللہ

کامل نقوش اللہ پنجتن پاک

پچھلے صفحات میں لکھے اور بنائے گئے فلیتہ جات کے خواص اور ان سے دنیاوی معاملات میں کامیابی حاصل کرنے اور جادو یا دیگر اذیتوں سے نکلنے کیلئے ان کا استعمال کرنا اور اس کے ساتھ اثر والے نقوش کو جو پہلے بتایا بھی گیا ہے کہ آگے اللہ پنجتن پاک والے نقش کو استعمال کیا جائے وہ آگے درج ہے۔ جو نہایت ہی زبردست اصول سے بنایا گیا ہے۔ یہ فلیتہ جات کے سہارے چلتا ہیں یعنی اگر کوئی میرے ان فلیتہ جات کو استعمال کرتا ہے تو ان فلیتوں کی وجہ سے شفاء حاصل ہو جاتی ہے اور پنجتن پاک والے نقش کو یہاں بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرنے سے آیندہ کیلئے محفوظ ہو جاتا ہے۔ اس نقش سے مثبت اثرات وہی مخلوق جانتی ہے کہ یہ نقش کیا ہے۔ اور اس کو کن کن قاعدہ و اصولوں کے ساتھ ترتیب دیا ہے۔ یہ باقاعدہ مکمل عمل ہے فلیتہ جات اور اس نقش کو استعمال میں اگر دنیاوی ہر معاملات میں کامیاب ہونا اس نقش کو سفید کاغذ پر اتنے سائز میں بنایا جائے جیسا آگے بنا ہوا ہے۔ ہاتھ سے بنانا لازمی شرط رکھی گئی ہے زعفران کا استعمال کرنا ہوگا۔ ان کو استعمال کرنے کی ہر خاص و عام کو اجازت ہے کام چاہے فلیتہ جات سے لینا ہو یا برکت حاصل کرنی ہو دنیاوی یا دینی تمام معاملات میں ان نقوش کو استعمال کیا جائے اللہ تبارک وتعالیٰ ہی جانتا ہے کہ یہ کیا ہے یا وہ جس نے مجھے یہ راز بتایا ہے۔ اس نقش کو کو اپنے گھر یا کاروباری مقام پر چوکھٹ کے اوپر لگانے سے جادو ٹونہ اس جگہ داخل نہیں ہوتا۔

آسان روحانی چٹکلے

بذریعہ جادو ہر بیماری سے محفوظ رہنا

جادو کی ایک قسم ایسی بھی ہوتی ہے جس سے کوئی بھی ایسی بیماری میں اچانک مبتلا ہو جاتا ہے جس کا پہلے سے سوچا تک نہیں ہوتا اور اس کا علاج بھی بہت ہی مشکل سے ملتا ہے اس لئے اگر کوئی ایسی کیفیت میں مبتلا ہو جائے تو سورۃ والناس کو روزانہ بعد نماز فجر (۲۱) مرتبہ سادہ پانی پر دم کر کے پئے یہ عمل ایسے افراد کریں جن کو شوگر، بلڈ پریشر کی شکایت نہ ہو اور اگر کوئی ان امراض میں پہلے سے مبتلا نہ ہو تو وہ صندل کے شربت پر دم کر کے پئے صبح نہار منہ اس عمل کو کرنا ہوگا پھر دن کے کسی بھی حصے میں اسی سورہ کو ورد کرتا رہے ہر طرح سے کامل شفاء ہوگی۔

غیر انسانی مخلوق کا قبضہ ختم

اگر کسی کے گھر میں جنات یا کسی بھی غیر انسانی مخلوق کا بسیرا ہو جائے اور کسی بھی علاج سے اس کا مکمل حل نہ نکلتا ہو تو ایک عدد کالا بکرا حسب توفیق لے کر اسے ذبح کرے اور اس کے خون کو سنبھال کر رکھ لے اور گوشت غریبوں میں تقسیم کرے اس عمل کو اپنے گھر میں کرنا ہوگا اس خون میں چنبیلی کا خالص تیل ڈالے اور اس پر ایک ہی جلسے میں سورہ والناس کو (۵۰۰) سو کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اس تیل و خون کو روئی کی مدد سے اپنے گھر میں باہر سے لیکر اندر تک ہر کمرے میں دروازوں کے پیچھے روئی کی مدد سے لگا دے اللہ کے فضل سے اس عمل کو کرنے والے خود اس کا اثر اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے۔

جادو سے بچنے کیلئے آیات

یہ آیات کوئی بھی فرد روزانہ اپنی استعداد کے مطابق ورد کرے اور انہی کا دم کیا ہوا پانی پئے یا اپنے کسی جاننے والے یا کسی مصیبت گرفتہ کیلئے کرے اللہ کے حکم سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔ ان آیات کے ورد کرنے کیلئے میری طرف سے خصوصی اجازت ہے کوئی بھی اپنی پریشانی، مصیبت، جادو، ٹونہ، سایہ، یا کسی بھی بد اثر کو باطل کرنے کیلئے ورد کرے۔ پڑھنے کی تعداد کم از کم سو مرتبہ ہو اور زیادہ سے زیادہ جتنا ہو سکے ورد کرے۔ لیکن اپنے ورد کرنے کے دوران اپنے پاس سادہ پانی ضرور رکھے اور جب تعداد ختم کرے تو اسے پی لیا کرے۔ اور ان آیات کے اعراب کسی حافظ قرآن سے لگوائے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی آسیب یا جن گرفتہ ہو تو کوئی بھی باوضو حالت میں مریض کے دونوں کانوں میں سات سات مرتبہ اذانیں دے اس سے مریض کا مرض ختم ہوگا اور اگر ہو سکے تو ان آیات میں سے کسی ایک آیت کو اپنی استعداد کے مطابق ورد کرے۔ یہ زبردست قسم کا ایک نسخہ ہے جس سے سایہ آسیب یا جنات کا مکمل خاتمہ ضرور بر ضرور ہو جاتا ہے اور کبھی دوبارہ نہیں آتا۔ انشاء اللہ اور اگر کوئی ان آیات میں سے ورد نہ کر سکے یا بہت زیادہ بیماری میں مبتلا ہو چکا ہو جس سے ورد نہ ہوتا ہو تو ان آیات کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اسے مریض کے گلے میں پہنائے اللہ کے حکم سے اثرات ظاہر ہونگے اور جس کسی بھی بیماری میں مبتلا ہوگا اس کا خاتمہ ہوگا۔ ان آیات کو دینی و دنیاوی تمام معاملات میں ہر طرح سے استعمال کیا جا سکتا ہے اور اس کے بے بہا فوائد ہیں جن کا احاطہ نہیں ہو سکتا۔

(1) بسم اللہ الرحمن الرحیم. یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فيه شفاء للناس.

(2) بسم الله الرحمن الرحيم. قل هو للذين امنوا هدى وشفاء والذين لا يؤمنون فى اذانهم وقرو هو عليهم عمى.

(3) بسم الله الرحمن الرحيم. قال رب بما اغويتنى لا زينن لهم فى الارض ولا غوينهم اجمعين.

(4) بسم الله الرحمن الرحيم الذين ياكلون الربو لا يقومون الا كما يقوم الذى يتخبطه الشيطن من المس.

(5) بسم الله الرحمن الرحيم افحسبتم انما خلقنكم عبثا وانكم الينا لا ترجعون.

(6) بسم الله الرحمن الرحيم ونزل من القران ما هو شفاء ورحمة للمومنين ولا يزيد الظلمين

(7) بسم الله الرحمن الرحيم وان يمسسك الله بضر فلا كاشف له الا هو وان يردك بخير فلا راد لفضله

(8) بسم الله الرحمن الرحيم. قل اللهم مالك الملك تؤتى الملك من تشاء وتنزع الملك ممن تشاء وتعز من تشاء وتذل من تشاء بيدك الخير انك على كل شىء قدير تولج اليل فى النهار وتولج النهار فى اليل وتخرج الحى من الميت وتخرج الميت من الحى وترزق من تشاء بغير حساب.

(9) بسم الله الرحمن الرحيم ان الذين فتنوا المومنين

والمومنات ثم لم يتوبوا فلهم عذاب جهنم ولهم عذاب الحريق.

(10) بسم الله الرحمن الرحيم. ما خلقكم ولا بعثكم الا كنفس واحدة ان الله سميع بصير.

(11) بسم الله الرحمن الرحيم. وله ماسكن فى اليل والنهار وهو السميع العليم.

(12) بسم الله الرحمن الرحيم. المص طسم كهيعص حم عسق الله لا اله الا هو الحى القيوم اسكن.

(13) بسم الله الرحمن الرحيم. قد نرىٰ تقلب وجهك فى السماء فلنولينك قبلة ترضها فول وجهك شطر المسجد الحرام.

(14) بسم الله الرحمن الرحيم. قل من حرم زينة الله التى اخرج لعباده والطيبات من الرزق قل هى للذين امنوا فى الحيوة الدنيا خالصة يوم القيامة كذلك نفصل الايت لقوم يعلمون.

(15) اعوذ بالله من الشيطان الرجيم.

(16) لا اله الا هو الرحمن الرحيم.

(17) سلام قول من رب الرحيم.

(18) سلام على موسىٰ و هارون.

(19) سلام هى حتىٰ مطلع الفجر.

(20) لا اله الا الله محمد رسول الله.

(21) يسين والقرآن الحكيم.

نشانات جادو

کوئی فرد بھی جادوئی یا آسیبی شر انسانیوں کے متعلق ہرگز اپنے دماغ پر اس تاثر کو نہ چھوڑے کہ دنیا میں صرف جادو ہی جادو ہے اور ہمیں اس سے ڈر کر رہنا چاہئے ایسا ہرگز نہیں سوچنا چاہئے کیونکہ جو افراد اس قسم کی سوچ رکھیں گے وہ ایمان کو جادو کے ہاتھوں بیچنے والے ہونگے بلکہ ایسی اشیاء کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہئے نہ کہ ان سے مغلوب ہوتے ہوئے ان سے ڈرنا چاہئے جادو دنیاوی کاموں میں سر چڑھ کر بولتا ہے اور اس بات میں بھی کوئی شک نہیں کہ جادو سے انسانیت کی بنیاد اکھڑ جاتی ہے۔ اور جب تک اس کا روحانی کامل علاج نہ کیا جائے تب تک شفاء حاصل نہیں ہو سکتی کیونکہ جادو کمال کسبی ہے اور اس کے توڑ بھی کمال کسبی سے کئے جاتے ہیں میں جنتر منتر سے زیادہ اللہ کی کلام کو زیادہ ترجیح دیتا ہوں اور یہ تمام مسلمانوں کی خوش نصیبی ہے کہ ہر کام میں اللہ کی کلام کے ذریعے اس کو پکارا جائے جس کے بہت سے فوائد حاصل ہوں اس لئے جادو کے توڑ سے لیکر دنیاوی ہر کام میں اللہ کلام کے ذریعے مسئلوں کے حل ڈھونڈنے چاہئیں تاکہ ایسے جنتر منتر جن کو پڑھنے سے شک پیدا ہونے کے ساتھ انسان دین اسلام سے ہی باہر ہو جائے کیونکہ یہ دنیا چند روزہ ہے۔ اور مرنے کے بعد ہر چیز کے متعلق پوچھا جائیگا اس لئے تمام نیک کاموں میں اللہ کی کلام کو پکارنا چاہئے تاکہ اللہ کی ذات بھی خوش ہو اور اس کا قرب حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ کام بھی اپنا ہی ہو۔ اب جو افراد جادو کے ذریعے دوسرے افراد کو پریشان کرتے ہیں اور جادو کے ذریعے ان کی زندگی میں کیا کیا کر سکتے ہیں وہ خود مطالعہ کیجئے اور خود دیکھئے کہ کون سی نشانی آپ میں پائی جاتی ہے۔

جادو کے زور سے

(1) مرد اپنی بیوی کو حقیر جانتا ہے۔ اور اسے مارنے پیٹنے کے علاوہ طرح طرح کی اذیتوں میں مبتلا کر کے اسے سکون ملتا ہے وہ ایسا کیوں کرتا ہے؟ اس کی طرف اس کا ذہن ہرگز نہیں جاتا لیکن اپنے نفس کو مطمئن کرنے کیلئے وہ ایسا کرتا ہے اور بیوی اپنے شوہر کی اصلاح کرنے کیلئے جگہ جگہ جعلی عاملوں کے پاس جاتی ہے جس سے عامل حضرات عورت کے خوبصورت ہونے کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہیں۔

(2) بیوی اپنے مرد کو حقیر جانتی ہے اور اس سے بے پناہ نفرت کر کے اسے سکون ملتا ہے ہم بستری سے نفرت کرتی ہے اور بات بات پر لڑ جھگڑ کر مارنے پر تل جاتی ہے اس کی یا وجہ سامنے آتی ہے؟ اس کے متعلق عورت کو بھی معلوم نہیں ہوتا۔

(3) مرد اپنے گھر والوں سمیت اپنی بیوی بچوں سے نفرت کرنے لگ جاتا ہے اور ایسا کر کے اسے سکون ملتا ہے۔

(4) میڈیکلی طور سے فٹ ہوتے ہوئے میاں بیوی اولاد جیسی نعمت سے محروم؟

(5) نو بیاہتا جوڑا اپنی زندگی کے آغاز والے دن سے لیکر روزانہ لڑنے تک سکون محسوس کرتے ہیں اور کوئی بھی واضح وجہ سامنے نہیں آتی بس ایک دوسرے کو اچھا نہیں سمجھتے؟

(6) گھر یا کاروباری مقام پر اچانک نقصان در نقصان اور برکت ختم؟

(7) لڑکی یا لڑکا خوبصورت ہوتے ہوئے شادی یا نکاح سے محروم؟

(8) عورت اپنے پہلے یا دوسرے بچے کی پیدائش کے بعد اچانک بانجھ ہو جاتی ہے؟

(9) ایک اچھا بھلا تندرست مرد ایک دم نامرد اور ناکارہ ہو جاتا ہے؟

(10) ڈاکٹری رپوٹوں میں کوئی بھی واضح بیماری نہیں ہوتی جب کہ مریض چارپائی کے ساتھ چارپائی ہو جاتا ہے اور اللہ سے مرنے کی دعا کرتا ہے؟

(11) کسی پاک وصاف پرہیزگار عورت و مرد کے جسم کے اندر ایسی مخلوق داخل ہو جاتی ہے جو اسے زیادہ سے زیادہ اذیت دے اور اس کا نقصان در نقصان مسلسل ہی کرے؟

(12) غیر انسانی مخلوق نمازی افراد کے جسم میں گھس کر اسے موت کے گھاٹ اتار دیتی ہے اور ڈاکٹروں کا اس کی موت کے متعلق نامعلوم ہونا جیسے جیسے علاج کیا جاتا ہے ویسے ویسے تکلیف بڑھتی رہتی ہے؟

(13) بند گھر یا دکان میں خون کے چھینٹے پڑنا جب کہ اندر کوئی بھی داخل نہیں ہو سکتا؟

(14) میاں بیوی کا اچھا بھلا سلوک ایک دم نفرت سے بھرتا ہوا علیحدگی تک جا پہنچتا ہے جس کی واضح وجہ کوئی بھی سامنے نہیں آتی؟

(15) ایک دم ایسی بیماری کے گھیرے میں آجانا جس کا کوئی بھی موضوع علاج نہیں ملتا اور اس کے علاوہ ایسے کئی نشانات اس دنیا میں رہنے والے افراد کی زندگیوں میں جاتے ہیں جن کا اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو پھر سوائے پچھتاوے کے کچھ بھی ہاتھ نہیں آتا؟

عملیات و تعویذ گنڈے دین اسلام کا بالکل حصہ نہیں ہیں؟

میرے علم کے مطابق تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ تعویذ دھاگے یا کوئی عملیات اور اس سے متعلق تمام طریقہ کار دین اسلام کا بالکل حصہ نہیں اور نہ ہی کسی بھی اولیاء اللہ کا بتایا ہوا علم ہے بلکہ یہ علم ایک اصول اور فارمولے کا محتاج ہوتا ہے جس سے دنیاوی کسی بھی مقصد میں کامیاب ہوا جا سکتا ہے جیسے دنیاوی کاموں میں سائنس نے حیرت انگیز ایجادات کر کے ترقی کی ہے بالکل اسی طرح فن عملیات ہے جس میں موقع کی مناسبت سے کوئی عمل یا نقش وغیرہ تحریر کیا جاتا ہے۔ اور اس کو ٹھیک طور پر کرنے والا عامل کہلاتا ہے جیسے کسی سائنسی بنیاد پر کوئی چیز ایجاد کرنے والا سائنسدان کہلاتا ہے اور اپنی ضرورت کا دنیاوی مقصد حاصل کرنے اس کے اصول و طریقہ کار سے کرتے ہوئے وہ کسی بھی متعلقہ کام میں کامیاب ہو جاتا ہے اور بعض اوقات ناکام ہو جاتا ہے یعنی عامل سے بڑا ایک کامل بھی ہوتا ہے۔ جو عام دین سے لے کر دنیا تک اپنے فن میں مکمل ہونے کی حیثیت سے کسی بھی دینی و دنیاوی کام کو فوری پورا کرنے میں ماہر ہوتا ہے یعنی کہ عملیات یا نقش کی طرح کسی دنیاوی مواد کا محتاج نہیں ہوتا اور نہ ہی کسی نقش یا فارمولے کا کیونکہ ایک مرد کامل تو بے شک ایسا ہرگز نہیں بلکہ ایسا ولی کامل تو اپنی ایک ادنیٰ سی نظر سے ہزاروں عاملین کے نقش الٹ سکتا ہے اور ہزاروں عاملین مل کر بھی اس ایک کامل کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے ولی کامل بننے کے مختلف طریقہ کار ہیں لیکن ایک مشکل [illegible] ہوتا ہے یعنی ولی اللہ پیدائشی طور پر ایسا ہی ہوتا ہے جیسا کہ اللہ چاہتا ہے اور وہ اپنی پیدائش سے آخرت تک بالکل ایک ہی سیدھی اور نیکی کی راہ پر چلتا رہتا ہے اور دنیاوی انسانوں سے کنارہ کش رہنا پسند کرتا ہے تاکہ ان کی عبادت میں کوئی خلل واقع نہ ہو اور حضرت سلطان باہو کے ایک شعر کے مطابق ان کی حالت اس طرح ہوتی ہے (دل یار دا پیغام ہو) یعنی کہ ایک شعر کا آخری فقرہ اس کے عامل اور کامل میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے اس بات کی مختصر تشریح اس لئے کی گئی ہے تاکہ واضح فرق بیان ہو سکے کہ قرآن و حدیث سے لے کر کسی بھی اولیاء اللہ کا بتایا ہوا علم عملیات یا نقش نہیں ہیں جو علم کہ ہے۔ جس میں موقع کی مناسبت سے کوئی عمل یا نقش کیا جاتا ہے جو بعض اوقات پورا ہو جاتا ہے اور بعض اوقات بالکل نہیں۔

جادو جھوٹ اور وہم نہیں

اس دنیا میں اب بھی ایسے پڑھے لکھے افراد موجود ہیں جو جادو ٹونہ آسیب جن یا کسی بھی غیر انسانی مخلوق کا تصور کرنا من گھڑت کہانی سمجھتے ہیں اور اسے فضول سا موضوع سمجھ کر اس پر بات کرنا بھی پسند نہیں کرتے اور اگر کوئی جادو میں مبتلا فرد ان کو اپنی روداد سنائے تو یہ اسے سمجھانے کی بجائے الٹا اس فرد کا مذاق اڑاتے ہیں جب کہ ایسا بالکل نہیں ہونا چاہئے ایسا اس فرد کے ساتھ کرنا بنتا ہے جو جادو اور ارواح خبیثہ کی حقیقت کو نہ جانتے ہوئے خود کو ان سے منسوب کرے یا اپنی جسمانی بیماری کو کسی جادو ٹونے کا نام دے میرے پاس اس بات کے کئی ثبوت موجود ہیں کہ جادو بالکل برحق ہے اور کسی پر بھی یہ ہو سکتا ہے۔ اس کی سب سے بڑی مثال ہم سب کی زندگی میں حضور نبی کریم ﷺ کی مثال ہے کہ ان پر بھی جادو کیا گیا تھا اور اس کے اثرات سے آپ ﷺ بھی متاثر ہوئے سرکار مدینہ ﷺ پر کئے گئے جادو کا ایک نمونہ پیش ہے کہ جب ان کو دفینہ ملا تو یہ ایک موم کا پتلہ اور اس میں سوئیاں چبھوئی ہوئی تھیں جس سے سرکار دو عالم ﷺ کے جسم میں درد تھی آج لوگوں کے گھروں میں خون کے چھینٹے پڑتے ہیں اور چھینٹے لگانے والا نظر نہیں آتا انسان کو ایسی بیماری لگ جاتی ہے جس سے ڈاکٹر و حکیم پریشان ہوتے ہوئے اس مرض کو لا علاج ٹھہراتے ہیں اور پھر یہی شخص دم جھاڑوں سے بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے اور اسے آرام و سکون مل جاتا ہے کسی کا اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار بالکل ہی بند ہو جاتا ہے اور کوئی بھی واضح وجہ سامنے نہیں آتی اس طرح کی کئی اور مثالیں اس دنیا میں اب بھی موجود ہیں اور روز بروز ان میں اضافہ اور ترقی ہو رہی ہے۔ اور لوگ زیادہ سے زیادہ پریشان رہتے ہیں جیسے سب کچھ جادو کی بنیاد پر کیا جاتا ہے اسی طرح اس کا علاج بھی آیات الٰہی، یا کسی بھی کلام کے ماتحت مخلوق اس کو دور کرنے اور اس کا توڑ کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اور کوئی بھی دنیاوی دوائی یا ڈاکٹری نسخہ اثر نہیں کرتا میں اب تک کئی ڈاکٹر حضرات کا روحانی علاج آیات الٰہی سے کر چکا ہوں اور کر رہا ہوں اسی طرح اس فن میں مہارت حاصل کرنے کیلئے زیادہ سے زیادہ محنت کی جائے اور اللہ کی جانب رجوع کیا جائے تاکہ اللہ تعالیٰ کا کامل قرب حاصل ہو اور انسان اس دنیا میں دکھی عوام کی مدد بذریعہ کلام اللہ کرتا رہے۔ اس کتاب میں جو طریقہ کار درج ہیں یہ سب ہی

مجرب المجرب ہیں اور جادو کے دفعیہ کیلئے نہایت ہی پرتاثیر ہیں اس لئے جو کوئی بھی فرد اپنا علاج خود کرنا چاہے یا کسی دوسرے انسان کی مدد کرنی چاہے تو وہ جیسے اس کتاب میں طریقہ کار لکھے ہوئے ہیں ان سب کو آزمائے اور خود دیکھ لے کہ یہ اعمل ونقوش سینوں کے کن رازوں سے متعلق ہیں۔ کیونکہ جادو ٹونہ آسیب جنات اور دیگر مخفی مخلوقات کوئی جھوٹ یا وہم نہیں ہیں۔ بلکہ ان کے اندر ایک صداقت موجود ہیں جس کو آج اس مادی دور میں جھوٹ بنایا جا رہا ہے۔ جس سے روحانیت کا سلسلہ بری طرح متاثر ہو رہا ہے اور جگہ جگہ روحانیت رکھنے والے بابے اپنا ڈیرہ ڈال کر بیٹھ گئے ہیں اور لوگ اللہ کی بنائی قسمت کو صحیح نہ سمجھتے ہوئے جادو تصور کر کے ان سے اپنا روحانی علاج کرواتے ہیں اور نتیجہ پہلے کی طرح زیرو ہی نکلتا ہے اس کی سب سے بڑی وجہ یہی ہے کہ جادو تب ہی کلام الہٰی ومختلف روحانی طریقہ کار سے باطل ہوگا۔ جب جادو کروایا یا کسی نے کیا ہوگا۔ جب جادو ہی نہیں ہوگا۔ تو (باطل) کیا؟ اب اسی بات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے جاہل عامل معصوم عوام کو بیوقوف بناتے ہیں اور ان کے اپنوں کے نام ان کی زبان سے سن کر حساب لگا کر وہی نام ان کو بتا کر خوش کرتے ہیں کہ اس آدمی یا عورت نے تم پر جادو کیا ہوا ہے۔ جب کہ سوال کرنے والا تو وہی نام بتائے گا جن کو وہ جانتا ہوگا۔ اور دنیا میں ایسا کون خوش نصیب شخص ہوگا۔ جس سے ساتھ کوئی بغض و عداوت نہیں رکھتا ہوگا۔ یا گھریلو جھگڑے نہیں ہوتے ہونگے جب ایسے افراد ان عاملان سے اپنا حساب لگواتے ہیں تو وہ ان سے پوچھتے ہیں کہ جن سے تمہاری نہیں بنتی ان کے نام بتاؤ تو عامل صاحبان انہی ناموں میں سے کسی کا بھی نام یا کئی نام بتاتے ہیں کہ فلاں نے تم پر جادو کیا ہے۔ اور حساب لگوانے والا فرد اس بات کو پتھر پر لکیر سمجھتے ہوئے اس شخص کا دشمن بن جاتا ہے اور یہ سلسلہ چلتا ہوا قتل وغارت اور صحیح دشمنی پر ساری زندگی چلتا رہتا ہے اور عامل صاحب کی جیب گرم ہوتی رہتی ہے۔ بعض حالات میں جادو ٹونے کا خاتمہ ہوتے ہوئے کئی عرصہ بھی لگ جاتا ہے کیونکہ کالے علم میں بہت زیادہ مہارت رکھنے والے عاملین ایسے کئی نسخہ جات کو جانتے ہیں جس سے کسی کی بھی زندگی کا فیصلہ وہ کرتے ہیں اور اسے دنیاوی مصائب میں گرفتار کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی زندگی بھی آہستہ آہستہ ختم کر دیتے ہیں جیسے سیدھے الفاظ میں رضائے الہٰی کے آگے سر اٹھانا اور ایک قسم کا قتل کر دینا ہوتا ہے۔

آغاز وابتداء جادو

میرے نزدیک جادو سکھانے کے طریقہ کار اور اس کے ذریعے سے پیدا ہونے والے تمام نقصان دہ اثرات کے موجد ہاروت وماروت ہیں جن کا ذکر سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر ایک سو دو میں ہے۔ کہ وہ لوگوں کو کچھ نہیں سکھاتے تھے جب تک یہ نہ کہہ دیں کہ ہم تو ذریعہ آزمائش ہیں یہ اسی سورۃ کی ایک آیت کا ترجمہ ہے۔ جس کیلئے میں نے شروع میں (میرے نزدیک) کا لفظ استعمال کیا ہے۔ یعنی ہاروت وماروت کا ذریعہ آزمائش بننا اس طرح تھا کہ ان دو فرشتوں کا اس دنیا میں آنا ایک خاص مشن کے تحت تھا کیونکہ اس وقت کے لوگ نبی علیہ السلام اور جادوگر میں کوئی واضح فرق محسوس کرنے کا شعور نہیں رکھتے تھے اور ان کا ایک ہی مقصد تھا کہ دنیا کے لوگوں کو جادوگروں کے کسبی علم اور نبی علیہ السلام کے معجزات میں واضح فرق کے منفی ومثبت اثرات سے دوچار کر سکیں کیونکہ ان وقتوں میں جو معجزہ نبیؑ دکھاتے اس کا مقابلہ کرنے کیلئے جادوگر اپنا فن پیش کرتے جس سے دوسرے لوگوں کے ذھنوں میں انتشار پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ وہ نبیؑ کے کام کو بھی جادو یا شعبدہ بازی تصور کرتے تھے جادو اور معجزے کے واضح فرق کو دکھانے کیلئے ان دو فرشتوں نے دوسرے لوگوں میں تمیز پیدا کرنے کیلئے ایک مشن کا آغاز کیا کیونکہ اصل میں ان دو فرشتوں کا تعلق مقام سفلیہ سے تھا۔ جو جادو کے بہت زبردست ماہر تھے اور دنیاوی ہر کام کو جادو کے ذریعے بخوبی انجام دیتے تھے اور لوگوں کو اپنے کرشمے دکھاتے تھے جس سے دوسرے افراد ان سے متاثر ہو کر ان کے مرید بن گئے اور ان سے اس کام کو سیکھنے کا اصرار کرنے لگے پھر جب اللہ کی طرف سے انہیں سزا ملی تو میرے نزدیک ان کا یہی عمل ہو سکتا ہے جیسا کہ اپنے جادوئی علم کو دوسرے لوگوں کو سکھانا اور دنیاوی چیزوں کی مدد سے حب وبغض کے عملیات کرنا جس سے فوراً ہی اثر پذیر ہوتے ہوئے سمجھ نہ آتی اور کام فوراً ہو جاتا پھر اسی سورۃ کی ایک آیت کا ترجمہ یہ بھی ہے کہ لوگ ان (ہاروت وماروت) سے ایسا جادو سیکھتے جس سے یہ دو میاں بیوی میں جدائی کروا دیتے اب اس آیت کا ترجمہ غور سے سمجھئے کہ قرآن میں اس بات کی گواہی ہے کہ وہ اتنے جادو کے فن میں ضرور مہارت رکھتے تھے جو ہنستے بستے میاں بیوی کی زندگی کو جہنم بنا کر ان کی آپس میں جدائی کروا دیتے اب اسی کی تشریح اگر کی جائے تو جادو کی

ایسی بہت سی مثالوں سے دنیا بھری پڑی ہے یعنی جادو کے اثر میں اتنی کشش ہوتی ہے اور ہے اور جو فرد موقع کی مناسبت سے جس قسم کا بھی جادو کرتا ہے وہ اپنا اثر ضرور دکھاتا ہے لیکن آج اس مادی دور میں بھی نام تو جادو کا استعمال کیا جاتا ہے اور اندر سے کام کوئی اور ہی ہو رہا ہوتا ہے درویشوں اور فقیروں کے چولے پہن کر کئی افراد دوسرے افراد کو بیوقوف بناتے ہیں اور کئی اپنے اس فن کی شہرت کیلئے داڑھی مونچھ بھی نہیں رکھتے تاکہ دوسرے لوگ یہی سمجھیں کہ یہ بڑا زبردست جادو کا ماہر ہے۔ اور ہمارا کام ہو جائیگا۔ لیکن وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ پھر افسوس ہی باقی رہتا ہے اور کچھ ہاتھ نہیں آتا کیونکہ جو فرد جادوگر کے پاس جاتا ہے اس کو مکمل یقین اس بات کا ہوتا ہے کہ یہ جادوگر میرا یہ فلاں کام ضرور کر دیگا۔ اور جب سب کچھ کر کے جادو کیا بھی جاتا ہے تو اس کا ایک رتی بھی اثر واقع نہیں ہوتا یہ کیا ہے؟ یہ جاہل عامل اپنے آپ کو دوسروں لوگوں کی نظروں میں اپنی بڑائی پیش کرنے کیلئے اور اپنی کرامت کو دکھانے بغیر صرف سناتے ہیں کہ ہم نے فلاں کر دیا اور ڈھمکاں کر دیا جس کا حاصل وصول کچھ بھی نہیں ہوتا کیونکہ جادو اور اس قسم کے کام صرف ایسے افراد ہی کر سکتے ہیں جو پیدائشی طور پر مسلمان نہ ہوں جو فرد بھی غیر مسلم ہوگا اور اس فن سے لگاؤ رکھتا ہوگا تو اسے ضرور کچھ نہ کچھ ایسی جادوئی کلام یا طریقہ کار پتہ ہونگے جس سے وہ خود [illegible] اور اگر کوئی مسلمان اس کالے جادو کو سیکھے تو اس کے راستے میں کئی ایسی مشکلات اور پریشانیاں آئینگی جس سے یا تو وہ اس کام کو چھوڑ دیگا یا وہ اس دنیا سے بالکل ہی علیحدہ ہو جائیگا ان تمام اقسام میں نقصان صرف اسی کو پہنچتا ہے جو نبی ﷺ کا امتی ہے۔ کیونکہ پیدائش ہونے کے ساتھ اس کے کان میں اذان کا اثر مرنے تک اسے اس بات کی یاد دلاتا ہے کہ میں سچے نبی ﷺ کا امتی ہوں اور اللہ وحدہ لاشریک ایک لازوال ہستی ہے۔ جو تمام کائنات کا مالک اور اسے بنانے سے لیکر مٹانے والا ہے۔ اسی بات کے بالکل برعکس عیسائی، ہندو، نصرانی، یہودی، یا کسی بھی غیر مذہب سے تعلق رکھنے والے افراد پیدائش کے وقت کانوں میں کسی بھی قسم کی کوئی اذان یا کوئی اللہ کا دین نہیں بتاتے اور نہ ہی انہیں اس بات کا بھی اندازہ ہوتا ہے کہ مسلمان کیا ہے؟ اور اس کی روحانی طاقت کتنی ہے اس لئے وہ اپنے جنتر منتر کو باقاعدگی سے سیکھتے ہیں اور اس کے عوض میں پیدا ہونے والی طاقت کے عامل بن جاتے ہیں۔

جادو کے تکلیف دہ اثرات

جادو کسی بھی نقش یا تعویذ کے ذریعے نہیں ہوتا اور نہ ہی اس فن کے ماہر ایسا کرتے ہیں اور نہ ہی کسی کو نقصان سے دوچار کرنے کیلئے جادوگر افراد کسی تعویذ یا نقش کا سہارا لیتے ہیں ان کے طریقہ کار ہی ایسے ہوتے ہیں کہ سننے والا حیرت ظاہر کرتا ہے کہ بتانے والا کیا بتا رہا ہے جب کہ وہ سب کچھ سچ بیان کر رہا ہوتا ہے۔ مثلاً اگر کسی جادوگر نے حب کا عمل کرنا ہو تو وہ ہرگز کسی عورت کے دل میں پیار و محبت ڈالنے کیلئے یا کسی مرد کے دل میں عورت کا پیار ڈالنے کیلئے کسی بھی نقش یا تعویذ کا سہارا نہیں لیتا بلکہ ایسا عمل دونوں میں سے کسی ایک کے کرنے والا بتاتا ہے جس کو سن کر ایک مرتبہ مسلمان کا دل ہل جاتا ہے پھر اپنی ضرورت کے پیش نظر عمل کر کے کامیابی تین دنوں کے اندر حاصل کی جاتی ہے۔ اور اس گندے و غلیظ عمل کے اثر سے کوئی بھی محفوظ نہیں رہ سکتا اصل میں جادو اسی کا نام ہے جو دوسروں کو پریشان اور نقصان سے دوچار کرے اسی طرح اگر جادوگر نے کسی کی دکان کو باندھنا ہو قوت مردی کو باندھنا ہو کسی عورت کی کوکھ کو باندھنا ہو کسی عورت کا بلاوجہ خون چھڑوانا ہو یا کوئی بھی کام کرنا ہو تو وہ کسی بھی نقش یا تعویذ سے کام نہیں لیتا اور جس طریقے سے وہ جادو کا عمل کر کے اپنے مقصد کا تصور باندھتا ہے تو اس کے اثرات ضرور اثر انداز ہوتے ہیں۔ اس کا شاہد میں خود ہوں اسی حوالے سے میں موضوع کی تشریح کر کے ان تمام افراد کو کھول کر بتاؤں گا۔ کہ جادوگر کس کام کیلئے کس جادو کو کرتا ہے۔ اور بار بار کرتا ہے اور کسی نقش کو ہرگز ہرگز استعمال نہیں کرتا کیونکہ اس کے علوم کی بنیاد سفلی علم پر ہوتی ہے جو حکم کے ماتحت ہونے کے ساتھ دنیاوی کسی بھی نوعیت کے کام کو اسی وقت کر دیتے ہیں کیونکہ انہوں نے اپنی جان کو عذاب میں مبتلا کر کے اس فن پر عبور حاصل کیا ہوتا ہے۔ لیکن اس کا مقصد یہ نہیں کہ ہمیشہ ہی ان کی کامیابی ہوتی ہے بلکہ کئی مرتبہ انہیں سخت ناکامی بھی ہوتی ہے جس سے وہ پھر نئے راستے نکالتے ہیں۔ کیونکہ علم کوئی بھی ہو اس کی مثال ایک گہرے سمندر کی طرح ہے۔ جس کی انتہا مشکل سے ہوتی ہے۔ اور اس فن کو سیکھنے والے انسان کی زندگی ایک پانی کا بلبلہ جس کا کچھ بھی پتہ نہیں کیا سے کیا ہو جائے اس علم کے سمندر کے چند قطرے ملنے پر اتنا کچھ ہو جاتا ہے تو سمندر کو سر کرنے والا بے شک پیر کامل ہی ہوتا ہے۔

جادو کے ذریعے عمل حب

مثال کے طور پر اگر کوئی بیوی اپنے مرد کو اپنے قابو میں کرنا چاہے یا کوئی مرد اپنی بیوی کو قابو میں کرنا چاہے یا کوئی دو پیار کرنے والے اپنے درمیان حائل رکاوٹوں کا خاتمہ کرنا چاہتے ہوں تو جادو کی بنیاد پر جس عمل کو کیا جائیگا۔ یہ غور سے پڑھئے اس عمل کیلئے بھی کوئی نقش یا تعویذ استعمال نہیں کیا جاتا اور نہ ہی کوئی ایسا وظیفہ بتایا جاتا ہے جس کو کرنے پر اس معاملے میں کسی کو کامیابی ملے بلکہ وہ اپنے جادو کے طور پر اس عورت کو ایسا عمل بتاتا ہے جس سے اس کے اندازے اور تجربے کے مطابق شوہر مطیع و فرمانبردار ہو یا کوئی غیر مرد بھی غیر عورت کی تسخیر کر سکے جو عمل عورت کو بتایا جاتا ہے اس کی بنیاد پہ اس طرح سے ہوتی ہے کہ جب تمہارے مخصوص دن آئیں تو اس غلیظ خون کو گوشت میں ڈال کر کھلاؤ اس کے کھاتے ہی اس کا شوہر یا کوئی بھی غیر مرد اس کا دیوانہ بن جائیگا اگر دیوانہ نہیں ہوگا تو پاگل ضرور بن جائیگا اپنے مقصد کی چاہت میں وہ عورت کچھ سوچے سمجھے بغیر اس عمل کو کرتی ہے اور جو نتیجہ نکلتا ہے اس کا بھی اسے معلوم ہوتا ہے اسی طرح اگر کوئی مرد ہو تو اس کو مادہ سفید سے متعلق عملیات بتائے جاتے ہیں جس سے وہ کسی بھی عورت کو کھلا کر اپنے قابو میں کر سکتے ان افراد کے نزدیک ان اعمال سے حب پیدا ہوتی ہے اور ان عملیات کے توڑ بھی بہت مشکل سے ہوتے ہیں۔ اب خود دیکھئے کہ کیسے طریقہ کار سے پیار و محبت قائم کی جا رہی ہے اور ایسا ہمارے معاشرے میں ہو رہا ہے۔ اسی طرح کوئی بھی کام ہو جادوگر افراد اس طرح کے عامل ہرگز تعویذ دھاگے استعمال نہیں کرتے بلکہ اس قسم کے کئی اور عملیات موقع کی مناسبت سے بتاتے ہیں اور جو افراد ان کے کہنے پر عمل کرتے ہیں وہی اس کے اثرات بتا سکتے ہیں اسی طرح اگر کوئی عورت کسی غیر مرد کو اپنا تابعدار بنانا چاہے تو جادو کے طور پر عمل کچھ اس قسم کا ہوتا ہے جب عورت اس غیر مرد سے ہم بستری کرے تو بعد فراغت کے اسی وقت تھوڑا سا گڑ اپنی شرمگاہ میں ڈال کر گھسائے اور اسے بعد میں اسی مرد کو کھلا دے جس سے ہمبستری کی ہے اس گڑ کے کھاتے ہی وہ مرد نا چاہتے ہوئے بھی اس عورت کی تسخیر میں با آسانی آجائیگا اسی طرح کے اور بہت سے جادوئی اعمال ہیں جو ہمارے اس معاشرے میں کثرت سے ہو رہے ہیں بعض حالات میں کامیاب اور بعض حالات میں ناکامیاب۔

جادو کے ذریعے کاروبار باندھنا

اسی طرح اگر کوئی کسی دکان کو باندھنا ہو یا رزق بند کرنا ہو یا کسی کو بھی اذیت میں مبتلا کرنا ہو تو تب بھی کسی نقش یا تعویذ کا استعمال نہیں ہوتا بلکہ مردار اور حرام جانوروں کی ہڈیوں پر جنتر منتر دم کر کے دبائے جاتے ہیں جس سے کاروبار فوراً متاثر ہو کر فنا و برباد ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اور بہت سے اس قسم کے عملیات کئے جاتے ہیں جس کی بنیاد پر کسی کو بھی جادو کی لپیٹ میں لایا جا سکے اور اسے اذیت کا نشانہ بنایا جائے۔ ان اعمال کے حل بہت مشکل سے ملتے ہیں اور نقصان پر نقصان ہوتے چلے جاتے ہیں۔ یا الو کے خون سے لکھے نقوش کو دکان کی چوکھٹ میں دبایا جاتا ہے یا دکان کے اندر روزن کے نیچے رکھا جاتا ہے ان تمام طریقہ کار سے کاروبار فوراً ہی بند ہو جاتا ہے اور کوئی بھی خاص وجہ نظر نہیں آتی۔ اسی طرح اور بہت سے دنیاوی کاموں میں رکاوٹیں اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو زیادہ سے زیادہ پریشان کرنے کیلئے مختلف قسم کے جادوئی اعمال کئے جاتے ہیں جس سے فوراً متاثر ہوتے ہوئے کوئی بھی شخص مغلوب ہو کر ہلاکت کا نشانہ بن جاتا ہے یا جیتے جی ان کا شمار نہ مردوں میں ہوتا ہے اور نہ ہی زندوں میں جب تک اس کا صحیح حل یا توڑ نہ کیا جائے تب تک اس کا اثر زائل نہیں ہوتا اور کسی بھی معمولی مثبت قسم کے عمل کا اثر نہیں ہوتا اور نہ ہی کتابوں سے دیکھ کر اس کے توڑ ملتے ہیں جب تک کہ کوئی خود زبردست قسم کا عامل نہ ہو اور نہ ہی اس کا توڑ ایسے ہوتا ہے کہ کسی عملیاتی کتاب سے دیکھ کر کوئی نقش یا تعویذ لکھ کر دیا جائے تو ایسے عملیات بھی اپنا اثر نہیں دکھاتے بلکہ کوئی نہ کوئی فرد کسی کلام کا عامل ضرور ہوتا ہے۔ اور اپنے علم کی بنیاد پر ایسے اعمال کرتا ہے جس سے کوئی بھی دکھوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہو سکے جس طرح کوئی کسی عزیمت یا ہندی کلام کا ماہر ہو اور اپنے علم کے زور پر ایسے اعمال کرے تو اس کے توڑ کیلئے بھی کسی کو آیت الٰہی، اسم اعظم، یا کسی سورۃ کا عامل بننا پڑیگا۔ تاکہ اس کی کلام کی کاٹ ہو اس تمام سلسلے کا سارا دارومدار جنتر منتر پر ہوتا ہے۔ جو کسی بھی انسان کو زیادہ سے زیادہ پریشان کر سکتے ہیں کیونکہ مختلف طریقہ کار کے حوالے سے مختلف قسم کے کام ہوتے ہیں جن کی مختلف کلام ہوتی ہے جس سے عامل اپنے مقصد کا تصور باندھ کر کوئی بھی دنیاوی کام کو کر سکتا ہے اور زیادہ سے زیادہ کسی کو پریشان کر سکتا ہے۔

جادو کے ذریعے نکاح بندی

ہمارے معاشرے میں کئی ایسے عامل ہیں جو غیر عربی کلام کے ماہر ہوتے ہیں اس کے اثرات سے کسی کنواری لڑکی کا نکاح باندھ دیتے ہیں جس سے رشتے تو آتے رہتے ہیں لیکن کہیں بات نہیں بنتی اور جب تک اس کا توڑ یا اپاؤنہ کیا جائے تب تک وہ لڑکی کنواری ہی رہتی ہے اسی طرح اگر کوئی شادی شدہ عورت ہو تو اس پر بھی اس قسم کا کوئی عمل کر کے اس کے خاوند کو بدزبان کیا جاتا ہے۔ جس سے اس عورت کی ہر وقت اپنے شوہر سے لڑائی ہوتی رہتی ہے۔ اور کوئی صحیح وجہ سامنے نہیں آتی بس اس عورت کا دل یہی چاہتا ہے کہ وہ اپنے خاوند سے علیحدگی اختیار کرلے اس کا بھی اگر صحیح توڑ نہ کیا جائے تو زن و شوہر کی آپس میں علیحدگی کا باعث طلاق بن جاتی ہے۔ اور ایک بستا بستا گھر دیکھتے ہی دیکھتے اجڑ جاتا ہے۔ اسی طرح کسی کنوارے لڑکے کا نکاح باندھ دیا جاتا ہے اور اس کا رشتے دیکھنے پر بھی پسند نہیں آتے اور لڑکا کنوارہ ہی رہ جاتا ہے غرض کہ ان تمام قسم کی قباحتوں سے محفوظ رہنے اور اس کا توڑ کر کے اپنے مقصد میں کامیاب ہونے کیلئے انتھک قسم کی محنت کرنا پڑتی ہے اور اللہ اپنی مدد سے کوئی ایسا حل نکال دیتا ہے جس سے اس جادوگر یا عامل کا منہ کالا اور اللہ کے ماننے والوں کی جیت ہوتی ہے۔ اس لئے کتاب میں جو بھی اعمال درج ہونگے اس پر عمل کرنے کیلئے لازم ہے کہ محنت کی جائے اور اپنی تکالیف کو دور کرنے کیلئے اپنی مدد آپ کے تحت کامیاب ہوں اس کتاب میں خاص طور پر مصنف کتب پیر السید علی حسین شاہ کی ہر انسان کو اجازت ہے جو پاکی و پلیدی کا سلسلہ امتیاز رکھتے ہوئے اللہ کے ہر حکم کا تابع ہے اور اس ذات کے نام پر اپنا سر پیش کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے نا کہ ایسے افراد کو اجازت ہے جو اس کو سیکھ کر خلق خدا کو زیادہ سے زیادہ لوٹیں اور ان کی عزت کا ناجائز مذاق اڑائیں کتاب میں سے مستفیض ہونے اور اس کی عاملیت کو دیکھنے اور آزمانے کیلئے اپنی نیت میں اس کا کمال پیدا کریں اور خود جس طریقے سے مرضی کسی بھی عمل یا نقش کا اثر خود دیکھ لیں اور اگر نیت میں کھوٹ ہوگا تو پھر اعمال و نقوش بھی بدنیت بن کر سامنے آئینگے۔ اس بات کو ہر کوئی ذہن نشین کرلے کہ خواہ کوئی عمل ہو یا تعویذ و نقش اس کا بیکار اور اس کے اندر طاقت انسان خود اپنی صلاحیت سے پیدا کرتا ہے کیونکہ یہ بھی ایک قسم کا دنیاوی نسخہ ہوتا ہے۔

اقسام نوری جادو

اب تک لاکھوں افراد کو اسی بات کا پتہ ہے کہ جادو بہت بری چیز ہے اور جو افراد اس کو سیکھتے ہیں وہ اس کے ذریعے دوسرے انسانوں کو پریشان کرتے ہوئے انہیں اذیت میں بھی مبتلا کرتے ہیں اس لئے ایسا ذھن رکھنے والے افراد کو اس بات کو نہیں بھولنا چاہئے کہ جادو جس کلام سے تسخیر میں آتا ہے وہ ہندی، فرنچ، انگلش، یا کسی بھی غیر عربی کلام میں ہوتا ہے یعنی اس کلام کا تعلق عربی زبان سے نہیں ہوتا اور جو افراد عربی زبان کو بھی جادو کرنے میں استعمال کرتے ہیں وہ بھی اسے سیدھی طرح نہیں پڑھتے بلکہ کسی بھی اللہ کی کلام کو الٹا پڑھتے ہیں اور اپنے مقصد کو کامیاب کرنے کا ایک یہی وسیلہ سمجھتے ہیں۔ اور عربی کو الٹا پڑھ کر اس کا عامل بننے کے بعد دوسرے افراد کو زیادہ سے زیادہ پریشان کرتے ہیں اس لئے تمام افراد اس بات کو بھی ضرور یاد رکھیں کہ بے شک جادو اللہ کی کلام نہیں ہے۔ اور نہ ہی اللہ کی ذات کا ایسے افراد سے کوئی تعلق ہے جو اس کی مخلوق کو پریشان کرتے ہیں لیکن ہم میں بعض ایسے افراد ضرور شامل ہیں جو ایسا کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے اور اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے اللہ کی پاک اور سچی کلام کو الٹا پڑھنے سے بھی گریز نہیں کرتے اور بے شک اللہ انہیں سزا اور عذاب ضرور دیگا۔ اسی طرح بعض ایسے عامل ہیں جو قرآن مجید کی سورتوں کو الٹا نہیں پڑھتے بلکہ قرآن کی کلام کو اسی طرح پڑھتے ہیں اور عمل کی مناسبت سے طریقہ کچھ اس طرح کار رکھتے ہیں جس سے دشمن کو سخت سے سخت سزا مہیا کی جاسکے اسی طرح اللہ کی کلام کے ذریعے بغض و عداوت کے اعمال کرنے کو نوری جادو کا نام دیا جاتا ہے۔ جس میں اسم اعظم، قرآن مجید کی سورۃ یا کسی آیات کا استعمال کیا جائے اور اس کا تعلق زبان بندی، اعمال ہلاکت، دشمن اور بغض و عداوت پر مبنی ہوتے ہیں۔ یا انہی سورتوں سے اخذ کئے ہوئے نقوش ہوتے ہیں جن کو موقع کی مناسبت سے درج کر کے متعلقہ جگہ دفن کرنے سے اس کا اثر آتا ہے لیکن جو اللہ کا خاص بندہ ہے اسے اس قسم کے اعمال کرنے کی کوئی حاجت نہیں رہتی بلکہ اللہ اس فرد کو ضرور عذاب دیتا ہے۔ جو اللہ کے اس نیک بندے کی طرف اپنی نگاہ کو برا رکھتا ہے اس لئے نوری اعمال میں اس قسم کے اعمال بھی درج ہوتے ہیں جو دشمنوں کی زبان بند کرسکتے ہیں اور اس کی جان بھی لے سکتے ہیں۔

سورۃ یٰسین سے رزق باندھنا

دنیا میں تقریباً سبھی مسلمان جانتے ہیں کہ سورۃ یٰسین شریف قرآن مجید کا دل ہے اور بہت جلیل القدر سورۃ شریف ہے۔ اور باعث رحمت کیلئے اس کا ورد کرنا سو فیصدی اللہ کا قرب حاصل کرنا ہے۔ لیکن بغض و عداوت کی بنیاد پر کئے جانے والے اعمال میں یہ سورۃ رحمت کی بجائے زحمت کی شکل میں دشمن کو نیست و نابود کرنے کی بھی طاقت رکھتی ہے۔ اور بغض و عداوت والے اعمال میں بھی اور بہت سے عامل حضرات اس سورۃ اور دیگر سورۃ شریف کو مختلف حوالہ جات سے اعمال کرتے ہیں اور کامیابی بھی حاصل کرتے ہیں مثلاً اگر کسی دشمن کا رزق باندھنا ہو اور اسے مصیبت میں مبتلا کرنا ہو جس سے وہ دن بدن نئی نئی پریشانیوں میں مبتلا ہو اور اس کو کوئی بھی حل نہ ملے تو عامل حضرات قبرستان کی مٹی کو آٹے کی طرح گوندھ کر سورۃ یٰسین کو چالیس مرتبہ اس پر دم کرتے ہیں اور دشمن کے گھر کے باہر اسے پیڑے کی شکل میں مارتے یا مرواتے ہیں۔ اس عمل کو کرنے کے بعد دشمن دن بدن اذیتوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اور اس کا رزق بندھ جاتا ہے اور اس کے کمائے ہوئے روپے پیسے کی برکت ختم ہو جاتی ہے۔ اسی طرح دشمن کو کسی اذیت یا بیماری میں مبتلا کرنے کیلئے اس کا موم کا پتلہ تیار کیا جاتا ہے۔ اور اس کے سوراخوں والی جگہ پر جن سوئیوں کو لگایا جاتا ہے وہ سورۃ الفیل کو دم کر کے لگائی جاتی ہیں اور اسے گرم جگہ یا قبرستان میں دبانے سے دشمن کسی ایسی بیماری میں مبتلا ہو جاتا ہے جس سے اس کا علاج ناممکن بن جاتا ہے اسی طرح اور کئی ایسے اعمال ہیں جس سے سورۃ شریف سے کام لیا جاتا ہے اور مقصد میں کامیابی حاصل کی جاتی ہے۔ اسی طرح اگر کسی دشمن کو برباد کرنا ہو اسے تکلیف میں مبتلا کرنا ہو اور اس کے ساتھ نہایت ہی ظالمانہ رویہ برتنا ہو تو ایک عدد بکرے کی کلیجی سامنے رکھ کر ببول کا ایک کانٹا منہ میں رکھ کر چالیس مرتبہ سورۃ تبت یدا کو بغیر بسم اللہ پڑھ کر اس کلیجی میں لگائے اس طرح کل چالیس ببول کے کانٹے کلیجی میں لگائے اور اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھے اور اسے قبرستان میں کسی بھی قبر میں دفن کر دے اس عمل کی بدولت دشمن چند دنوں میں ہلاکت کے گھاٹ اتر جائے گا۔ اس کا کاروبار تباہ و برباد ہو جائیگا وہ مالی ایسے حالات اور گردش میں مبتلا ہو جائیگا کہ کسی کی سمجھ میں اس کا مرض بھی نہیں آئے گا۔

نوری جادو کے توڑ

اگر کوئی فرد اپنے گھر یا دکان کے باہر کسی مٹی کے نشانات دیکھے اور وہ کسی سختی کی لپیٹ میں بھی آیا ہو یا گھر کے کسی کونے سے سورۃ لکھی ہوئی برآمد ہو (جیسے تعویذ لپیٹے جاتے ہیں) یا اس بات کا علم ہو جائے کہ دن بدن پستی میں جانے کی کوئی واضح وجہ سامنے نہ آ رہی ہو اور گھر سے کوئی مدفونہ شے بھی برآمد ہو جائے تو اس قسم کی تمام ملنے والی اشیاء کو ایک مٹی کے پیالے میں رکھ کر اس میں دریا کا پانی ڈالے اور اس پر باوضو حالت میں سورۃ فاتحہ سورۃ اخلاص سورۃ الفلق اور سورۃ والناس کو سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس پیالے کو ان اشیاء سمیت دم کر کے دریا یا نہر میں پیالے سمیت بہا دے اور گھر آ کر تازہ غسل کرے اور دو رکعت نفل اس عمل یا نقش کو باطل کرنے کی نیت سے ادا کرے نوری نقوش کو برے مقصد کی خاطر لکھے جانے پر اس کا اثر باطل ہو جائیگا۔ اور اگر گھر کے باہر مٹی کے نشانات پائے جائیں تو صندل کی ایک اتنی بڑی لکڑی کا ٹکڑا لے جس پر سورۃ الفاتحہ مکمل درج ہو سکے اسے ایک مٹی کے گھڑے میں ڈال دے اور اس میں تازہ پانی بھرے کم از کم اس لکڑی کو بارہ گھنٹے پانی میں رکھے اور اس پانی کے چھینٹے اس مٹی والے نشانات پر اسی لکڑی کو نکال کر مارے مٹی کے اثرات باطل ہونگے اور کوئی بھی دوبارہ سے اپنے کاروبار یا رزق میں فراخی محسوس کریگا۔ حتیٰ الامکان اگر کسی بھی قسم کا نورانی کلام سے کوئی منفی اثرات کا کام کیا ہو جیسے کسی کو سورۃ الکوثر، سورۃ الفیل، سورۃ تبت یدا، یا کسی بھی آیت کو پڑھ پڑھ کر مغلوب کیا ہو تو اوپر درج صندل والی لکڑی کو اسی طرح تیار کرے اور اسی طرح درج شدہ سورۃ کو پڑھ کر دم کرے اور مٹی کے پیالے میں رکھ کر پانی ڈال کر اس مریض کو اس کا پانی پلایا جائے اور انہی سورتوں کو زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھا جائے اور کاروباری مقام اور گھر کی چوکھٹ کے اوپر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر لگایا جائے نوری اعمال کو منفی طریقے سے استعمال کرنے والے کی طاقت زائل ہوگی اور جو کچھ پہلے سے اس کے منفی اثرات چھا چکیں ہونگے ان کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی فرد جادو جیسی قباحت میں مبتلا ہو تو وہ اس نقش کا سب سے پہلے عامل اس طرح بنے کہ روزانہ اس نقش کو بہتر مرتبہ زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے آٹے میں بند کر کے گولی بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈالے اس عمل کو اکتالیس دنوں تک کیا جائے پھر سب

سے آخری دن والا نقش کسی بھی جادو ٹونے کے باطل کیلئے تحریر کرے اللہ کے فضل سے شفاء ہر حال میں ہوگی۔ مثلاً اگر کوئی جادو ٹونے سایہ آسیب یا جناتی اعمال میں مبتلا ہو تو اس نقش کو تین عدد زعفران سے لکھے ایک کو مریض کے گلے میں پہنائے دوسرے کو پانی میں گھول کر صبح نہار منہ پلایا جائے اور تیسرے کو ایسی جگہ لٹکایا جائے جہاں اس کی ہر وقت نظر پڑتی ہو اس نقش کو اگر کاروباری مقام پر لگایا جائے تو باعث برکت کیلئے نہایت ہی پر اثر نقش مبارک ہے۔ اس نقش کو گھر میں لگانے سے گردش در کاوٹ کا خاتمہ ہوتا ہے۔

ونـنـزل مـن الـقـرآن
ما هو شفاء و رحمة للمومنين

ویشف	صدور	قوم	مؤمنین	وشفاء	ما	فی	الصدور	وهدی	ورحمۃ	للمومنین
صدور	قوم	مؤمنین	وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمۃ	للمومنین	وننزل
قوم	مؤمنین	وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمۃ	للمومنین	وننزل	من
مؤمنین	وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمۃ	للمومنین	وننزل	من	القرآن
وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمۃ	للمومنین	وننزل	من	القرآن	ماهو
لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمۃ	للمومنین	وننزل	من	قرآن	ماهو	شفاء
فی	الصدور	وهدی	ورحمۃ	للمومنین	وننزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمۃ
الصدور	وهدی	ورحمۃ	للمومنین	وننزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمۃ	للمومنین
وهدی	ورحمۃ	للمومنین	وننزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمۃ	للمومنین	فیہ
ورحمۃ	للمومنین	وننزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمۃ	للمومنین	فیہ	شفاء
للمومنین	وننزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمۃ	للمومنین	فیہ	شفاء	للناس

فيه شفاء للناس

الشافي الكافي المعافي

تعارف ارواح وجنات

ایسے تو کئی ہزاروں جنات اور ارواح اس کائنات میں موجود ہیں جو موقع کی مناسبت سے عامل حضرات اپنے تابع کر کے ان سے کام لیتے ہیں ان میں سے بعض اچھے اور بعض برے ہیں جس طرح انسان سب سے بڑا ظالم بھی ہو سکتا ہے اور سب سے بڑا مومن اور سخی بھی شر پسند بھی بالکل اسی طرح دنیا میں جتنے بھی مذاھب ہیں اسی طرح ان ارواح اور جنات کے بھی مذاھب ہیں کوئی ہندو ہے تو کوئی مسلمان کوئی یہودی ہے تو کوئی نصرانی غرض کے دنیا کے تمام مذاھب سے تعلق رکھنے والے جنات اور ارواح اپنے کرنے والے کاموں کو کرتے ہیں جس سے دنیاوی مقاصد پورے ہوتے ہیں۔ ان کو مسخر کرنے کیلئے مختلف عزیمات کی زکات ادا کی جاتی ہے۔ جس کے ماتحت یہ مخلوق ہوتی ہے اور مسخر ہونے کے بعد عامل ان سے کئی قسم کے کام لے سکتا ہے زیادہ تر عزیمت سے مسخر ہونے والی مخلوق انسانوں کو پریشان اور اذیت میں مبتلا کرتی ہے کسی اچھے بھلے چلتے ہوئے کاروبار کو یہ مخلوق باندھ دیتی ہے۔ کسی ہنستے بستے گھر کو برباد کر دیتی ہے۔ اور کئی قسم کے ایسے اعمال بھی یہ مخلوق کر جاتی ہے۔ جس پر کوئی صاحب علم فرد یقین نہیں کرتا اور اسے جھوٹ اور فریب کا نام دے کر اس موضوع کو بند کر دیتا ہے لیکن یہاں ایسے افراد کو ضرور یاد رکھنا چاہئے کہ جو کام اپنے بس کا نہ ہو اسے ناممکن نہیں سمجھنا چاہئے بلکہ جو کسی کا کام ہو وہ اپنے کام میں ماہر ہوتا ہے جیسے جہاز کی ایجاد میری نہیں ہے اور نہ ہی میں اسے بنا سکتا ہوں لیکن بنانے والے نے اسے بنا کر اڑا بھی دیا ہے اسی طرح جو عاملین اس سلسلے سے تعلق رکھتے ہیں یہ آبادیوں میں کم ہی نظر آتے ہیں اور اس بات کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے ایسے جاہل عامل کام کرتے ہیں اور ایسے ایسے حساب نکالتے ہیں جس سے اس تمام سلسلے کو فراڈ اور دھوکہ کہنا ہی مناسب رہیگا۔ اس کھیل کے تمام کھلاڑی اس مخلوق سے زبردست قسم کے کام لے سکتے ہیں اور ان کے عمل کے شکار افراد اس بات کی تصدیق کریں گے کہ واقعی ہمارے ساتھ ایسا ہوا ہے یا ہمارے ساتھ ہو رہا ہے اصل میں یہ مخلوق اللہ کی بنائی ہوئی ہے اور ان کے اندر طاقت اللہ کی بخشی ہوئی ہے۔ جیسے انسانوں کے اندر مختلف طاقتیں پائی جاتی ہیں۔ اور مختلف طریقہ کار سے دنیا میں ایک انسان کو قتل کرنے والا دوسرا انسان ہی ہوتا ہے۔

پہلے درجے کا عامل

یہاں موضوع کے اعتبار سے کچھ ایسے حوالہ جات سامنے آئینگے جس سے اس بات کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ کہ کونسا عامل کس کلام کا عامل ہے اور لوگوں پر کئے جانیوالے جادو کی نوعیت کسی حیثیت کی مالک ہے کیونکہ کسی نہ کسی کلام کے ماتحت ایسے سفلی موکلات یا روحانی مخلوق ضرور ہوتی ہے جس سے عمل میں طاقت اور جائز و ناجائز کاموں میں کامیاب ہوا جا سکتا ہے۔ اس لئے بعض عاملین کی تسخیر میں ارواح خبیثہ کی بھی ایسی مخلوق مسخر ہوتی ہے جو عامل کے حکم پر کسی گھر یا مکان میں اپنی رہائش بنا لیتے ہیں اور جیسے جیسے عامل کہتا ہے ویسا ہی اس گھر میں ہوتا رہتا ہے۔ مثلاً یہ ارواح گھر کے تمام افراد پر اپنا قبضہ جما کر انہیں مغلوب کر دیتی ہے جس سے گھر میں رہنے والے افراد کسی نہ کسی اذیت اور تکلیف میں اکثر مبتلا رہتے ہیں جس کی کوئی بھی واضح نشانی نظر نہیں آتی اور سوائے زبردست عامل کے یہ مخلوق کسی کو نظر بھی نہیں آتی ایسا وہی عامل کر سکتا ہے جو تعویذ گنڈوں کے بغیر اس مخلوق کے ذریعے غیر کے گھر میں اپنی حکومت قائم کر سکے اور جب تک اس کا صحیح اور درست علاج نہ کیا جائے تو کسی بھی طرح سے شفا نہیں ہو سکتی اور یہ مخلوق اپنے اثرات سے گھر میں کھانے پینے والی اشیاء کو پاخانے کی شکل میں بنا دیتی ہیں۔ اور گھر سے ہر وقت عجیب سی بدبو آتی رہتی ہے۔ گھر کے سامان کا نقصان کرنا اور آگ سے جلنے والی اشیاء کو جلا کر بیکار کرنا بھی انہی سے منسوب ہے اور جب تک اس کا صحیح اور کامل علاج نہ کیا جائے تو یہ مخلوق آہستہ آہستہ اس گھر میں اپنا بسیرا کر لیتی ہے اور یہ سلسلہ ساری زندگی ہی چلتا رہتا ہے ایسے عاملین کا شمار کتاب کے موضوع کے برابر لکھا جا رہا ہے اس درجے کا عامل اپنی کلام کے بل بوتے پر ایسی مخلوق کو اپنا تابعدار و فرمانبردار بنا لیتا ہے جو دنیاوی کسی بھی کام کو کرنے پر معمور ہوتی ہے اور کسی بھی انسان کا لحاظ نہ رکھتے ہوئے اپنا کام کر کے چلی جاتی ہے یا جیسے عامل کا حکم ہو ایسے ہی کرتی ہے۔ اگر کسی معصوم انسان کا اس درجے کے عامل سے پالا پڑ جائے تو اس انسان کی جان چھڑوانی مشکل ہو جاتی ہے اور وہ بیچارا ساری زندگی تاریکیوں و اندھیروں میں مارا مارا پھرتا رہتا ہے۔ اس درجے کا عامل جو چاہے وہ اپنے زیر مخلوق سے کروا سکتا ہے۔

دوسرے درجے کا عامل

اس درجے کا عامل سفلی علم اور ارواح خبیثہ کو اپنے ماتحت کر کے اچھے بھلے افراد کے درمیان پھوٹ ڈلوا سکتا ہے اور گھر میں رہنے والے افراد کے درمیان خود بخود پھوٹ پڑ جاتی ہے۔ اور یہ ہر وقت لڑنے مرنے پر تیار رہتے ہیں کسی فرد کے جسم کے حصے کو بیکار کر دیتے ہیں جس سے اس فرد کا وہ حصہ متاثر ہو کر شل ہو جاتا ہے یا اس پر کوئی زخم نمودار ہو کر آہستہ آہستہ کینسر کی شکل اپنا لیتا ہے۔ اور کوئی بھی ڈاکٹری و حکیمی طریقہ کار اپنا اثر نہیں کرتا بعض اوقات یہی مخلوق کسی فرد کو ایسی جسمانی بیماری اور تکلیف میں مبتلا کر دیتی ہے۔ جس سے پورے جسم میں عجیب سا درد ہوتا رہتا ہے۔ اور کوئی بھی دوا یا علاج اپنا اثر نہیں کرتا اگر ایسے افراد کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو موت بھی واقع ہو سکتی ہے کیونکہ اس نوعیت کی مخلوق کسی بھی انسان کے جسم کے اندر گھسنے کی ماہر ہوتی ہے اور جسم کے اندر داخل ہو کر کسی بھی انسان کو نقصان اور تکالیف سے دوچار کر سکتی ہے۔ کیونکہ انہیں جسم کے اندر گھسنے کا طریقہ کار آتا ہے اور تب تک یہ اس فرد کے جسم کو نہیں چھوڑتے جب تک وہ عامل انہیں واپس نہ بلا لے یا کوئی زبردست نوری کلام کا ماہر اس کے اثر کو باطل نہ کر دے جب تک دونوں میں سے کوئی کام نہیں ہوگا۔ تب تک یہ مخلوق اس فرد کی زندگی کو جہنم بنائے بغیر نہیں رہ سکتی اس قسم کے عامل کی ایک اور شاخ ہوتی ہے جو ہندو مذہب سے تعلق رکھنے والے ان کے روحانی پیشواؤں کی دعوات پڑھتے ہیں جس سے وہ آتے ہیں اور ان سے قول و اقرار لے کر رخصت ہو جاتے ہیں اور بوقت ضرورت ان کو بلایا جاتا ہے جس سے وہ فوراً حاضر ہوتے ہیں اور جو کام کہا جائے اسے کرتے ہیں مثلاً اگر کوئی ہنومان کی دعوت پڑھتا ہے تو یہ اپنے اندر ایک ایسی طاقت رکھتا ہے کہ یہ کسی بھی جسم کے اندر حلول کر سکتا ہے اور جس کے اندر یہ حلول کرتا ہے اسے یہ اپنا غلام بنا لیتا ہے اور اپنا کام کر کے چلا جاتا ہے۔ اور اگر اس کی ڈیوٹی اس کام پر لگائی ہو کہ یہ کام کر کے اس فرد کو بھی مار ڈالنا ہے تو یہ سات دنوں تک اس کے جسم میں رہ کر آٹھویں دن اس شخص کو موت کے گھاٹ اتار کر چلا جاتا ہے اور مرنے والے کی کوئی بھی صحیح علامت نظر نہیں آتی اس کے علاوہ ہندو مذہب سے تعلق رکھنے والی ایسی کئی مخلوقات ہیں جو ایسے کام کرتی ہیں۔

تیسرے درجے کا عامل

ایسے عامل جس مخلوق کو اپنا تابعدار وفرمانبردار بناتے ہیں ان کی رہائش مذبح گاہوں یعنی بوچڑ خانوں میں ہوتی ہے اور جس کلام کے یہ ماتحت ہوتے ہیں اگر کوئی اسی کلام سے انہیں پکارتے ہیں تو یہ مخلوق حاضر ہو کر عامل کی اطاعت وفرمانبرداری قبول کرتی ہے اور اس کے کہنے پر کسی بھی ہنستے بستے گھر میں خون کی بارش کر سکتے ہیں اور وہاں کے رہائشی افراد کو تکلیف سے دوچار کرتے ہوئے ان کے گھر میں ہر وقت نا انجانا سا خوف وہراس پھیلا سکتے ہیں جس سے گھر میں رہنے والے افراد ہر وقت ڈر اور خوف محسوس کرتے ہیں اور ان کے گھر میں کوئی نہ کوئی کسی نہ کسی خوف سے خوفزدہ ضرور رہتا ہے۔ اور فساد اس گھر میں روز بروز جنم لیتے ہیں کاروبار تباہ اور گھر کا سکون برباد ہو جاتا ہے ایسے عاملین جن اعمال کو کرتے ہیں وہ سب میعادی قسم کے ہوتے ہیں جو صحیح علاج نہ ہونے پر ہلاکت جیسا عذاب بن کر اترتے ہیں۔ اس لئے اگر کوئی فرد کتاب ھذا میں سے اپنے متعلق کچھ ڈھونڈے تو اس پر لازم ہے کہ فوری طور پر اس کا بندوبست کرے ورنہ ایسے اعمال اور نقش وغیرہ اپنی میعاد ختم کر کے ہلاک کر دیتے ہیں۔ اور نماز وروزے کی سختی سے پابندی کرے تاکہ اللہ کی رحمت زیادہ سے زیادہ اس فرد پر غالب ہو جو جادو جیسے قبیح عمل میں پھنس گیا ہو ایسے عاملین روپوں پیسوں کے لالچ میں کسی بھی انسان کو تکلیف اور اذیت سے دوچار کر سکتے ہیں کیونکہ انہوں نے زندگی کی آسائشوں کے بدلے میں ایمان کا سودا کیا ہوتا ہے اور وہ یہی سمجھتے ہیں کہ ہم نے ساری زندگی اس فانی دنیا میں رہنا ہے۔ اور دنیا جو کچھ بھی ہے بس یہی ہے اس سے آگے کچھ نہیں یہی سوچ ان کو زیادہ سے زیادہ انسانوں کو دکھ اور تکلیف دینے پر اکساتی ہے۔

چوتھے درجے کا عامل

اس نوعیت کا عامل کسی جنتر منتر کے ذریعے ایسی مخلوق کو اپنی تسخیر میں کر لیتا ہے جس سے کسی کے بھی کاروبار، نکاح، رزق، دولت، شہرت، عزت، شوہر، بیوی، اولاد، اور کسی بھی فائدہ بخش شے کو باندھا جا سکتا ہے۔ اس کا بھی اگر بروقت اور صحیح توڑ نہ کیا جائے تو یہ اپنی میعاد کو ختم کر کے نقصان کرتا چلا جاتا ہے اور نقصان ہونے کی کوئی صحیح علامت معلوم نہیں ہوتی اس درجے کا عامل اس مخلوق کے ذریعے ایسا سب کچھ کر سکتا ہے۔ اور پیسوں یا کسی بھی مفاد کیلئے ایسا کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ایسے اعمال کرنے والے عاملوں کے کئی روپ اور بھیس ہیں جو کسی نہ کسی کلام کے عامل ہوتے ہوئے اور بھی کئی ایسے کام کرتے ہیں جو کسی کا نقصان کرنے میں ذرا بھی دیر نہیں لگاتے جادو یا کوئی بھی تکلیف دہ عمل ہو اس کا تعلق عمل کسی سے ہوتا ہے اور اس کو کرنے میں مختلف اشیاء کا استعمال کر کے کسی کو بھی نقصان سے دوچار کیا جا سکتا ہے۔ لیکن جہاں جہاں ایسے عاملین پیدا ہوتے ہیں وہاں ایسے نوری کلام کے بھی ایسے عامل ہوتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی کلام سے اس جادو کو توڑ کر اس کا اثر ختم کر سکتے ہیں لیکن دیکھنے میں اب تک یہی آیا ہے کہ کئی جاہل عامل اس بات کو فخریہ طور پر بتاتے ہیں کہ نوری کلام جادو کو توڑ نہیں سکتی اس کا توڑ کالے جادو سے کیا جائیگا۔ حقیقت میں ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ بلکہ ازل سے قرآن مجید روحانی اور لافانی کلام ہے۔ جس میں ہر قسم کے دینی و دنیاوی طور پر حاصل ہونے والے مقاصد درج ہیں لیکن یہی پاک کلام اگر کسی کا ورد بن جائے اور ورد بننے سے لے کر کوئی اس کا عامل بن جائے تو جادو جیسی قباحت کو اپنی ایک نظر سے جلا کر راکھ بنا دیتا ہے اور اگر کوئی عامل نہ بھی ہو تو یہ پاک کلام اپنا اثر دکھا دیتی ہے۔ جیسا کہ ہمارے معاشرے میں اب جتنے نئے گھر یا دکانیں بنتی ہیں ان سب کے فرش پکے بنے ہوتے ہیں یعنی اگر اس میں کچھ دفن کرنا ہو تو اس کو توڑا جائیگا پھر اس میں جادو کی کوئی شے دبائی جا سکتی لیکن ایسے عاملین اپنی کلام کے زور پر جو بھی تکلیف دہ اور رزق بندی والا عمل کرتے ہیں اس عمل کو بذریعہ اپنی تسخیر شدہ مخلوق کے ذریعے دفن کروا دیتے ہیں۔ پھر جو کوئی اس کے اوپر سے گزرتا رہتا ہے اس کے منفی اثرات اس خاص فرد یا گھر و دکان کی حالت بگاڑ دیتے ہیں۔

پہلا سلام (ہفتہ)

سلام علی نوح فی العلمین۔

دوسرا سلام (اتوار)

سلام علیٰ موسیٰ و ھارون۔

تیسرا سلام (پیر)

سلام علی آل یسین۔

چوتھا سلام (منگل)

سلام قول من رب الرحیم۔

پانچواں سلام (بدھ)

سلام علی من اتبع الھدیٰ۔

چھٹا سلام (جمعرات)

سلام علیکم طبتم فادخلوھا خلدین۔

ساتواں سلام (جمعہ)

سلام ھی حتیٰ مطلع الفجر۔

ہفتہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	علی	نوح	فی العلمین
فی العلمین	سلام	نوح	علی
علی	فی العلمین	نوح	سلام
سلام	علی	نوح	فی العلمین

وننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین

اتوار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	علی	موسی	و ھارون
و ھارون	سلام	موسی	علیٰ
علیٰ	وھارون	موسیٰ	سلام
سلام	علیٰ	موسیٰ	وھارون

وننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین

پیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	علی	آل	یسین
یسین	سلام	آل	علیٰ
علیٰ	یسین	آل	سلام
سلام	علیٰ	آل	یسین

وننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین

منگل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	قول	من رب	الرحیم
الرحیم	سلام	من رب	قول
قول	سلام	من رب	سلام
سلام	قول	من رب	الرحیم

وننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنین

بدھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	علی	من اتبع	الهدی
الهدی	سلام	من اتبع	علی
علی	الهدی	من اتبع	سلام
سلام	علی	من اتبع	الهدی

وننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنین

جمعرات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام علیکم	طبتم	فادخلوها	خلدین
خلدین	سلام علیکم	فادخلوها	طبتم
طبتم	خلدین	فادخلوها	سلام علیکم
سلام علیکم	طبتم	فادخلوها	خلدین

وننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنین

جمعہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	هی حتی	مطلع	الفجر
الفجر	سلام	مطلع	هی حتیٰ
هی حتیٰ	الفجر	مطلع	سلام
سلام	هی حتیٰ	مطلع	الفجر

وننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنین

اس عمل کے دیگر فوائد

اس عمل مبارک کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں اور اس کو کسی بھی نوعیت کے جادو کو باطل کرنے کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے مثلاً اگر کوئی بچہ دن بدن کمزور ہو رہا ہو یا اس کو ام الصبیان کا عارضہ ہو یا اس کے کمزور ہونے کی کوئی واضح وجہ سامنے نہ آ رہی ہو تو اس عمل کو بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرے اللہ کے حکم سے بچہ صحتمند و تندرست ہوگا۔ اگر دو میاں بیوی کی آپس میں کوئی تیسرا پھوٹ ڈلواتا ہو تو اس عمل کو دونوں یا ایک ہی فرد استعمال کرے اللہ کے حکم سے دونوں کا آپس میں اتفاق قائم ہوگا۔ اسی طرح جادو کی جکڑ بندی میں جو کوئی بھی قید ہو گیا ہو وہ اس عمل کو ضرور ایک مرتبہ آزمائے اللہ کے فضل سے شفاء ضرور بر ضرور ملے گی۔ یہ ان سات سلاموں کی علم الجفر کے قاعدے اصول سے تکسیر کی گئی ہے جو اثر و طاقت کے لحاظ سے بالکل پر اثر ہے اور جادو میں مبتلا مریض کیلئے ایک کرنٹ سے کم نہیں اس عمل کی بدولت بہت سے دنیاوی کاموں میں کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے اور اس کے ذریعے بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے اگر کسی کو ان سات سلاموں کا عامل بننا ہو تو وہ روزانہ ان سات سلاموں کے نقوش کو بہتر بہتر مرتبہ لکھے یعنی ایک نقش کو بہتر مرتبہ لکھے اور انہیں آٹے میں بند کر کے گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈالے اور ان سات سلاموں کو نوچندی جمعرات سے پڑھنا شروع کرے اور سوا لاکھ کی تعداد میں ان سات سلاموں کو پڑھ لے پرہیز جلالی و جمالی کا مکمل طور سے خیال رکھے اللہ کے فضل و کرم سے اس نادر و نایاب عمل کا عامل بن جائیگا۔

ایک نقش ہزار کام

اس نقش کے اتنے بے بہا فوائد ہیں جن کا احاطہ کرنا مشکل نہیں بلکہ ناممکن ہے اثر وطاقت کے لحاظ سے یہ اتنا پر اثر ہے کہ جس مقصد کیلئے بھی قواعد پر عمل کر کے حل کیا جائے تو کام فوراً اور جلد ہوتا ہے یہاں اس کو خصوصاً جادو کے توڑ اور اس کے دفعیہ کیلئے درج کیا جا رہا ہے۔ اس نقش کا جو کوئی بھی عامل بن جائیگا وہ اس سے کئی کام لے سکے گا اور جادو کے توڑ کیلئے جس کسی کو بھی ایک مرتبہ زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھ دے اور جس کسی کو زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر پلائے کا اللہ کے حکم سے جادو اسی وقت باطل ہوگا۔ اور مریض و صحت ہوگی۔ اس کے علاوہ کسی بھی قسم کی رکاوٹ یا بندش کے خاتمے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر استعمال اس طریقے سے کیا جائے کہ اگر کسی کے کاروبار میں رکاوٹ آگئی ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر دکان میں ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑتی ہو گھر میں اس نقش کو چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے خیر و برکت ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔
اللہ نور السموات والارض مثل نورہ
کمشکوۃ فیھا مصباح المصباح فی
زجاجۃ کانھا کوکب دری یوقد
من شجرۃ مبارکۃ زیتونۃ لا شرقیۃ
ولا غربیۃ یکاد زیتھا یضئ ولا لم
تمسس نار نور علی نور یھدی
اللہ لنورہ من یشاء ویضرب اللہ
الامثل للناس۔

جادو کے عوض پہنچنے والے اثرات اور توڑ

یہاں کچھ ایسے طریقہ کار لکھے ہیں جن کی بنیاد پر جادو کیا جاتا ہے اور اس کے نتیجے میں جو کچھ بھی برآمد ہوتا ہے۔ وہ مریض کو محسوس ہوتا ہے عوام الناس کی سہولت کیلئے اس کے آگے ہی اس کا توڑ بھی تحریر کیا گیا ہے۔ تاکہ کوئی فرد بھی اپنی جسمانی و روحانی تکلیف کو دیکھتے ہوئے اسی طریقہ کو اپنائے اور جادو کا توڑ ہونے کے ساتھ ساتھ مریض شفاء پائے لیکن اس کے ساتھ جس بات کو ضروری سمجھا گیا ہے۔ اس کا تعلق کامل پرہیز گاری اور منجانب اللہ تعالیٰ سے ہے۔ یعنی اگر کوئی فرد اپنے ساتھ اس بتائی ہوئی کیفیت کو محسوس کرے تو وہ باوضو حالت میں اس کے طریقہ کار کو کرے اور اس کو کرنے کیلئے چاند چڑھنے پر جو پہلے پندرہ دن ہوں اس کے اندر اندر اس عمل کو کرے۔ ان دنوں میں جو بھی نیک کام کئے جاتے ہیں وہ ضرور پورے ہوتے ہیں۔ اور اپنا اثر دکھاتے ہیں اس لئے اگر کوئی اس علاج کیلئے اس دن روزہ رکھ لے یا مقررہ دنوں تک روزے رکھ کر اس کا علاج کرے تو اللہ کے حکم سے ضرور بر ضرور کامیابی ہوگی۔ اور جادو کا توڑ یقینا ہوگا۔ کامل پرہیز گاری عمل میں شرط اول ہے اور زیادہ سے زیادہ اللہ کی طرف مائل رہے تاکہ اللہ تعالیٰ اس فرد کو مصیبت و مشکل سے نکالے اور اسے جسمانی تکالیف سے نکالے جو طریقہ کار بھی یہاں درج کئے گئے ہیں یہ سب سینہ بہ سینہ اعمال ہیں۔ اور مجرب ہیں اور میں انہیں طریقہ کار کی بدولت کئی افراد کا علاج کر چکا ہوں اور کر رہا ہوں اس لئے جو شرط متعلقہ اعمال کی بتائی ہیں ان پر سختی سے عمل کیا جائے تاکہ جادو کا توڑ ہو اور تکلیف سے جان چھوٹے اللہ تعالیٰ دلوں کے بھید اور نیتوں کو خوب جانتا ہے اور اس کی مرضی کے بغیر ایک پتہ بھی نہیں ہل سکتا لیکن اس کلام اس تک ذات تک رسائی کا بہترین راستہ ہے۔ عامل بننے کا آسان طریقہ اگر کوئی اسم الٰہی، آیت، یا کسی قرآن مجید کا عامل بننا چاہے جس سے اس کو کسی بھی مشکل یا ناکامی کا سامنا نہ ہو تو وہ کتاب کے سب سے آخر میں پنجہ اسماء الٰہی، آیات، اور سورۃ شریف کو دیکھے اور کامل پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ ان کو اکیس دن یا اکتالیس دن تک سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لے اور دوران عمل ان تمام شرائط کا پابند ہو جو میری ایک کتاب (شرائط چلہ) میں ہے۔

جسم میں سوئیاں اور چیونٹیاں چلنا

اکثر افراد پر اس قسم کا جادو کیا جاتا ہے جس سے ان کے جسم میں سوئیاں اور چیونٹیاں چلتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں اس کیفیت میں مبتلا کرنے کیلئے اس فرد کے ایسے تعلق دار افراد یا فرد عامل سے کچھ ایسا کرواتے ہیں جس سے عامل روپوں کے عوض اس شخص کو اس تکلیف سے دوچار کر سکتے ہیں مثلاً ایک عدد مٹی یا روئی کا پتلا اور اس کے جسم میں اپنی کلام کو پڑھ کر سوئیوں کو لگانا اور اسے دشمن یا جس پر عمل کیا ہے اس کے گھر یا باہر کسی جگہ اس کو دفن کرنا اور اس پر اپنی کلام پر تسخیر کی ہوئی مخفی مخلوق کو معمور کر دینا بس اسی دن سے جس فرد پر اس قسم کا جادو یا بدعمل کیا جاتا ہے اسے دنیاوی کسی بھی دوائی سے آرام نہیں ملتا اور وہ بیچارہ اپنی اس تکلیف میں تب تک مبتلا رہیگا جب تک کوئی اچھا سا عامل یا اللہ کا نیک بندہ مل نہیں جاتا اگر ایسے افراد کا توڑ کسی کتاب میں لکھے گئے طریقہ کار کے مطابق کیا جائے تو فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہوتا ہے۔ اس لئے اگر کوئی فرد اس کیفیت میں مبتلا ہو جائے اور اسے کسی بھی عامل یا کسی بھی عمل سے فائدہ نہ مل رہا ہو تو وہ یہاں بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق خود اپنا علاج کرے اللہ کے فضل سے چند دنوں کے اندر روحانی قوت کی بدولت کامیاب ہوگا۔ اور اگر اس جادو کا صحیح توڑ نہ کیا جائے تو اس قسم کا جادو اپنے دنوں کی مدت پوری کر جاتا ہے اور زیر اثر فرد کا علاج بند ہو جاتا ہے جس سے کسی بھی قسم کی کوئی کلام اپنا اثر نہیں کرتی اس لئے اس قسم کے جادو کے مکمل توڑ کیلئے آگے لکھے گئے طریقہ کار کو استعمال کرے اور پانچ وقت کی نماز ضرور ادا کرے۔ اور اگر ہو سکے تو خود روزہ رکھے اور اس عمل کو کرے اللہ کے حکم سے اللہ ضرور بضرور اپنی کلام کے ذریعے شفاء دیگا اور مریض کو صحت ہوگی۔ اگر ہو سکے تو دوران عمل کسی کو اس عمل کا ذکر نہ کیا جائے کیونکہ کسی کے منہ پر کچھ نہیں لکھا ہوتا کہ کوئی فرد کس کے متعلق کیا سوچتا ہے اس لئے ہر طرف سے محتاط رہنا چاہئے کسی سے بھی اس علاج کا ذکر نہ کیا جائے

ورنہ فائدے کی بجائے الٹا نقصان ہوگا۔ اسی قسم کے جادو سے جسم میں وزن محسوس ہوتا ہے۔ اور سر چکراتا رہتا ہے۔ اللہ کے فضل سے اس کا جو بھی توڑ ہے وہ آگے درج کر دیا گیا ہے جس سے سو فیصدی کامیاب علاج ہو جائیگا۔ اگر اس عمل کا عامل بننا ہو جس سے فوری طور پر اثر رونما ہو تو روزانہ چار عدد سوئیاں اپنے پاس رکھے اور بعد نماز عشاء مصلے پر بیٹھ کر ایک سوئی پر سورۃ الاخلاص شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور اسے کسی سفید کاغذ پر لگائے پھر اسی طرح سورۃ والناس کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور سوئی پر دم کر کے اسی کاغذ پر دوسری سوئی کے ساتھ لگائے پھر تیسری سوئی پر سورۃ الکافرون کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور دو سوئیوں کے ساتھ لگائے پھر سورۃ الفلق کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور تین سوئیوں کے ساتھ لگا دے رات سے لے کر دن چڑھنے تک کوئی قید نہیں ہے چاہے دوپہر ہو جائے لیکن اس عمل کا آغاز رات کو ہی کرنا ہوگا۔ اکیس دنوں کے اندر اس عمل کا عامل بن جائیگا۔ اور پھر بوقت ضرورت کسی آسیب یا جن گرفتہ کے پہنے ہوئے کپڑے پر ایک سوئی بھی سات مرتبہ ایک ایک مرتبہ پڑھ کر لگائے گا تو وہ جو کوئی بھی ہوگا۔ جسم کے اندر حاضر ہو کر ہم کلامی کریگا۔ اور اس کا جو بھی علاج ہوگا وہی بتائے گا۔ جب ہم کلامی ہو جائے تو اس سے اس کے جانے کا طریقہ کار پوچھا جائے وہ بتائے گا اس طریقے پر عمل کیا جائے اور اس سے دوبارہ نہ آنے کی قسم لی جائے اگر حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسم نہ لی گئی تو وہ پھر دوبارہ حاضر ہو کر پریشان کریگا۔ اگر کوئی اسی عمل کو چار دنوں میں تقسیم کر لے اور روز کی ایک سوئی پر ایک ہزار مرتبہ سورۃ کو پڑھ کر دم کرے اور عمل کرے تب بھی اسی میں اثر پایا جائیگا۔

گزرتی ہوئی سوئی اس طرح ہوگی۔

O——　——

علاج اکسیر اور مجرب توڑ

اگر کوئی پیچھے لکھے گئے جادو میں مبتلا ہو تو اس عمل کا آغاز نوچندی جمعرات سے کرے اور بدھ والے دن مصلے پر پاک و باوضو حالت میں بیٹھے اور بعد نماز عشاء چار عدد سوئیاں اپنے پاس رکھے اس عمل کو بدھ والے دن سے شروع کرنا ہوگا۔ کیونکہ اگلا دن جمعرات کا آئیگا۔ دریا سے کچھ مقدار میں پانی لایا جائے اور اسے مٹی کے پیالے میں ڈالے اور اس کے اندر تھوڑے سے گلاب کا عرق بھی ملائے پھر پہلی سوئی پر ایک سو مرتبہ اپنی آنکھیں بند کر کے اللہ کے نور کا تصور باندھ کر سورہ الاخلاص پڑھے اور اسے مٹی کے پیالے میں ڈال دے تاکہ وہ پانی عرق میں چلا جائے اس کو پھینکتے ہوئے اس بات کا تصور رکھے کہ جیسے میں نے پانی میں اس تکلیف دینے والی شے کو پھینک دیا ہے بالکل اسی طرح میرا مرض ختم ہو گیا ہے پھر دوسری سوئی بتائے گئے تصور کے مطابق سورۃ الفلق سو مرتبہ پڑھے اور پیالے میں پھینک دے پھر تیسری سوئی پر سورۃ الکافرون سو مرتبہ پڑھ کر پیالے میں پھینک دے پھر چوتھی سوئی پر سورۃ الناس سو مرتبہ پڑھ کر اسے بھی پیالے میں پھینک دے اور اس پیالے کو آگ پر رکھ کر اس کے اوپر کوئی ڈھکنا دے کر اس کا منہ بند کر دے اور آگ کی آنچ ہلکی رکھے اگلا دن جمعرات کا آئیگا اس دن بعد نماز فجر کاغذ پر ایک پتلا بنائے اور اپنا نام مع والدہ ضرور لکھے اور ایک کورا چراغ جلا کر اس کے سامنے اس کو رکھے اور روزانہ اس مقام پر نماز پڑھے یہ عمل خاص ایک بزرگ کے سینے کا راز ہے جس کو عوام الناس میں فی سبیل اللہ درج کیا جا رہا ہے۔ ورنہ آج سے پہلے کسی بھی دنیا کی کتاب میں اس عمل کو نہیں لکھا ہوگا۔ نہ میری کتاب کے علاوہ ملے گا۔ چنانچہ جو طریقہ اس عمل کے عامل بننے کا لکھا گیا ہے اس میں اس بات کا ایک اور اضافہ کرنا ہوگا۔ کاغذ پر جو دم کی ہوئی سوئیوں کو لگانا ہے۔ اس پر پہلے سے ایک پتلا زعفران سے بنا ہوا ہو تاکہ جسم کے حصے پر سوئیاں لگ جائیں یا کسی بھی مخلوق کا

توڑ کرنا ہو وہاں سوئیوں کو لگا کر اپنے پاس رکھا جائے اور کسی مریض کا علاج کرتے وقت تازہ ہی اس عمل کو کیا جائے اور ہر فرض نماز کے بعد چاروں قل شریف کو بکثرت پڑھے اس عمل کی بدولت مرض سے متعلق جو کچھ پہلے بتایا گیا ہے اس کا توڑ ہوگا۔ اور مریض کو سو فیصدی کامیابی نصیب ہوگی۔ پتلا بنانے میں زعفران کا استعمال کیا جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل	اعوذ	برب	الناس	ملک	الناس	الہ الناس
اعوذ	برب	الناس	ملک	الناس	الہ الناس	من
برب	الناس	ملک	الناس	الہ الناس	من	شر
الناس	ملک	الناس	الہ الناس	من	شر	الوسواس
ملک	الناس	الہ الناس	من	شر	الوسواس	الخناس
الناس	الہ الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذی
الہ الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس
من	شر	الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس	فی
شر	الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس	فی	صدور
الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس	فی	صدور	الناس
الخناس	الذی	یوسوس	فی	صدور	الناس	من الجنۃ
الذی	یوسوس	فی	صدور	الناس	من الجنۃ	والناس

قل الناس ١ ٢ ٣ ٥ ٤ ٨ ٤ ٤

ھو والناس ١ ٢ ٣ ٥ ٤ ٨ ٤ ٤

ناانجانا خوف و ڈر محسوس ہونا

اگر کوئی فرد اپنی زندگی میں ایک دم ہی ایسے محسوس کرنے لگ جائے کہ اس کے گرد کوئی گھومتا ہے یا اس کی نجی زندگی میں کوئی دوسرا مداخلت کر رہا ہے یا ڈر و خوف محسوس ہوتا ہے جس کی کوئی بنیاد نہیں ہوتی الٹے سیدھے خواب اور کاروبار زائل ہو رہا ہے اس کے علاوہ جسمانی تکالیف میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ وغیرہ وغیرہ تو اس کا علاج اس طریقے سے کرے کہ ایک عدد سفید مرغ یا مرغی ۱۱ ایک ہفتہ تک پالے نوچندی جمعرات آنے سے پہلے اور اس تمام ہفتے میں اس کو روزانہ سورۃ فاتحہ سو مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائے پھر نوچندی جمعرات کو بوقت صبح سورج طلوع ہوتے ذبح کرے اور اس کے خون سے اس کو لٹائے اور اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ کے اور نام اللہ یا حضور نبی کریم ﷺ کی مشابہت کا ہو تو اس نام کے حروف ابجد سے ... اعداد لکھے جائیں پھر انہیں روزانہ ایک ایک عدد بعد نماز عشاء کاٹ کر پڑھنے میں پیش کر جائے عمل اپنا اثر دکھائے گا۔ اور ہر قسم کے اس جادو کا توڑ ہوگا۔ جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ اگر اس علاج سے کوئی افاقہ نہ ہو تو اس عمل کو بالکل اسی طرح سے کرتے ہوئے کو ملے اور روزانہ بعد نماز عشاء کوٹ کے ایک ٹکڑے پر اس نقش کو لکھ کر اس کی دھونی اپنے پورے جسم کو دے اور نیچے درج شدہ نقش کو اس عمل کو مکمل طور پر ختم کرنے کے بعد اپنے گلے میں چاندی میں بند کر کے ڈال کر پہنے اللہ شفا دے گا۔ اگر کسی کو قبرستان کی مٹی یا قبروں میں پلی ہونے والی خوشبو کا احساس اپنے گرد ہوتا ہو تو وہ بھی اسی عمل کو کرے اس کیفیت کا خاتمہ ہوگا۔ اور مکمل علاج ہوتے ہوئے آئندہ کیلئے بھی ایسی کیفیات سے محفوظ رہیگا۔

۱	ع۱۲۱	ع۱۱۸	۸
ع۱۱۹	ر	۲	ع۱۲ع
۶	ع۱۶	ع۱۴۳	۳
عہ	عہ	عہ	عہ
۱۲۲	عہ	ع	ع۱۱۷

اس نقش کو پیچھے صفحے پر بتائے جانے والے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرنا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ونزل	من القرآن	ماھو	شفاء	ورحمة	للمومنين
للمومنين	ونزل	ورحمة	من القرآن	شفاء	ماھو
ماھو	للمومنين	شفاء	ونزل	من القرآن	ورحمة
ورحمة	ماھو	من القرآن	للمومنين	ونزل	شفاء
شفاء	ورحمة	ونزل	ماھو	للمومنين	من القرآن
من القرآن	شفاء	للمومنين	ورحمة	ماھو	ونزل
ونزل	من القرآن	ماھو	شفاء	ورحمة	للمومنين

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم وبحق
اھدنا الصراط المستقیم

جادو فن ہے معجزہ یا کرامت نہیں

جادوگر جو اعمال کرتے ہیں وہ ان جگہوں پر اس کو رکھتے ہیں جس سے ان کی پڑھی ہوئی کلام اپنا اثر دکھاتی ہے اور جس مقصد کیلئے ایسا کیا جاتا ہے وہ پورا ہو جاتا ہے پھر جس طریقہ کار سے جادو کے ذریعے نقصان پہنچایا جاتا ہے بالکل اسی طریقہ کار سے اللہ کی کلام کی بدولت شفا بھی مل جاتی ہے اور جس جگہ جو چیز بھی دفن کیا جاتا ہے اس کا سارا اثر باطل ہو جاتا ہے لیکن جادو کسی بھی صورت کسی بھی انسان کو فائدہ یا کسی کا بھلا نہیں کرتا اور نقصان سے تھوڑا یا زیادہ سے زیادہ نقصان کر سکتا ہے۔ جادو کن جگہوں پر اپنا اثر دکھاتا ہے اور ان کا وقت معلوم نہ کیا جائے تو جہالت بھی ہو سکتی ہے

(1) عمل کی ہوئی اشیاء کو آگ کے پاس رکھنا تاکہ [illegible] حرارت پہنچے اس سے جس کیلئے ایسا عمل کیا جاتا ہے اس کا جسم آگ کی طرح گرم ہو جاتا ہے اور جسم بوجھل سا رہتا ہے اور بعض اوقات اسی نوعیت کا جادو اپنا اثر دکھاتے ہوئے کسی انسان کا جسم بھی جلا دیتا ہے جیسے کسی بخار سے میں ہوا جسم ہو اور اس کا زیادہ اثر جسم [illegible] پر ہوتا ہے اس کا تعلق پیر اور ہاتھ پر ہوتا ہے پاؤں اور ہاتھ چھل جاتے ہیں۔ جو دو چیزیں پر غیب سے معلوم ہوتے ہیں اس کا علاج کرنے کیلئے مریض کے کانوں میں دن میں تین مرتبہ صبح دوپہر شام کان میں اذان دی جائے اور اس نقش کو زعفران سے تحریر کر کے میں باندھا جائے پھر آیت الکرسی کو سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کیا جائے اور سات مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کیا جائے اللہ کے فضل سے مریض اسی وقت ٹھیک ہوگا۔ نقش سب سے آخر میں درج ہوگا کیونکہ ان تمام قسم کے جادو کے توڑ کیلئے ایک ہی کامل نقش لکھا گیا ہے جس کے طریقے تو مختلف ہونگے لیکن نقش ایک ہی رہیگا۔

(2) اسی سلسلے کی دوسری کڑی کا عمل مریض پر اس قسم کا ہوتا ہے کہ وہ چارپائی کے ساتھ چارپائی ہو جاتا ہے صحیح کوئی بھی وجہ سامنے نہیں آتی اور جسم میں عجیب عجیب سی دردیں مسلسل ہوتی رہتی ہیں اس عمل کو جادوگر قبرستان میں کسی قبر کے الٹی طرف دفناتے ہیں جس سے مردہ اس شخص تک پہنچ کر اپنے آپ کو اس پر مسلط کرتا ہے جو اس مرض کا شکار ہو اس کے علاج کیلئے لکھے گئے نقش کو چار مرتبہ زعفران سے لکھا جائے ایک کو مریض کی چارپائی کے اپنے طرف باندھا جائے دوسرے کو گلاب کی عرق کی بوتل میں ڈال کر اس عرق کو پلایا جائے تیسرے کو گلے یا بازو پر باندھا جائے اور چوتھے کو ایسی جگہ فریم کروا کر لگایا جائے جہاں مریض کی نظر پڑے اور مریض کے گھر کا کوئی دوسرا فرد یا خود مریض سورۃ الفلق سورۃ والناس کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پانی پر دم کر کے پئے اللہ کے فضل سے مریض کا مرض دور ہوگا۔

(3) مریض کا دل ہوا میں اڑتے رہنا اور کسی بھی جگہ دل کا نہ لگنا جس کے عوض میں کئی نقصانات کا بیک وقت ظہور ہونا اس عمل کو کرنے کیلئے جادوگر اپنے عمل کو کر کے پیپل کے درخت کی جڑ میں یا اس درخت کے اوپر کسی شاخ کے ساتھ باندھ دیتے ہیں اور جیسے ہوا سے وہ نقش ہلتا ہے اسی طرح مریض کا دل ہوا میں اڑتا رہتا ہے اور جو اشیاء اس مرض سے پہلے اچھی لگتی ہیں ان سے نفرت ہو جاتی ہے۔ مثلاً اگر میاں بیوی ہیں تو ان میں نفرت کثرت سے پائی جاتی ہے جس سے گھر کا سکون و ماحول خراب ہو جاتا ہے اور اس کی بہتری کی کوئی بھی صحیح صورت نہیں ملتی جب تک اس کا مکمل علاج نہ کیا جائے اس لئے اگر کوئی جادو کی اس قسم میں پھنس چکا ہو تو مذکورہ نقش کو دونوں میاں بیوی زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھیں اور روزانہ بعد نماز عشاء (یا الممیت) کو دو ہزار مرتبہ پانی پر دم کر کے پیئیں جس میں پانی رکھنا ہے۔ وہ شیشے کا جگ یا گلاس ہونا

چاہئے اور اگر ہو سکے تو اس نقش کو بھی اس جگ یا گلاس میں ڈال لیا کریں اور گل جانے کے بعد اس کو بھی نگل جائیں اور نیا نقش لکھ کر پھر پانی میں ڈال کر استعمال کریں اللہ کے فضل سے جادو کا مکمل توڑ ہوگا۔ اور جو بھی دفینہ جہاں ہوگا۔ اس کا اثر اسی وقت باطل ہو جائیگا۔ اس کے علاوہ اور بہت سے ایسے طریقہ کار ہیں جن کی بنیاد پر جادو کیا جاتا ہے اور اس کے ذریعے پہنچنے والے بد اثرات بہت نقصان کرتے ہیں یہ نقش ایسی تمام قسم کی قبیح اشیاء کو جڑ سے نکال پھینکتا ہے۔ جس سے کوئی کسی انہونی بیماری کا شکار ہو جائے یا اس بیماری میں پھنس جائے جس کا علاج ناممکن بن گیا ہو ایسی تمام قسم کی کیفیات میں اس نقش کو زعفران سے لکھ کر استعمال کیا جائے اللہ شفاء دیگا مثلاً ایک نقش کو گلے میں باندھا جائے دوسرے کو پانی میں ڈال کر پلایا جائے اور تیسرے کو دکان یا مکان کی چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے ہر قسم سایہ آسیب کا خاتمہ ہوگا۔

ا	ل	ل	ھ	ا	ل	ص	م	د
د	ا	م	ل	ص	ل	ل	ھ	ا
ا	د	ھ	ا	ل	م	ل	ل	ص
ص	ا	ل	د	ل	ھ	م	ا	ل
ل	ص	ا	ا	م	ل	ھ	د	ل
ل	ل	د	ص	ھ	ا	ل	ا	م
م	ل	ا	ل	ل	د	ا	ص	ھ
ھ	م	ص	ل	ا	ا	د	ل	ل
ل	ھ	ل	م	د	ص	ا	ل	ا
ا	ل	ل	ھ	ا	ل	ص	م	د

جادو سے کیا کیا ہو جاتا ہے؟

اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو لیکن اسے معلوم نہ ہو کہ مجھ پر جادو کیا گیا ہے تو وہ ان نشانیوں میں خود دیکھ سکتا ہے جادو کی بنیاد پر کسی کنواری لڑکی یا لڑکے کا رشتہ باندھ دیا جاتا ہے اس میں یہ نہیں دیکھا جاتا کہ لڑکی یا لڑکا خوبصورت ہے کہ نہیں اگر لڑکی بہت خوبصورت ہو لیکن اس کا رشتہ کہیں بھی طے نہیں پاتا اگر اس کا علاج نہ کیا جائے تو وہ لڑکی ساری زندگی پھر کنواری ہی رہتی ہے اس لڑکی کو کسی بھی جگہ سکون و اطمینان نہیں ملتا اور اس کا دل ہوا میں اڑتا رہتا ہے جگہ جگہ مارے پرتے رہنا اس لڑکی یا لڑکے کا مقدر بن جاتا ہے اور اگر اس دوران کسی بھی طریقے سے اس کی شادی کہیں ہو جائے تو اس کے خاوند کے ساتھ تعلقات اچھے نہیں رہتے اور آخر کار نوبت طلاق تک پہنچ جاتی ہے کیونکہ جب عورت ہی اپنے مرد سے کھنچی رہتیں۔ تو گذارا کیسے ہوگا؟ اس کی بنیاد پر جادو بھی کیا جاتا ہے اسی نوعیت کا جادو کچھ اس قسم کا ہوتا ہے کہ عورت کی شادی ہو جاتی ہے خاوند سے تعلقات بھی اچھے ہوتے ہیں لیکن ان کے ہاں اولاد نہیں ہوتی جب تک اس کا علاج نہ کیا جائے جادو کی بنیاد پر کسی کی عقل سلب کی جا سکتی ہے اگر کوئی بہت زیادہ عقل وفہم والا انسان ہو تو وہ جادو سے مغلوب ہوتے ہوئے اپنے ہوش وحواس کھو بیٹھتا ہے جس سے اس کی زندگی جہنم بن جاتی ہے جادو سے پورے گھر میں جس سکون کو برباد کیا جاتا ہے اس کا تعلق تمام افراد کا آپس میں بلاوجہ لڑائی جھگڑا کرنا ہوتا ہے جس کی کوئی صحیح وجہ سامنے نہیں آتی اس گھر میں رہنے والوں کی آپس میں کسی بھی طریقے سے نہیں بنتی اور وہ ہر وقت آپس میں لڑتے رہتے ہیں۔ جادو سے اچھا بھلا کاروبار ایک دم ہی رک جاتا ہے یا اس کی آمدن میں بہت فرق پڑ جاتا ہے۔ اسی دکان کے لگے ہوئے گاہک کہیں اور چلے جاتے ہیں۔

تشخیص جادو آسیب سحر و جن وغیرہ

تشخیص کے روحانی سلسلے پر چلنے والے اعمال کا اس علم سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے اور پھر اس کے مطابق علاج کیا جا سکتا ہے پھر جس فرد پر جو بھی ہو وہ واضح ہو کر سامنے آجاتا ہے اور علاج کرنا آسان بن جاتا ہے۔ سب سے پہلا تشخیص کا طریقہ علم الاعداد ہے جو کہ کسی بھی وقت سے جادو یا سحر کا پتہ لگایا جائیگا۔ اور یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ جادو ٹونہ ہماری زندگی میں ہے کہ نہیں؟

جدول حروف ابجد

اس جدول حروف ابجد سے مریض کا نام مع والدہ مکمل کر کے اس کے بارہ پر تقسیم کیا جاتا ہے اور بعد میں جو آئے متعلقہ عدد کے مطابق خود دیکھا جاتا ہے کہ کونسا عدد باقی بچا ہے۔ جو عدد باقی بچے اس کے آگے متعلقہ سبب کو دیکھا جائے اس سبب سے کافی حد تک اطمینان ہو جاتی ہے۔

ا	ب	ج	د	ه	و	ز
۱	۲	۳	۴	۵	۶	[illegible]
ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

(1) باقی رہے تو ان پر اس قسم کا جادو کیا گیا ہے جس سے کوئی بھی دوا ان پر کسی بھی صورت میں اپنا اثر نہ کرے اور یہ دن بدن نئی نئی بیماریوں میں مبتلا ہوں اس عمل کی بنیاد زیادہ تر سر میں شدید درد اور کندھوں پر وزن سے منسوب ہے جو آہستہ آہستہ بڑھتا جا رہا ہے اس تشخیص کے مطابق ان اعمال کا جو بھی توڑ ہوگا وہ آگے درج کیا جائیگا۔

(2) باقی رہے تو جسم کے حصوں پر وزن کے ساتھ درد ہوتی ہے یہ علم علوی کی بنیاد پر کیا گیا ہے جیسے کوئی سورۃ الفیل، سورۃ الکوثر، سورۃ تبت یدا، یا سورۃ یسین کو مبین در مبین مریض کا تصور باندھ کر پڑھتا ہے ایسے علم صرف وہی افراد کر سکتے ہیں جن کا ان سے گہرا تعلق ہو اور کسی مقصد کو ان سے پورا کرنا ہو۔

(3) باقی رہے تو یہ علم کی ایسی جکڑ بندی ہے جس کے اندر یہ قید ہیں اس دوران اگر یہ سونے کو بھی ہاتھ لگائیں گے تو وہ مٹی بن جائیگا پہلے کاروبار تباہ و برباد ہو چکا ہے اور ہو رہا ہے رشتے دار اور عزیز و اقارب ان افراد سے منہ موڑ چکے ہیں اور اولاد بھی متنفر ہے اگر اس علم کے ذریعے کسی خاتون کا دیکھنا ہو تو وہ بھی جکڑ بندی میں قید ہے اور کوئی بھی کام کرنے کو دل نہیں کرتا اس لئے آگے لکھا ہوا طریقہ استعمال کریں۔

(4) باقی رہے تو یہ سراسر جادو سحر پر مبنی ہے جس سے کوئی بھی مغلوب ہوتے ہوئے دن بدن نئی نئی بیماریوں میں مبتلا ہونے کے ساتھ کاروباری طور پر بھی متاثر ہے اور روپے پیسے میں کوئی بھی برکت نہیں رہی پریشانیاں مصیبتیں اچانک ہی ان کی دامن گیر بن چکی ہیں اس لئے یہ اپنا روحانی علاج کریں اللہ شفاء دیگا۔

(5) باقی رہے تو اس علم کی بنیاد ایک سایہ ہے جو مرد و عورت کے جسم کے الٹے طرف پر ہے اور جس کا کام صرف نفسانی خواہشات کو بڑھانا ہے اس علم سے مغلوب ہونے والے افراد کا زیادہ سے زیادہ دل اس بات کو دل کرتا ہے کہ وہ کسی بھی غیر عورت یا اپنی بیوی سے ہر وقت ہم بستری میں مشغول رہیں۔

(6) باقی رہے تو اس عورت یا مرد پر اس قسم کا جادو کیا گیا ہے جس سے میاں بیوی ایک دوسرے سے علیحدہ رہیں اور نفرت ان کے درمیان ہر وقت زیادہ سے زیادہ رہے جس سے یہ کبھی بھی آپس میں اتفاق و سلوک سے نہ رہیں اور ان کا کسی نہ کسی بات پر بلا وجہ جھگڑا ہوتا ہی رہے۔

(7) باقی رہے تو اس علم نے مغلوب ہونے والے افراد کے جسم میں ایسی دردیں ظہور میں آتی ہیں جس سے ڈاکٹر حضرات بھی پہلی مرتبہ روشناس ہوتے ہیں کہ یہ کس قسم کا درد ہے اور اس کا علاج کیا ہے؟ ڈاکٹری دوائیوں سے ان کا علاج ہرگز نہیں ہوتا اور دردیں نئے نئے رنگوں میں اپنا اثر دکھاتی رہتی ہیں۔

(8) باقی رہے تو ایسے افراد پر ایک دیو کا سایہ ہے جو موقع ملنے پر اور ایک مخصوص وقت میں ان کے ساتھ ایسی حرکات کرتا ہے جس سے دل خوف کھاتا ہے اور گاہے بگاہے خون کے چھینٹے جسم اور کپڑوں میں پڑتے رہتے ہیں اور ایسے افراد کنوارے ہوں تو ان کی شادی مشکل سے ہوتی ہے کیونکہ ان پر جو بھی عمل کیا گیا ہے اس کی تمام میعاد تھی جو اپنی میعاد کو ختم کرنے تک ختم ہو چکا ہے لیکن اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں نکلتا کہ ان کا علاج نہیں ہے بلکہ اس کا علاج کیا جانا چاہئے۔

(9) باقی رہے تو کوئی بھی علاج یا دوائی اپنا اثر نہیں دکھاتی اور اچھے بھلے چلتے ہوئے کام ایک دم رک جاتے ہیں جس سے شادی شدہ عورت کی طلاق ایسے ہو جاتی ہے جس کے متعلق ہمیشہ ہی معمہ بنا رہتا ہے کہ یہ کیا ہوا ہے اس لئے اگر بات طلاق تک پہنچ جائے تو اس کا روحانی علاج کیا جائے تو طلاق نہیں ہوگی۔ اور اس بدعمل کے توڑ کے بعد ہر کوئی آپس میں سلوک و اتفاق سے رہیگا۔

(10) باقی رہے تو مریض جسمانی و روحانی تکالیف میں مبتلا ہے جس سے جسم کی ہڈیوں میں درد ہوتا ہے اور سر میں ہر وقت درد ہوتا رہتا ہے اگر اس کا بھی بروقت

علاج نہ کیا جائے تو لاعلاج ناممکن اور پیچیدہ بن جاتا ہے۔

(11) باقی رہے تو جادو اس قسم کا کیا گیا ہے کہ مریض جتنا گھر سے باہر رہیگا وہ ٹھیک اور صحتمند ہوگا۔ جیسے ہی گھر کے اندر داخل ہوگا۔ اس کا دل اڑنے لگے گا علاج کے بعد شفاء اللہ کے حکم سے ہوگی۔

(12) باقی رہے تو اس جادو کو کسی اپنے نے ہی ایسی بنیاد پر کیا ہے جس سے مریض کسی بھی مفاد پرست انسان کی ہر کوئی بات مانے اور نہ چاہتے ہوئے بھی انکار کسی بھی طرح نہ کر سکے لیکن اب اس کے جادو کروانے کا اثر بالکل ختم ہو گیا ہے کیونکہ جو مقصد تھ وہ پورا نہیں ہوا اور مریض کو ہوش وحواس میں رہنے کے ساتھ جو کام اس کا کرنا تھا وہ نہیں ہو سکا اور وہ خود بیمار ہو گیا ہے اس لئے ان کا روحانی علاج کیا جائے۔

یہ حساب علم الاعداد سے منسوب ہے جو بعض اوقات تو مریض کے مرض کے بالکل عین ٹھیک بیٹھتا ہے اور بعض اوقات ایسا حساب اخذ کرنے پر صحیح بات برآمد نہیں ہوتی اس لئے اگر کسی کے حساب سے کوئی بات صحیح نہ نکلے تو وہ اپنی زندگی میں پائی جانے والی موجود رکاوٹوں کو جادو ٹونہ ہی سمجھے یا بداعمال سے تشبیہ دے کیونکہ ایک دم اچانک جو انسان بیماریوں یا مصیبتوں میں گھر جاتا ہے اس کی یہی واضح علامات ہوتی ہیں۔ اب پچھلے اوراق میں جس حساب کو بتایا ہے اس کا توڑ کرنے کیلئے اپنے نام کی تکسیر دے کر اس کے نیچے جو کچھ بھی لکھا ہے اسے زعفران سے درج کرے اور ایک کو اپنے گلے میں باندھے اور ایک کو گلاب کے عرق سے دھو کر پئے اللہ کے حکم سے جن جن کا حساب یہاں سے نکلتا رہیگا ان کیلئے یہ ایک کرنٹ سے کم نہیں ہے۔ اس لئے اس عمل کو بالکل ایسے ہی لکھا جائے لیکن تکسیر اپنے نام کی ہر کوئی کریگا۔ آگے ایک مثال سے سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے یہ ذوالفقار نام کی تکسیر ہے اس لئے ہر کوئی اپنے نام کی علیحدہ تکسیر کرے اور اسے اپنے گلے میں باندھے جادو ٹونے کا توڑ ہوگا۔

ذ	و	ا	ل	ف	ق	ا	ر
ر	ذ	ا	و	ق	ا	ف	ل
ل	ر	ف	ذ	ا	ا	ق	و
و	ل	ق	ر	ا	ف	ا	ذ
ذ	و	ا	ل	ف	ق	ا	ر

بسم الله الرحمن الرحيم. آلمّ الله لا اله ال اهو الحی القیوم شهد الله انه لا اله الا هو الملئكة و اولو العلم قائما بالقسط لا اله الا هو العزیز الحكیم ذالكم الله فانی توفكون ولو ان قرآنا سیرت به الجبال او قطعت به الارض او كلم به الموتیٰ بل لله الامر جمیعا انما امره اذا اراد شنیا ان یقول له كن فیكون الحمد لله رب العلمین بل هم فی لبس من خلق جدید وهو معكم اینما كنتم والله بما تعلمون بصیر ان الله قوی عزیز ومن یتوكل علی الله فهو حسبه ان الله بالغ امره قد جعل الله لكل شی ء قدرا او احاط بما لدیهم و احصی شی ء عددا رب المشرق والمغرب لا اله الا هو فاتخذه وكیلا لا یتكلمون الا من اذن له الرحمن وقال صوابا من ای شی ء خلقه من نطفة خلقه فقدره ذی قوة الا بالله العلی العظیم وصلی الله علیٰ سیدنا محمد و آله وسلم.

جسمانی کپڑے سے مرض دیکھنا

اس طریقے سے کوئی بھی دیکھ سکتا ہے کہ مریض کو سایہ آسیب، جنات یا جادو ٹونہ کس نوعیت کا جادو یا عمل کیا گیا ہے جس کے عوض میں مریض کی اس طرح کی حالت ہے اور اس کا کیا طریقہ کار نکالنا چاہئے جس سے مریض پر ہوئے اس اثر کا خاتمہ کیا جا سکے لیکن اس تشخیص میں سو فیصدی کامیابی اور سو فیصدی مریض کے مرض کا پتہ لگانے کیلئے سورۃ والناس یا سورۃ الفلق کا عامل بننا ضروری ہے یا جس کسی نے ان دو سورتوں کو سوالاکھ کی تعداد میں پڑھ لیا ہو تو وہ فوری طور سے کپڑے کے ذریعے اس مرض کی صحیح نشاندہی ہو سکے گی۔ یہ طریقہ سب سے زبردست اہمیت کا حامل ہے اگر کوئی کسی کلام کا عامل نہ ہو تو یہاں لکھی گئی ہدایت پر عمل کر کے بھی دیکھا جا سکتا ہے اس کیلئے مریض کا پہنا ہوا کپڑا ہونا ضروری ہے یا مرض دیکھنے سے پہلے مریض کے لواحقین کو اس کا طریقہ کار اس طرح بتایا جائے کہ مریض کو رات کو کوئی بھی جسمانی کپڑا پہنائیں اور اگلے دن وہ خود یا عامل اس کپڑے کو پھیلا کر اس کپڑے کو ناپ لے پھر اسے بند کر دے اور اس پر سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ آیت الکرسی اکیس اکیس مرتبہ یا اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر سورۃ والصافات سپارہ (۲۷) کی آیات شطبا تک اور سورۃ جن (۲۹) کی آیات لاذب تک اکیس اکیس مرتبہ پڑھے یا انہیں آیات کو جہاں تک بتایا ہے علیحدہ سے لکھ کر رکھ لے جو بوقت تشخیص آسانی سے پڑھا جا سکے پھر سورۃ الفلق اور سورۃ والناس کو اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر کپڑے پر دم کرے اور دوبارہ کھول کر ناپے اگر کپڑا پہلے کی نسبت کم ہو جائے تو اس کو جادو سے منسوب کیا جائے یعنی مریض پر جادو کیا گیا ہے جس کی تفصیل بہت لمبی بنتی ہے یہاں مختصر طور سے لکھا

گیا ہے۔ مثلاً مریض پر جس نوعیت کا جادو کیا گیا ہے اس کا تعلق ایک ایسی مخلوق سے ہے جو جسم کے اندر داخل ہو کر اپنا اثر دکھاتے ہوئے کسی بھی دوائی کا اثر نہیں ہونے دیتی اور دوسرا کسی مردار حذی، لیموں، یا کانٹوں کے ذریعے دم کر کے پورا تکلیف دہ عمل تیار کر کے قبرستان میں دفن کیا ہوا ہے جس کے اثر سے مریض مرض میں مبتلا ہے۔ اگر کپڑا پہلے کی نسبت زیادہ یا کم بڑھ جائے تو مریض کے دل کی طرف سایہ آسیب ہے جو اپنے اندر بہت زیادہ طاقت رکھتے ہوئے مریض کو تکلیف دیتا ہے کیونکہ مریض نے کوئی کوتاہی کی ہے اس مرض سے متعلق یہ نشانی مردوں کیلئے اور عورتوں کا کپڑا دیکھتے ہوئے اگر کپڑا کم ہو جائے تو تکالیف پہلے والی ہی رہیں گی۔ اور اگر کپڑا بڑھ جائے تو ایک خبیث اس عورت پر مسلط ہے جو اس سے ہم بستری کرنے کے علاوہ اسے جسمانی تکالیف میں بھی مبتلا کرتا ہے اور اب تک کوئی بھی روحانی علاج اس پر اپنا اثر نہیں کر رہا اس کے کاٹ توڑ کیلئے کتاب میں سے دیکھ کر عملیات کئے جائیں اللہ کے حکم سے ان امراض سے متعلق جو بھی امراض ہونگے ان کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کپڑا اپنی کیفیت پر برقرار رکھتے ہوئے ویسے ہی رہے تو مریض کی جسمانی تکالیف میں مبتلا ہے۔ کسی اچھے سے حکیم یا ڈاکٹر کو دکھائے اللہ ضرور شفا دیگا۔ سلسلہ تشخیص پر علیحدہ کتاب تیار ہو رہی ہے جس میں جادو آسیب جن یا کسی بھی غیر انسانی مخلوق کے مسلط ہونے کے بارے میں مکمل تفصیل سے بتایا ہے۔ اور کون کون سی مخلوق کیا کیا کرتی ہے وہ سب کچھ اس کتاب میں درج ہے اور اس سے نجات پانے کے طریقہ کار بھی جو نہایت ہی مجرب ہیں اور ایسے استادوں کی سینے کی باتیں ہیں جنہیں کوئی بھی نہیں بتاتا اس لئے ایسے علوم کو سیکھنے سکھانے والے افراد کے متعلق اللہ سے خصوصی دعا کی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ میرے ان علوم کو ان جاہل عاملوں سے بچائے جو روحانیت کی الف بے بھی نہیں جانتے اور خود پیر بن کر بیٹھ گئے ہیں۔

تشخیص امراض

یہ طریقہ بھی تشخیص کرنے کیلئے بہت زبردست اہمیت کا حامل ہے جس سے کوئی بھی مرض سے متعلق پتہ لگا سکتا ہے لیکن اس عمل کو کرنے کیلئے بھی کسی اسم الٰہی، آیت قرآنی، یا کسی سورۃ کا عامل ہونا ضروری ہے کیونکہ اگر کوئی بغیر عامل بنے اس طریقے کو کریگا تو ہو سکتا ہے کبھی بعض اوقات تو کامیابی ہو اور بعض اوقات ناکامیابی ہو اب مریض کو اپنے پاس بٹھا کر ایک چھری پر آیت الکرسی، سورۃ الفلق، سورۃ والناس، کو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کے گرد اس چھری سے تین دائرے لگائے یعنی اس کی حصار کرے اور کسی پاک وصاف لکڑی کو جلا کر پاک جگہ پر اس کے ذریعے سے حاصل ہونے والے کوئلے سے مٹی کے کورے ٹھیکرے پر اس نقش کو بالکل ایسے ہی تحریر کر کے مریض کے پورے جسم پر مل کر پھر سات مرتبہ پھیر کر اسے آگ کے اوپر رکھ دے جیسے آج کل سوئی گیس والا چولہا ہے اس عمل کے دوران مریض پر سورۃ والناس اور سورۃ الفلق کو مسلسل پڑھ پڑھ کر دم کرنا چاہئے کم از کم پندرہ منٹ کے بعد دم کی آخری پھونک مار کر جہاں ٹھیکری کو رکھا ہے وہ جا کر دیکھے اگر کوئلے کی کالی سیاہی مٹی کے ٹھیکرے پر سرخ رنگ جیسے خون ہوتا ہے بن جائے تو مریض پر جادو بذریعہ مخلوق جنات کے ذریعے کیا گیا ہے جس کی مختلف اقسام ہو سکتی ہیں۔ اگر حروف کے گرد کٹ کٹ بن جائیں تو یہ مرض سایہ آسیب کی طرف منسوب ہے۔ جس کی بھی مختلف اقسام ہو سکتی ہیں۔ جو مریض خود بھی بتا سکتا ہے۔ اگر حروف کی کوئی اور خلاف توقع شکل بن جائے تو کوئی غیر انسانی مخلوق مریض پر مسلط رہتی ہے اور موقع ملنے پر اپنا غلبہ مریض پر اختیار کرتے ہوئے مریض کو تکلیف دیتی ہے۔ سب سے آخر میں ٹھیکری کو نکال کر سونگھے اگر اس میں سے کسی بدبو کا ظہور ہو تو مریض کا کوئی اپنا ہی یا اس سے مفاد حاصل

کرنے والا کسی کلام کو اس پر پڑھ پڑھ کر اس کا تصور باندھ کر دم کرتا ہے جس سے مریض مغلوب ہے۔ اور کسی تکلیف میں مبتلا ہے اگر حروف بالکل ویسے ہی رہیں تو مریض کو وہم کرنے کی بجائے کسی اچھے سے ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہئے تاکہ اس کا علاج ہو سکے اس عمل میں ٹھیکرے کو آگ پر رکھ کر دینا نہیں چاہئے جب تک پندرہ منٹ کا دم نہ کرایا جائے۔

فلان	فلان	فلان	فلان
ھ	ھ	ھ	ھ
ھ	ھ	ھ	ھ
ھ	ھ	ھ	ھ
ھ	ھ	ھ	ھ

سید شبیر حسین شاہ کی لازوال تصنیف
کنز الحسین

یہ کتاب آج سے اڑھائی سو سال پرانی ہے اور اس میں لکھے جانے والے نسخہ جات ایسے ہیں کہ کسی عامل یا استاد کی حاجت باقی نہیں رہتی عملیاتی و تعویذاتی فن میں مہارت حاصل کرنے والوں کیلئے یہ کتاب کسی مسیحا سے کم نہیں ہے۔ جیسے کوئی عامل ہندو دیوی یا دیوتاؤں سے کام لے سکتا ہے انہیں کس طریقے سے حاضر کر سکتا ہے وہ بغیر کسی چلہ کے درج کر دیا ہے اور اس کے علاوہ بنگالی زبان کے وہ صحیفے اصل بنگالی زبان میں لکھے گئے ہیں جو بوقت زوال جنے سے محفوظ ہو گئے تھے۔ کتاب میں درج فلیتہ جات ایسے ہیں جنہیں دیکھ کر انسان کی حیرت کم ہوتی ہے۔ کتاب ہندی، بنگالی اور دیگر مختلف نسخہ جات کی اصل زبان وار، وزبان کے ساتھ موجود ہے۔ اس کتاب کو خصوصی طور سے پیر السید علی حسین شاہ نے ترتیب دیا ہے۔ جو واقعی کسی حیرت سے کم نہیں۔

انڈے کے ذریعہ مرض دیکھنا

بذریعہ انڈا بھی مریض پر کیے ہوئے جادو ٹونہ سایہ آسیب یا کسی بھی مرض کی تشخیص کی جا سکتی ہے لیکن اس عمل کو کرنے کیلئے بھی جس چیز کو انڈے پر تحریر کرنا ہے اس کا عامل بننا ضروری ہے۔ یا اگر کوئی اس عمل کو کرنا چاہے تو اس نقش کو روزانہ بہتر مرتبہ کسی سفید کاغذ پر لکھ کر آٹے میں بند کر کے دریا میں مچھلیوں کو ڈالے اس کا عامل بن جائیگا پھر جس کسی بھی مریض پر اس طریقہ کار کو کریگا تو سو فیصدی نتائج مرتب ہونگے اور انڈے سے حاصل ہونے والے مواد کا علیحدہ سے طریقہ بتایا جائیگا۔ اس عمل کو کرنے کیلئے خاص دیسی مرغی کا انڈہ ہونا چاہئے اور اس پر اس نقش کو لکھ کر مریض کے جسم پر سات مرتبہ پھیر کر اس پر سورۃ والناس اور سورۃ الفلق کو سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو ہدایت کرے کہ وہ رات کو سونے سے پہلے اس انڈے کو اپنی چارپائی یا تکئے کے الٹی طرف رکھ کر سو جائے اور صبح اسے توڑے اگر انڈے میں سرخ نشان برآمد ہو جیسے خون ہوتا ہے تو مریض پر قسم جادو کی ہے جس سے مریض مرض میں مبتلا ہے اگر انڈے سے کالے نشانات برآمد ہوں تو مریض پر جادو کے ساتھ سایہ آسیب ہے جس سے تکلیف دن بدن بڑھتی ہی رہتی ہے اور کوئی بھی دوا یا علاج اپنا اثر نہیں دکھاتا اگر انڈے کی زردی کے اندر کوئی شکل واضح ہو جائے جیسے تصوراتی قسم کی کوئی شکل بن جاتی ہے تو اس شکل پر اسی وقت درود ابراہیمی کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس انڈے سمیت کسی مٹی کے پیالے کے اندر رکھ کر اسے دریا میں بہا دے اگر صرف پہلے نشانات میں سے نشان ہی رہیں تو انہیں بھی دریا میں بہانا چاہئے گھر میں اس انڈے کو

بعض اوقات ایسا بھی جادو کے ذریعے کر دیا جاتا ہے جس سے اگر کوئی فرد سونے کو اپنے ہاتھ میں پکڑے تو وہ مٹی بن جاتا ہے بنتے ہوئے سب کام اچانک بگڑ جاتے ہیں کوئی بھی واضح وجہ سامنے نہیں آتی جسم بوجھل بوجھل سا رہتا ہے سر میں ہلکا ہلکا سا درد بھی رہنا شروع ہو جاتا ہے غرض کہ ایسے کاموں سے واسطہ پڑتا رہتا ہے جو زندگی میں کبھی پیش نہ آئے ہوں ایسی تمام قسم کی قباحتوں سے محفوظ رہنے اور ان کے عمل خاتمے کیلئے درود ابراہیمی کو کثرت سے ورد کیا جائے اور لیٹے ہوئے درود پاک کو نہ پڑھا جائے بلکہ پاک اور باوضو حالت میں مصلے پر بیٹھ کر کثرت سے ورد کیا جائے اور اگر کوئی وقت مل جائے تو اپنے متعلقہ کام کے علاوہ کرنے والے ورد کو بھی کرے اللہ کے حکم سے اگر کسی نے بذریعہ جادو ایسی کیفیت میں مبتلا کیا ہوگا تو اس عمل یا جادو کا خاتمہ ہوگا۔

اچانک نقصان میں مبتلا

بعض اس قسم کے بھی جادو یا عمل کئے کروائے جاتے ہیں جس سے کسی انسان کی زندگی میں نحوستوں کے بادل چھا جاتے ہیں اور کوئی بھی دوا یا دعا اپنا اثر بھی نہیں کرتی اس کے عمل حل کیلئے کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر پنجتن پاک کے نام کے چراغ لے جا کر روشن کئے جائیں اس عمل کو بروز جمعرات سے شروع کیا جائے اور ہر جمعرات کو وہاں چراغ بندی کی جانی چاہئے ان کے مزار پر پھول چڑھانے چاہئیں اور ان کے مزار پر مکمل تعداد میں (الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ) کا کثرت سے ورد کرنا چاہئے اللہ کے حکم سے اس کیفیت میں جو کوئی بھی مبتلا ہوگا وہ فرد خود محسوس کریگا۔

رشتہ ہو

جادو کی بنیاد پر نکاح بندی والے اعمال بھی کئے جاتے ہیں جس سے خوبصورت لڑکے یا لڑکی کا کہیں بھی رشتہ نہیں ہوتا ایسا نہیں ہوتا کہ رشتے نہیں آتے بلکہ رشتے مسلسل آتے رہتے ہیں لیکن بات کہیں طے نہیں پاتی ایسی کیفیت کے متعلق یہی سمجھ جانا چاہئے کہ کوئی اس میں خلل پیدا کر رہا ہے اس کو باطل کرنے اور شادی کرنے کیلئے اور خود بخود رشتوں کی آمد کیلئے اس عمل مبارک کو کیا جائے اللہ کے حکم سے رشتے بھی آئیں گے اور ٹھہریں گے پھر اپنی مرضی اور خواہش کے مطابق اچھی جگہ رشتہ کر لینا چاہئے اللہ برکت ڈالے گا اس عمل کو کرنے کیلئے لڑکا یا لڑکی اپنا پرانا کپڑا پہنا ہوا لے کر اس میں سوا کلو ماش سات عدد لونگ ٹوپی والے سات کالی مرچیں اور گیارہ روپے کا سندور ان سب کو اپنے پہنے ہوئے کپڑے میں رکھ کر سورۃ مریم کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسے کسی ایسی جگہ کھول کر رکھ دے جہاں کیڑیاں یا کیڑے ہوں اس عمل کو کرنے کیلئے اس بات کی اجازت ہے کہ اگر گھر میں کوئی ایسی جگہ موجود ہو جہاں کیڑوں کی آمد تو وہاں بھی اس عمل کو کیا جا سکتا ہے جب کپڑے کو وہاں کھول کر رکھا جائے تو گھر آ کر اس عمل کو کر کے تازہ غسل کیا جائے اور غسل خانہ سے باہر نکل کر تھوڑا سا شہد اپنے منہ میں ڈالے اور تیسرا کلمہ منہ میں پڑھنا شروع کر دے پھر اس نقش کو خود لکھے اور اسے اپنے گلے میں ڈالے بحکم خدا مکمل توڑ ہوگا۔

۱۵۵۸	۱۵۶۱	۱۵۶۵	۱۵۵۱
۱۵۶۴	۱۵۵۲	۱۵۵۷	۱۵۶۲
۱۵۵۳	۱۵۶۷	۱۵۵۹	۱۵۵۶
۱۵۶۰	۱۵۵۵	۱۵۵۴	۱۵۶۶

شادی ہو

بعض حالت میں اس قسم کا بھی عمل کیا جاتا ہے جس سے کسی مرد و عورت کی شادی نہیں ہوتی اسی کشمکش میں وقت گذارتے ہوئے اتنی دیر ہو جاتی ہے کہ عمریں بڑھ جاتی ہیں اور اچھے رشتے ہاتھ سے نکل جاتے ہیں شادی کرنے کیلئے اور جادو یا بداعمال کا خاتمہ کرنے کیلئے اس عمل کو اس طرح سے کیا جائے کہ نوچندی جمعرات والے دن دریا سے پانی لایا جائے اور اس پر چاروں قل شریف کو سو سو مرتبہ ہر ایک قل کو پڑھ کر دم کیا جائے اور اس پانی کو کسی مٹی کے گھڑے میں رکھا جائے پھر روزانہ صبح نہار منہ اس پانی سے غسل کیا جائے اور اس پانی کی بے ادبی نہ ہونے پائے بعد اس کا بندوبست پہلے سے کر لے پھر عمل سورۃ الفتح لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے شادی ہونے کے راستے خود بخود کھل جائیں گے اور شادی ہونے میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا۔

شادی ہو

بعض اوقات اس قسم کا عمل کیا جاتا ہے جس سے شادی ہوتے ہوتے اچانک کسی غیر متوقع وجہ سے ٹوٹ جاتی ہے اور جہاں بھی شادی کا ارادہ ہو وہاں سے انکار لازمی جز بن جاتا ہے اس عمل کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے روزانہ بعد نماز عشاء سورۃ الناس کو ایک ہزار کی تعداد میں پڑھ کر تازہ پانی میں دم کرے اور اسے اسی وقت پی لیا کرے پھر چاروں قل شریف کو کسی سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں اچھا سا عطر لگا کر باندھے اور اس عمل کا کسی سے ذکر نہ کرے اللہ کے حکم سے شادی ہونے میں حائل تمام رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا۔ اور کسی اچھی جگہ شادی ضرور ہو جائیگی۔

شادی ہو

اگر کسی مرد و عورت کی شادی نہ ہوتی ہو اور عمر گذرتی جا رہی ہو یا گذر چکی ہو تو وہ نیا چاند چڑھنے پر جو بھی دن آئے اس دن ایک چھوٹی سی بوتل شہد لے کر اکتالیس عدد کالی مرچیں شہد کی بوتل کا ڈھکن کھول کر اپنے سامنے رکھے اور مرچوں کو بھی پھر سورۃ البقرۃ ایک مرتبہ سورۃ الناس سو مرتبہ سورۃ الفلق سو مرتبہ ان کو مرچوں اور شہد پر دم کرے اور دم کرنے کے مرچوں کو کسی پاک و صاف کھرل میں پیس کر شہد میں اچھی طرح ملا دے اور اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے تازہ غسل کرے اور اپنے جسم کا پہنا ہوا کپڑا کسی غریب کو دے پھر بسم اللہ شریف پڑھ کر اس شہد کو انگلی کی مدد سے چاٹنے دن میں تین مرتبہ اس شہد کا استعمال کرے اور اپنی نیت کا کامل تصور باندھے نماز و روزے کی سختی سے پابندی کرے اور کتاب میں سے کوئی حاجتی نقش اس طریقے کے مطابق لکھ کر استعمال کرے۔

شادی ہو

اپنی شادی کو کروانے اور اس میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے ایک عدد عود کی لکڑی لے کر اس پر سو سو مرتبہ سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص کو پڑھ کر دم کیا جائے اور اسے بعد دم کرنے کے آگ میں جلا کر اس کی راکھ کو اپنے کسی پہنے ہوئے کپڑے میں اس راکھ کو حفاظت سے رکھے اور سات دن گذرنے کے بعد آٹھویں دن اس راکھ کو چلتے ہوئے پانی میں کپڑے سمیت بہادے گھر آ کر تازہ غسل کرے اور جو درود مبارک زبانی یاد ہو اس کو بکثرت اپنے مقصد کا تصور باندھ کر پڑھے اس عمل کو اسی صورت میں کیا جائے جب یہ بات ثابت ہو جائے کہ جادو کے ذریعے شادی میں رکاوٹ ہے۔

رکاوٹ و بندش کا خاتمہ

اگر کسی عورت یا لڑکی و لڑکے کا نکاح بند کر دیا ہو جس سے اس کی کسی بھی جگہ شادی یا کوئی رشتہ طے نہ پا رہا ہو تو وہ اس نقش کی بدولت اپنے اس مقصد میں کامیاب ہو سکتے ہیں اور ایسے افراد بھی جن کا پچھلے صفحات میں تفصیل سے ذکر کیا ہے وہ تمام اس نقش کو استعمال کر سکتے ہیں جو طریقہ یہاں بتایا جائیگا اس طریقے پر سختی سے کرنا ہوگا۔ پھر یہ نقش اپنا اثر دکھاتے ہوئے کامیابی ضرور دلوائیگا یعنی اس جادو یا عمل کا خاتمہ ضرور کر دیگا۔ جس کی بدولت شادی یا رشتہ قائم نہیں ہوتا اس نقش کو اپنے پہنے ہوئے کپڑے پر زعفران سے لکھا جائے اور اس طرح کے کل اکیس نقش لکھے جائیں پھر تمام نقوش کو مٹی کی کوری ہانڈی میں ڈال کر دریا میں بہادے اور اس عمل کے بعد اسی نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اور نقش کا کامل اثر دیکھے اس نقش کو اپنے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھ کر پہنا بھی جا سکتا ہے ایسا اسی صورت میں کرنا ہوگا جب کہ پہلے والا عمل اپنا اثر نہ کرے اور اس پانی کی بے ادبی نہ ہو۔

یا حافظ	یا حفیظ	یا ناصر	یا نصیر
۹۸۹	۱۶۹	۱۴۶	۳۲۱
۲۶۰	۱۴۷	۱۷۱	۹۹۱
۳۳۹	۱۴۷	۱۷۱	۲۹۱
۱۷۵	۹۹۴	۳۳۸	۲۴۸
۵	۵	۵	۵
یا رحمن	یا رحیم	یا رقیب	یا وکیل

حضور نبی کریم ﷺ کے پاک اسماء سے علاج

روحانیت کے حوالے سے سرکار دو عالم کے نام مبارک والا نقش درج کر دیا ہے اب آپ ﷺ کے نام مبارک کے علیحدہ علیحدہ ناموں کے نقوش درج ہونگے جن کو نہایت ہی پاک اور باوضو حالت میں جادو ٹونہ کے خاتمے کیلئے بڑے سے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھا جائے ان تمام نقوش کو اپنے گلے میں باندھا جائے اور پینے والے نقوش کو روز کا ایک لکھ کر سارا دن پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیا جائے اور اس کاغذ کو بھی نگل لیا جائے اللہ کے حکم سے جادو ٹونے اور بد اعمال کا ضرور خاتمہ ہوگا۔ روحانیت کے چلتے ہوئے سلسلے میں اس قسم کا عمل یا ان کے نام مبارک سے کام لینے کا یہ پہلی مرتبہ طریقہ کار درج کیا جا رہا ہے اس سے پہلے دنیا کی کسی بھی کتاب میں اس قسم کا عمل نہیں لکھا ہوگا۔ اس عمل کا تعلق خاص الخاص سینہ بہ سینہ اعمال سے ہے لیکن ہو سکتا ہے کہ بعض افراد اس عمل کے اندر نقص نکالیں اور نہ جانے کیا کیا نام دے کر غلط ثابت کرنے کی کوشش کریں لیکن اس بات کو ایسے افراد ضرور یاد رکھیں کہ اگر انسان کا آپ ﷺ کے نام مبارک کی بدولت علاج ہو جائے یا اسے صحت و تندرستی مل جائے تو اس میں کوئی بری بات نہیں ہے بری بات یا برا کام اسی صورت میں بنتا ہے۔ جب اللہ کی پاک کلام کا ناجائز استعمال کیا جائے میں اس کو ناجائز نہیں سمجھتا بلکہ میں خود ان طریقوں سے کئی لاعلاج جادو ٹونے میں مبتلا افراد کا علاج کر چکا ہوں اور کر رہا ہوں اس لئے تمام نقوش کو لکھے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کریں اللہ کے حکم سے اللہ سرکار دو عالم ﷺ کے نام مبارک کے صدقے میں ضرور شفاء سے نوازے گا۔ ان عملیات کو خود اپنے ہاتھوں سے تیار کرنا چاہئے جیسے جیسے لکھا گیا ہے ایسے ہی کرتے جائیں اور پاک و باوضو حالت میں رہیں اللہ ضرور شفاء دیتا ہے میں ان جنتر منتروں سے زیادہ اللہ کی کلام یا سرکار دو عالم ﷺ کے نام سے علاج کرنے کو ترجیح دیتا ہوں جو سب سے افضل ہیں۔ کل ننانوے روز کا عمل ہے۔ پچھلے صفحے میں گذرے اسماء الٰہی والے نقوش کے بعد سرکار دو عالم ﷺ کے نام مبارک سے علاج کیا جائے طریقہ استعمال وہی رہیگا۔

نقش اسماء مبارک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

محمد	احمد	حامد	محمود	قاسم
عاقب	فاتح	خاتم	حاشر	ماح
داع	سراج	رشید	منیر	بشیر
نذیر	هاد	مهد	رسول	نبی
طهٰ	یس	مزمل	مدثر	شفیع
خلیل	کلیم	حبیب	مصطفی	مرتضیٰ
مختار	ناصر	منصور	قائم	حافظ
شهید	عادل	حکیم	نور	حجة
برهان	ابطحی	مومن	مطیع	مذکر
واعظ	امین	مدنی	عربی	هاشمی
تهامی	حجازی	نزاری	قریشی	مضری
امی	عزیز	حریص	رئوف	رحیم
یتیم	غنی	جواد	فتاح	عالم
طیب	طاهر	مطهر	خطیب	فصیح
سید	منتقی	امام	بار	شاف
متوسط	سابق	متصدق	مهدی	حق
مبین	اول	آخر	ظاهر	باطن
رحمة	محلل	محرم	امر	صادق
مصدق	ناطق	صاحب	مکی	ناه
شکور	قریب	منیب	مبلغ	طس
	حم	حبیب	اولیٰ	

محمد
الصلوۃ و السلام
علیک یا عاقب
محمد
الصلوۃ و السلام
علیک یا فاتح
محمد
الصلوۃ و السلام
علیک یا خاتم
محمد
الصلوۃ و السلام
علیک یا حاشر
محمد
الصلوۃ و السلام
علیک یا ماح
محمد
الصلوۃ و السلام
علیک یا طٰه
محمد
الصلوۃ و السلام
علیک یا یٰس
محمد
الصلوۃ و السلام
علیک یا مزمل
محمد
الصلوۃ و السلام
علیک یا مدثر
محمد
الصلوۃ و السلام
علیک یا شفیع

الصلوة و السلام
علیک یا خلیل

الصلوة و السلام
علیک یا کلیم

الصلوة و السلام
علیک یا حبیب

الصلوة و السلام
علیک یا مصطفی

الصلوة و السلام
علیک یا مرتضی

الصلوة و السلام
علیک یا مجتبی

الصلوة و السلام
علیک یا مختار

الصلوة و السلام
علیک یا ناصر

الصلوة و السلام
علیک یا منصور

الصلوة و السلام
علیک یا قائم

الصلوة و السلام
علیک یا حافظ

الصلوة و السلام
علیک یا شهید

الصلوة و السلام
علیک یا رسول الله

الصلوة و السلام
علیک یا عادل

الصلوة و السلام
علیک یا حکیم

الصلوة و السلام
علیک یا نور

الصلوة و السلام
علیک یا حجة

الصلوة و السلام
علیک یا برهان

الصلوة و السلام
علیک یا ابطحی

الصلوة و السلام
علیک یا مومن

الصلوۃ و السلام
علیک یاعربی

الصلوۃ و السلام
علیک یاھاشمی

الصلوۃ و السلام
علیک یاتھامی

الصلوۃ و السلام
علیک یاحجازی

الصلوۃ و السلام
علیک یانزاری

الصلوة و السلام
علیک یا قریشی
الصلوة و السلام
علیک یا مضری
الصلوة و السلام
علیک یا امی
الصلوة و السلام
علیک یا عزیز
الصلوة و السلام
علیک یا حریص
الصلوة و السلام
علیک یا رءوف
الصلوة و السلام
علیک یا رحیم
الصلوة و السلام
علیک یا یتیم
الصلوة و السلام
علیک یا غنی
الصلوة و السلام
علیک یا جواد

الصلوۃ و السلام
علیک یا خطیب

الصلوۃ و السلام
علیک یا فصیح

الصلوۃ و السلام
علیک یا سید

الصلوۃ و السلام
علیک یا متقی

الصلوۃ و السلام
علیک یا امام

الصلوة و السلام
علیک یا بار

الصلوة و السلام
علیک یا شاف

الصلوة و السلام
علیک یامتوسط

الصلوة و السلام
علیک یا سابق

الصلوة و السلام
علیک یامتصدق

الصلوة و السلام
علیک یا مهدی

الصلوة و السلام
علیک یاحق

الصلوة و السلام
علیک یا مبین

الصلوة و السلام
علیک یا اول

الصلوة و السلام
علیک یا آخر

الصلوۃ و السلام
علیک یا ظاہر

الصلوۃ و السلام
علیک یا باطن

الصلوۃ و السلام
علیک یا رحمۃ

الصلوۃ و السلام
علیک یا محلل

الصلوۃ و السلام
علیک یا محرم

الصلوۃ و السلام
علیک یا امر

الصلوۃ و السلام
علیک یا صادق

الصلوۃ و السلام
علیک یا مصدق

الصلوۃ و السلام
علیک یا ناطق

الصلوۃ و السلام
علیک یا صاحب

الصلوة و السلام
علیک یامکی

الصلوة و السلام
علیک یا ناه

الصلوة و السلام
علیک یا شکور

الصلوة و السلام
علیک یاقریب

الصلوة و السلام
علیک یامنیب

الصلوة و السلام
علیک یامبلغ

الصلوة و السلام
علیک یاطس

الصلوة و السلام
علیک یا حم

الصلوة و السلام
علیک یاحبیب

الصلوة و السلام
علیک یااولی

خواص اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم

پچھلے صفحات میں درج اسماء النبی ﷺ کے نام مبارک سے طریقہ علاج بتایا ہے اس کا تعلق اس شفاء سے ہے۔جس کو میعادی جادو کہتے ہیں یعنی ایسا جادو جو لا علاج بن جاتا ہے۔اور کسی بھی دوا یا درود یا کسی بھی کلام سے آرام نیں آتا یہ عمل نہایت ہی مجرب ہے اور کئی مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے۔اس کی کل مدت ننانوے دن ہے کیونکہ سرکار مدینہ ﷺ کے نام مبارک ننانوے ہیں اس لئے جو کوئی بھی فرد معمولی جادو سے لے کر بڑے سے بڑے جادو کا علاج اس عمل کی بدولت کریگا وہ بحکم خدا ضرور کامیاب ہوگا۔اور اس عمل کو کرنے کیلئے کسی بھی قسم کے کسی عمل کی کوئی حاجت نہیں رکھی گئی اس عمل کو کوئی بھی کر سکتا ہے لیکن اس کے ساتھ کامل پرہیز گاری اور ایمان کی پختگی لازمی شرط ہے۔اب اگر کسی نے اس عمل کی آزمائش کرنی ہو تو اس کو مصنف کتاب السید علی حسین شاہ کی طرف سے کھلی اجازت ہے۔وہ اس کو ہر طرح سے آزمائے کیونکہ مجھے اپنے نسخے میں کسی بھی قسم کا کوئی شک نہیں ہے اور میں کو میعادی جادو میں مبتلا افراد کا علاج اس عمل کی بدولت کرتا ہوں اور اللہ نے مجھے ہر بار کامیابی عطا فرمائی ہے۔تمام نقوش کو کسی بڑے سے سفید کاغذ پر چھوٹا چھوٹا کر کے لکھا جائے اور روز نیا نقش تازہ لکھ کر پانی میں دھو کر پئے اور اگلے دن نیا نقش لکھنے سے پہلے کو نگل لیا جائے اس عمل کو کل ننانوے دنوں تک کیا جائے پھر اس عمل کا اثر خود اپنی آنکھوں سے ملاحظہ فرمالے اللہ تعالیٰ نیک نیتی رکھنے والوں کو ضرور کامیابی عطا فرماتا ہے اور حضور نبی کریم ﷺ کے نام مبارک کے صدقے میں بڑے سے بڑا کام کر دیتا ہے۔

بخار

جادو کے ذریعہ اس قسم کا بھی جادو کیا جاتا ہے جس سے اگر کسی کو بخار چڑھتا ہے تو وہ اترنے کا نام تک نہیں لیتا اگر کوئی اس کیفیت کا شکار بن گیا ہو تو وہ اس نقش کو اپنے پہنے ہوئے کپڑے کے چار ٹکڑوں پر کالی سیاہی سے لکھے ایک کو پانی میں گھول کر پئے دوسرے کو اپنی چارپائی کے ساتھ الٹی طرف باندھے تیسرے کو فریم کروا کر اپنی آنکھوں کے سامنے لگائے چوتھے کو اسی طرح لپیٹ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے اسی وقت بخار کا خاتمہ ہوگا۔

۷۰	۵۰	۱	۴۰
۱	۴۰	۷۰	۵۰
۴۰	۱	۵۰	۷۰
۵۰	۷۰	۱۰	۱

بخار

جادو کے ذریعہ گردن توڑ بخار بھی ہو جایا کرتا ہے جس سے مریض پر کوئی دوا اپنا اثر نہیں دکھاتی اگر کوئی اس مرض میں مبتلا ہو تو اس نقش کو چاندی کے پترے پر کندہ کروا کر اسے شہد میں ڈال کر اس شہد کو دن میں تین مرتبہ چاٹے اور اسی نقش کو سفید کاغذ پر زعفران یا کسی سیاہی سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے۔

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

شفائے امراض

اگر کوئی ناگہانی آفت میں مبتلا ہو جائے جس سے کوئی بھی تدبیر کام نہ کرتی ہو تو وہ ان آیات کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پلائے اسی وقت حالت قابو میں آجائیگی۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ویشف صدور قوم مومنین وشفاء لما فی الصدور یخرج من بطونها شراب مختلف الوانہ فیہ شفاء للناس وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمومنین واذا مرضت فهو یشفین قل هو للذین امنوا هدی وشفاء۔

شفائے امراض

اس نقش کو تمام قسم کے امراض سے نجات کیلئے گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال کر پیا جائے اور ایک کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے پہلے اس نقش کو دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے اس عمل کو ایسے افراد بھی کر سکتے ہیں جو کسی مرض میں مبتلا ہوں یعنی ڈاکٹری رپوٹ کے مطابق مریض کو مرض بتاتے ہیں حقیقت میں نہیں ہوتا۔ بلکہ جادو یا بد اعمال کے سبب ایسے اعمال کئے جاتے ہیں۔

۲۴۴۴۰	۲۴۴۵۴	۲۴۴۵۱	۲۴۴۴۸
۲۴۴۵۲	۲۴۴۴۷	۲۴۴۴۱	۲۴۴۵۳
۲۴۴۴۶	۲۴۴۴۹	۲۴۴۵۶	۲۴۴۴۲
۲۴۴۵۵	۲۴۴۴۳	۲۴۴۴۵	۲۴۴۵۰

جسمانی بخار

اگر کوئی جسمانی یا روحانی کسی بھی تکلیف میں مبتلا ہو تو کہیں سے ملتانی مٹی لا کر اس پر سورۃ کو سات مرتبہ مریض کی بیماری کے خاتمے کا تصور باندھ کر پڑھ کر دم کرے اور اس مٹی کو آٹے کی طرح گوندھ کر مریض کے ماتھے پر دن میں تین مرتبہ لگائے اور اتاری ہوئی مٹی کو کہیں حفاظت سے رکھتا جائے اس عمل کو تین دنوں تک کیا جائے جب تین دنوں کا عمل مکمل ہو جائے تو اس مٹی کو کسی مٹی کی ھانڈی میں رکھ کر پھر اسی سورۃ کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرکے چلتے ہوئے پانی میں بہائے پھر اسی سورۃ کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر مریض کا نام مع والدہ لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے جس بھی نوعیت کا جادو بخار ٹونہ یا کوئی بھی بدعمل ہوگا اس کا تین دنوں کے اندر اندر خاتمہ ہوگا۔ اور مریض کو سو فیصد نجات ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ والسماء والطارق وما ادرك ما الطارق النجم الثاقب ان كل نفس لما عليها حافظ فلينظر الانسان مم خلق من ماء دافق يخرج من بين الصلب والترائب بسم الله الرحمن الرحيم سبح اسم ربك الاعلىٰ الذى خلق فسوىٰ والذى قدر فهدى ويحق كهيعص ذكر رحمت ربك عبده زكريا اذ نادى ربه نداء خفيا قال انى وهن العظم واشتعل الراس شيبا ولم اكن بدعائك رب شقيا۔

دوران حمل ڈر لگنا

اس مرض کے خاتمے کیلئے سات عدد کالی مرچوں کے دانے لے کر ان سو مرتبہ سورۃ والفلق اور سورۃ والناس پڑھ کر دم کرے اور انہیں اپنے پہنے ہوئے کپڑے میں رکھ کر الٹی طرف باندھے جب پیدائش ہو تو انہیں اتار کر بچے کے گلے میں باندھے ماں و بچہ دونوں بد اعمال اور ڈر و خوف سے محفوظ ہونگے۔

ڈر و خوف

اگر کوئی ناگہانی ڈر و خوف میں مبتلا ہو اور کوئی واضح مرض سمجھ نہ آرہا ہو تو اس نقش کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے۔

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
بسم	اللہ	الشافی	الحمدللہ
بسم	اللہ	الکافی	سبحان اللہ
بسم	اللہ	المعافی	فلاں

ڈر و خوف کا خاتمہ

بعض اوقات کوئی بچہ یا بڑا خصوصاً خواتین کسی ناگہانی ڈر و خوف میں ایسا مبتلا ہو جاتی ہیں جس کو وسوسے کی شکایت کہا جا سکتا ہے یعنی عجیب قسم کے وسوسے آتے رہتے ہیں اور اسی ڈر کی وجہ سے کوئی بھی کام صحیح نہیں ہو سکتا اس کے کامل علاج کیلئے اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھا جائے ایک کو مریض یا بچے کے گلے میں باندھا جائے اور [illegible] کو اس وقت تک پہنے رکھا جائے۔

اعوذ	باللہ	من الشیطان	الرجیم
باللہ	من الشیطان	الرجیم	بسم
من الشیطان	الرجیم	اللہ	اللہ
الرجیم	الرحمن	الرحمن	الرحیم

پیشاب جاری ہو

جادو کی بنیاد پر ایسا کیا جاتا ہے جس سے پیشاب بند ہو جاتا ہے اور کئی علاج و معالجے کے بعد بھی نہیں آتا اور اگر اس کا علاج نہ کیا جائے تو مریض ہلاک بھی ہو سکتا ہے اس کے کامل علاج کیلئے پانچ عدد کالی مرچوں پر سورۃ الفاتحہ اکتالیس مرتبہ اور سورۃ المزمل اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ان پانچوں کو اسی وقت نگل لے بند پیشاب اسی وقت جاری ہوگا۔ اس عمل کو تین دن یا سات دن تک متواتر کیا جائے مکمل شفاء حاصل ہوگی۔

پیشاب بند ہو

جادو کی بنیاد پر ایسا بھی کیا جاتا ہے جس سے مریض کا پیشاب مسلسل جاری رہتا ہے اور کسی بھی دوا سے آرام نہیں ملتا اس کے علاج کیلئے اس نقش کو چاندی یا تانبے کے پترے پر کندہ کروائے اور اس پر شہد ڈال کر اسی وقت چاٹے جاری پیشاب بند ہوگا پھر روزانہ دن کے تین حصوں میں شہد والے عمل کو دہرایا جائے اس مرض سے مکمل شفاء اور بتائے گئے عمل کا توڑ اسی صورت میں ہوگا۔ جب کسی نے بذریعہ جادو بدعمل کیا ہوگا اگر کوئی ڈاکٹری تکلیف ہوگی تو ہو سکتا ہے کہ یہ عمل اپنا اثر واضح نہ دکھائے لیکن پھر

بھی اس عمل کی بدولت کافی سکون مل سکتا ہے۔

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
اللہ	لا الہ الا	ھو الحی	القیوم
لا حول	ولا قوۃ	الا باللہ	العلی العظیم
لا الہ	الا اللہ	محمد رسول	اللہ

اگر گھر سے نقش برآمد ہوں

اگر کسی کے گھر سے کوئی نقش یا کوئی ہنڈی یا کوئی بھی ایسی چیز ملے جس کا مقصد تکلیف دینے سے ہو یا گھر کے افراد کو نقصان میں مبتلا کرنا ہو تو اس چیز کو حفاظت سے اپنے پاس رکھے پھر بازار سے مٹی کا گھڑا لا کر اس میں سادہ پانی بھرے اور اس پانی پر ہر قل شریف کو سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے یعنی ایک قل شریف کو سو مرتبہ پڑھے پھر اس نقش یا جو کوئی بھی چیز ہو اسے اس گھڑے میں ڈال کر چلتے دریا یا نہر میں ڈھکن دے کر بہا دے پھر اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے نئے مٹی کے گھڑے میں ڈال کر پورے گھر کے کونوں میں اس پانی کے چھینٹے لگائے انشاء اللہ علم سے جس کسی نے بھی نقصان یا تکلیف دینے والا عمل کیا ہو گا وہ باطل ہو گا اور ہو سکتا ہے کہ اس عمل کی بدولت یہ عمل وہاں واپس چلا جائے جہاں سے یہ آیا ہے اگر کسی دکان یا کاروباری مقام سے کوئی چیز برآمد ہو جائے تو بھی اسی عمل کو کیا جائے بد اثرات کا خاتمہ ہو گا۔ اور مکمل سکون حاصل ہو گا۔

الحق	الموجود	الحق	الموجود	الحق
الموجود	الحق	الموجود	الحق	الموجود
الحق	الموجود	الحق	الموجود	الحق
الموجود	الحق	الموجود	الحق	الموجود
الحق	الموجود	الحق	الموجود	الحق
الموجود	الحق	الموجود	الحق	الموجود
الحق	الموجود	الحق	الموجود	الحق

خاوند بیوی کو اچھا نہ سمجھے

بذریعہ جادو گھر میں حسد و بغض رکھنے والے افراد اس قسم کا بھی جادو یا عمل کروا دیتے ہیں جس سے خاوند کسی بھی طور اپنی بیوی کو اچھا نہیں سمجھتا اور نہ ہی اس کی کوئی قدر کرتا ہے گھر کا خرچ بھی نہیں دیتا اور ایسا کرنے کی کوئی واضح وجہ سامنے نہیں آتی اگر کوئی خاتون اس کیفیت میں مبتلا ہو تو پاؤ مصری لائے اسے اپنے ہاتھوں سے باریک پیس کر اس کا حلوا تیار کرے اور اس پکے ہوئے حلوے کو کسی بڑے سے برتن میں ڈال کر اس پر اس آیت کو چھری سے لکھے اور اسے اپنے خاوند یا جس کسی سے اچھا سلوک پیدا کرنا ہو کھلایا جائے اس عمل کی بدولت خاوند و بچے دونوں ہی پیار و محبت سے رہیں اور گھر کا سکون بحال رہیگا۔

یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ۔

اعمال نکاح بندی اور آیات

(۱) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

نصر من الله وفتح قريب و بشر المومنين ان تستفتحوا فقد جاء كم الفتح ان فتحنا لك فتحا مبينا يغفرلك الله ما تقدم من ذنبك وما تا خر و يتم نعمته عليك ويهديك صراطا مستقيما وينصرك الله نصرا عزيز فانزل السكينة عليهم واتابهم فتحا قريبا وعنده مفاتيح الغيب لا يعلمها الا هو وفتحت السماء فكانت ابوابا اذا جا۔ نصر الله والفتح وهو الفتاح برحمتك يا ارحم الراحمين۔

(۲) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

قل اعوذ برب الناس ملك الناس اله الناس من شر الوسواس الخناس الذى يوسوس فى صدور الناس من الجنته والناس۔

(۳) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

قل هو الله احد الله الصمد لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا احد۔

(۴) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

قل اعوذ برب الفلق من شر ما خلق و من شر غاسق اذا وقب و من شر النفثت فى العقد و من شر حاسد اذا حسد۔

رکاوٹ اور آیات

(۱) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

اللهم تب علينا قبل الموت وهون علينا شدت الموت وارحمنا عند الموت ولا تعذبنا بعد الموت يا خالق الحيوة والموت توفنا مسلمين والحقنا بالصلحين۔

(۲) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

اللهم يا رب الارباب ويا مسبب الاسباب ويا مسهل الاصعاب ويا مقلب القلوب والابصار ويا دليل المتحيرين ويا غياث المستغثين توكلت عليك يا رب وافوض امرى اليك يا رب لا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم۔

(۳) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

اللهم انا نستعينك ونستفتحك بام يحيٰ بن زكريا يا مالك يوم الدين اياك نعبدواياك نستعين۔

(۴) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

يا شفيق يا رفيق نجنى من كل ضيق۔

(۵) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

يا حى يا قيوم ويا بديع السموات والارض اسئلك ان يحى قلبى بنور معرفتك ابدا سرمدا يا الله يا الله يا الله۔

قائم حمل اور آیات

(۱) بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اذ قالت امراة عمران رب انی نذرت لك ما فی بطنی محررا فتقبل منی انك انت السميع العليم فلما وضعتها قالت رب انی وضعتها انثی والله اعلم بما وضعت وليس الذكر كالانثی وانی سميتها مريم وانی اعيذها بك وذريتها من الشيطن الرجيم فتقبلها ربها بقبول حسن وانبتها نباتا حسنا وكفلها زكريا كلما دخل عليها زكريا المحراب وجد عندها رزقا قال يمريم انی لك هذا قالت هو من عند الله ان الله يرزق من يشاء بغير حساب۔

(۲) بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

هنالك دعا زكريا ربه قال رب هب لی من لدنك ذرية طيبة انك سميع الدعاء فنادته الملئكة وهو قائم يصلی فی المحراب ان الله يبشرك بيحيی مصدقا بكلمة من الله وسيدا و حصورا ونبيا من الصلحين قال رب انی يكون لی غلام وقد بلغنی الكبر امراتی عاقر قال كذلك الله يفعل ما يشاء۔

ترقی کاروبار اور آیات

(۱) بسم اللہ الرحمن الرحیم

يا مسبب الاسباب ويا مفتح الابواب ويا مقلب القلوب ويا خالق الابصار ويا دليل المتحيرين ارشدنی ويا غياث المستغثين اغثنی توكلت عليك يا رب افوض امری اليك لا حول ولا قوة الا بالله العلی العظيم بحق اياك نعبدواياك نستعين۔

(۲) بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اللهم يا مسخر السموات السبع والارضين السبع ومن فيهن ومن عليهن سخرنی كل شیء من عبادك مما فی بحرك حتی لا يكون شیء فی الكون كان متحركا او ساكنا او صامتا او ناطقا او ظاهرا او باطنا الا سخرته لی ببركة اسمك اللطيف المكنون يا الله يا حی يا قيوم انما امره اذا اراد شيئا ان يقول له كن فيكون فسبحن الذی بيده ملكوت كل شیء واليه ترجعون۔

دم کرنے سے پہلے

دم کرنے میں مہارت حاصل کرنے اور اس کے ذریعے کامیاب ہونے کیلئے کچھ طریقے اور اصول ہیں جن پر عمل کرکے کامیابی سو فیصدی مل سکتی ہے اس لئے یہاں درج ہدایات پر ضرور عمل کیجئے۔ دم کرنے والا شخص کم از کم (۱) پانچ وقت کا نمازی ضرور ہو (۲) اس کی زبان جھوٹ سے محفوظ رہے (۳) کسی پر ناحق تہمت نہ لگاتا ہو (۴) دم کرنے سے پہلے یا بعد میں حسب توفیق موقع کی مناسبت سے کوئی بھی شے بچوں یا بڑوں میں تقسیم کرے (۵) مریض کو دم کرنے سے پہلے اسے وضو کروانا یا بیماری کی شدت دیکھتے ہوئے موقع کی مناسبت سے پرہیزگاری والا سلوک کرنا (۶) غیر محرم عورت اگر دم کروائے تو اپنے منہ کو ضرور ڈھانپے جس سے دم کرنے والا کامل یکسوئی کے ساتھ دم کرنے میں مشغول رہے (۷) دوران دم عورت کو کبھی چھوا نہیں جانا چاہئے (۸) مقصد کے حساب سے اس کا تصور باندھ کر اسے دم کیا جائے یا کوئی لکڑی کی چھڑی رکھی جائے جو جسم کے مخصوص مقام کو چھوڑ کر پھیرا جائے اور دم کر کے جھاڑا جائے (۹) دوران دم پانی اپنے پاس رکھا جائے اور خوشبو جلائی جائے (۱۰) دم کرنے والا اپنے تصور کو کامل باندھے تاکہ کسی بھی صورت ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑے (۱۱) بعد دم کرنے کے مریض کے ماتھے پر شہادت کی انگلی سے پہلا کلمہ طیب لکھا جائے اور اسے کے سر پر ہاتھ رکھ کر کم از کم گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھا جائے (۱۲) اپنی نیت کو ہر حال میں نیک رکھنا۔ ان شرائط و قواعد پر جو کوئی بھی عمل کریگا وہ اللہ کے حکم سے ضرور کامیاب ہوگا اور اسے اللہ کی پاک کلام کے ذریعے شفاء ضرور ہوگی۔ انشاء اللہ

روحانی شہد

اس نسخے کو کوئی بھی اپنی زندگی میں آزما سکتا ہے اور اس کے اثرات سے خود اپنی آنکھوں سے کھلا مشاہدہ کر سکتا ہے کہ اللہ کی کلام میں کیا طاقت اور اثر ہے جس سے دنیا کا کوئی بھی کام با آسانی ہو سکتا ہے اس لئے اس نسخہ کو گھریلو طور پر پہلے سے تیار کر کے رکھا جائے اور جب کبھی ضرورت ہو تو اسے بتائے گئے طریقہ کے مطابق استعمال کیا جائے اللہ کے حکم سے شفائے کاملہ ہوگی۔ ایک عدد خالص شہد کی بوتل لائی جائے اور دریا سے پانی ایک بوتل لائی جائے سب سے پہلے پانی پر اسی آیت کو (بسم اللہ الرحمن الرحیم یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فیه شفاء للناس)(3165) مرتبہ باوضو حالت میں دم کرے اور اس پانی کو کسی تانبے کے طشت میں ڈال دے پھر اسی آیت کے اعداد میں سے نصف کو شہد پر دم کرے اور اس شہد والی بوتل کو اس پانی کے طشت میں رکھ دے یہ روحانی شہد و دوائی بالکل تیار ہے اگر کسی کے سر میں درد ہوتا ہو تو تھوڑا سا شہد اپنی کنپٹیوں پر لگا کر اس کی مالش کرے اور تھوڑا سا کھائے اسی وقت سر کا درد کافور ہوگا۔ اگر کسی کو بخار ہو تو اس شہد کو کھائے اللہ کے حکم سے اسی وقت بخار سے نجات ہوگی۔ اگر کوئی جادو ٹونے یا کسی سائے کے مرض میں مبتلا ہو تو وہ اس شہد کو صبح نہار منہ اور رات کو سونے سے پہلے ضرور کھا کر سوئے اللہ کے فضل سے جادو ٹونے و سائے کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ اس کے علاوہ اس شہد کو کسی بھی بیماری کے خاتمے کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے کیونکہ اس کے اندر ایک تو قدرتی طور پر شفاء ہے اور دوسرا جو عمل بیان کیا گیا ہے وہ سونے پر سہاگہ ہے یہ روحانی شہد بن جاتا ہے اور اس کے اندر بہت شفاء ہے۔

میاں بیوی میں حب

اگر کسی سے جائز محبت میں زیادتی پیدا کرنی جس کا مقصد شادی کرنے سے ہو تو سات عدد چنبیلی کے ایسے پھول حاصل کرے جن کا رخ آسمان کی طرف ہو پھر اس آیت کو ایک سو گیارہ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھا جائے اور تمام تعداد کو پڑھ لینے کے بعد ان پھولوں پر دم کرے اور کسی سرخ ریشمی رومال میں ان پھولوں کو رکھ کر اپنی جیب میں رکھے اور اپنے محبوب سے ملاقات کرے جیسے جیسے ان کی خوشبو محبوب کے ناک تک پہنچے گی حب کے معاملے میں زیادتی ہوگی۔ اور کسی بھی طرح انکار کی صورت نہیں بنے گی۔ اگر ایک مرتبہ اس عمل کو کرنے سے کامیابی نہ ہو تو اس عمل کو اوپر بیان کئے گئے طریقہ کار کے مطابق کرے اور اس میں اضافہ اس کا کرے کہ اسی آیت کو روزانہ سات دنوں تک بعد نماز عصر ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے اور اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھے سب سے آخر میں اپنی جیب میں رکھے پھولوں کو نکالے اور ان کو دم کرے سات دنوں تک اسی عمل کو دہرایا جائے اور سب سے آخر میں محبوب کی شکل اپنے تصور میں لا کر اس کو دم کیا جائے اللہ کے حکم سے نیک نیت رکھنے والے افراد اس عمل کو بے خطا پائیں گے اور ثواب و نیکیاں آئندہ سے ملیں گی۔

(بسم الله الرحمن الرحيم وبشر الذين امنوا وعملوا الصلحت ان لهم جنت تجرى من تحتها الانهر كلما رزقوا منها من ثمره رزقا قالوا هذا الذى رزقنا من قبل واتوا به متشابها ولهم فيها ازواج مطهرة وهم فيها خلدون) بقرة آیت (۲۵)

فتح یابی

اگر کسی بھی مرد و عورت کو ہر کام میں ناکامی ہوتی ہو تو وہ اس طلسم کو بروز اتوار ہرن یا خرگوش کی دباغت شدہ کھال پر زعفران سے لکھ کر اگر عورت ہو تو اپنے الٹے بازو پر باندھے اگر مرد ہو تو سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے جس بھی کام کو ہاتھ ڈالے گا وہ سونا ہوگا۔ اس نقش کو وہ افراد بھی استعمال کر سکتے ہیں جن پر دنوں کی خاص گردش ہو۔

(بسم الله الرحمن الرحيم بلى من اسلم وجهه لله وهو محسن فله اجره عند ربه ولا خوف عليهم ولا هم يخزنون وقالت اليهود ليست النصرى على شىء وقالت النصرى ليست اليهود على شىء وهم يتلون الكتب كذلك قال الذين لا يعلمون مثل قولهم فالله يحكم بينهم يوم القيمة فيما كانوا فيه يختلفون ومن اظلم ممن منع مسجد الله ان يذكر فيها اسمه وسعى فى خرابها اولئك ما كان لهم ان يدخلوها الا خائفين لهم فى الدنيا خزى ولهم فى الاخرة عذاب عظيم ولله المشرق والمغرب فاينما تولوا فثم وجه الله ان الله واسع عليم وقالوا اتخذ الله ولدا سبحنه بل له ما فى السموات والارض كل له قنتون بديع السموات والارض واذ قضى امرا فانما يقول له كن فيكون.

آسیب و جن

اگر کسی گھر میں سایہ آسیب یا جنات کا ہو اور وہ کسی بھی طریقے سے اس گھر میں اپنا قبضہ نہ چھوڑتے ہوں تو اس نقش کو بروز جمعہ صبح سورج طلوع ہوتے وقت بکرے کے خون سے چار عدد لکھے اور اس کو کیل کے اندر رکھ کر لپیٹ کر اپنے صحن کے چار کونوں میں دفن کر دے اور گھر میں سات دنوں تک اذان دے اللہ کے حکم سے جو بھی غیر مخلوق ہو گی وہ یا جل جائیگی یا بھاگ جائیگی۔ اذان وہی دے جہاں ان نقوش کو دفن کیا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

(بسم الله الرحمن الرحيم سيقول السفهاء من الناس ما ولهم عن قبلتهم التى كانوا عليها قل لله المشرق والمغرب يهدى من يشاء الى صراط مستقيم وكذلك جعلنكم امة وسطا لتكونوا شهدا على الناس ويكون الرسول عليكم شهيدا وما جعلنا القبلة التى كنت عليها الا لنعلم من يتبع الرسول ممن ينقلب على عقبيه وان كانت لكبيرة الا على الذين هدى الله وما كان الله ليضيع ايمانكم ان الله بالناس لرءوف رحيم)

نظر بد

اس کو ایک عدد زعفران سے لکھ کر اس کے اندر ایک کالی مرچ ڈال کر اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے کسی کی بھی نظر نہیں لگے گی۔ اگر پھر بھی افاقہ نہ ہو تو اسی کو لکھ کر جلائے اور اس کی دھونی لے۔

(بسم الله الرحمن الرحيم الشيطن يعدكم الفقر ويامركم بالفحشاء والله يعدكم مغفرة منه وفضلا والله واسع عليم يوتى الحكمة من يشاء ومن يوت الحكمة فقد اوتى خيرا كثيرا وما يذكر الا اولوا الالباب)

جادو ٹونہ و دشمن

اگر کسی کو آسیب ستاتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھے ایک کو ایسی جگہ لگائے جہاں مریض کی اکثر نگاہ پڑتی ہو اور ایک کو گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے جو بھی آسیب ہوگا وہ جل جائیگا۔

(بسم الله الرحمن كداب ال فرعون والذين من قبلهم كذبوا باياتنا فاخذهم الله بذنوبهم والله شديد العقاب قل للذين كفروا ستغلبون وتحشرون الى جهنم وبئس

المهاد قد كان لكم اية فى فئتين التقتا فئة تقاتل فى سبيل الله واخرى كافرة يرونهم مثليهم راى العين والله يويد بنصره من يشاء ان فى ذلك لعبرة لا ولى الابصار۔

ہر دلعزیز

اگر کوئی بھی اس نقش کو اپنے گلے میں زعفران سے لکھ کر باندھے گا تو اسے جو بھی دیکھے گا وہ فریفتہ ہوگا۔

(بسم الله الرحمن الرحيم زين للناس حب الشهوات من النساء والبنين والقناطير المقنطرة من الذهب والفضة والخيل المسومة والانعام والحرث ذلك متاع الحيوة الدنيا والله عنده حسن الماب.

حاجت پوری ہو

اگر کسی کو کوئی بھی حاجت یا ضرورت ہو تو وہ رات کو تہجد کے وقت اس کو ایک ہزار کی تعداد یا اس سے بھی زیادہ کی تعداد میں پڑھے اللہ کے حکم سے اگلے دن وہ کام پورا ہو جائے گا۔

(بسم الله الرحمن الرحيم للفقراء الذين احصروا فى سبيل الله لا يستطيعون ضربا فى الارض يحسبهم

الجاهل اغنياء من التعفف تعرفهم بسيمهم لا يسئلون الناس الحافا وما تنفوا من خير فان الله به عليم)

دفع آسیب

اگر کسی بھی گھر یا دوکان میں سایہ آسیب یا جنات ہو تو اس کو زعفران سے لکھ کر گھر کے مین دروازے کی چوکھٹ کے اوپر لگائے اللہ کے حکم سے جو بھی غیر مخلوق اس گھر میں ہوگی اس کا خاتمہ ہوگا۔

(بسم الله الرحمن الرحيم لله ما فى السموات و ما فى الارض وان تبدوا ما فى انفسكم او تخفوه يحاسبكم به الله فيغفر لمن يشاء ويعذب من يشاء والله على كل شىء قدير امن الرسول بما انزل اليه من ربه والمومنون كل امن بالله وملئكته وكتبه ورسله لا نفرق بين احد من رسله وقالوا سمعنا واطعنا غفرانك ربنا واليك المصير۔

جسمانی وروحانی امراض سے شفاء

جسمانی و روحانی امراض سے شفاء حاصل کرنے اور دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے ان آیات کو صبح وشام اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر پڑھا جائے اور سادے پانی پر دم کر کے پیا جائے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

لا يكلف الله نفسا الا وسعها لها ما كسبت وعليها ما اكتسبت ربنا لا تواخذنا ان نسينا او اخطانا ربنا ولا تحمل علينا اصرا كما حملته على الذين من قبلنا ربنا ولا تحملنا ما لا طاقة لنا به واعف عنا واغفرلنا وارحمنا انت مولنا فانصرنا على القوم الكفرين۔

پچھلے صفحے پر موضوع کے حساب سے جو آیات لکھی ہیں ان کو کسی بھی نماز کے بعد ایک مرتبہ یا ایک تسبیح پڑھنے کا معمول بنایا جائے اپنے مقصد و کام کا مکمل تصور باندھا جائے انہیں کسی بھی طرح پڑھ کر استعمال کیا جا سکتا ہے اور اسی کو ورد کر کے کسی دوسرے کو پانی پر دم کر کے یا ویسے ہی پھونک مار کر استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ یہ نہایت ہی زبردست قسم کی آیات ہیں جو مقصد کے لحاظ سے بالکل ٹھیک اور مکمل صحت کے ساتھ لکھی ہیں۔ پاک و با وضو حالت میں رہنا ہوگا اور اگر کوئی ہر وقت ان کو اپنے مقصد کے حساب سے کھلا بھی ورد کرے تو بھی فوائد کثیر ہونگے اور جس مقصد کیلئے ان کو پڑھ کر اللہ کے حضور دعا کی جائیگی وہ فوراً مستجاب ہوگی۔

تمت الكتاب

عامل سید شبیر حسین شاہ کی لازوال تصنیف (اصل کنز الحسین)

کنز الحسین عملیات دنیا کی لازوال کتاب جو اردو زبان کے علاوہ مختلف زبانوں سے ترجمہ کی گئی ہے۔ جو اس کتاب سے نا آشنا ہے وہ عملیات، وہ نقوش اور ایسے طریقہ کار سے بالکل نا آشنا ہے جو اصل میں عامل کے پاس ہونا چاہئے ایسے کون سے نقوش ہوں جو فوراً اپنا اثر دکھائیں؟ ایسا کون سا عمل ہے جس سے چند گھنٹوں میں کوئی دور گیا واپس آئے محبوب اپنے مطلوب کے بغیر ایک پل بھی نہ رہ سکے، دنیاوی حاجات کیسے پوری ہوں؟ ایسے کون سے راز ہیں جس سے مریض کے مریض کی صحیح تشخیص ہو اور اس پر کئے گئے جادو، تعویذ، گنڈے، پتلے، اور دیگر جادوئی دفینے کو مریض کے سامنے اس کی آنکھوں سے دکھایا جا سکے، دین کے دشمنوں کا قلع قمع کیا جا سکے، غیر یقینی مقاصد میں سو فیصد کامیابی حاصل ہو، اس کے علاوہ کتاب میں وہ بنگالی زبان کے اصل (۲۰) صحیفے ہیں جو عذاب کے بعد جلنے سے بچ گئے تھے۔ کتاب میں اصل ہندی زبان کا اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے اور ثبوت کے طور پر ہندی زبان ساتھ لکھی ہے۔ ہندی، عبرانی، اردو، سریانی، بنگالی، زبانوں کے اصل پر اثر ایسے نقوش درج ہیں جن کو دیکھ کر حیرت گم ہونے کے ساتھ ساتھ ان میں ایسے دیرپا اثرات موجود ہیں۔ جس میں کسی شخصیت کو نہیں دیکھا جاتا بلکہ تیر کمان والے رشتے کی طرح عمل کی بدولت صرف کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے۔ کام خواہ جائز ہو یا ناجائز اس میں کوئی سروکار نہیں ہے۔ مصنف نے نہایت ہی محنت سے اس کتاب کپڑے، پیپل کے پتوں، اور پتھر پر اپنے ہاتھوں سے لکھنے والی شے سے لکھ کر عملیاتی دنیا میں ایک ایسا کام کر دیا ہے۔ جس کو (السید علی حسین شاہ) نے خود ترتیب دیا ہے۔ اور منہ بولتا ایک ایسا ثبوت پیش کر دیا ہے۔ جو آج سے پہلے نہ تو کبھی تھا اور نہ ہی کبھی ہوگا۔ تمام ہندو دیوتاؤں سے کام لینے کے طریقہ کار ان کی اصل زبان میں درج ہیں اور ایسے نسخہ جات بھی جس کی بدولت ان کو اپنی تسخیر میں کر کے انسان ایسا بہت کچھ جھٹ پٹ کر سکتا ہے جو تعویذ دھاگے بھی نہیں کرتے کالے دنوری علم کے لازوال نسخہ جات سے ترتیب دی گئی اس کتاب کو عاملین اور ایسے افراد ضرور مطالعہ کریں جو عملیاتی دنیا میں اپنے نام کا ڈنکا بجوانا چاہتے ہوں اور جو کوئی عامل اس کتاب سے نا آشنا ہے وہ عملیات میں کبھی پنپ نہیں کر سکتا کیونکہ اس کتاب کے مصنف (سید شبیر حسین شاہ) کا اس کتاب کے نسخہ جات کے متعلق فرمانا ہے کہ اگر اس کتاب میں سے کسی کا کام نہ ہو تو روز محشر میرا گریبان ہوگا اور دوسرے کے ہاتھ اس کے علاوہ لکھنا یا بتانا ہی گیا ہے۔ کتاب کی عمر آج سے اڑھائی سو سال پرانی ہے۔

السید علی حسین شاہ کی لازوال تصنیف

سورۃ المزمل شریف

قرآن پاک کی جلیل القدر سورۃ پر لکھی گئی یہ کتاب نہایت ہی محنت اور تحقیق کے ساتھ ترتیب دی گئی ہے۔ جس میں تمام کے تمام نسخہ جات سینہ بہ سینہ ہیں۔ اور ایسے رازوں سے مزین ہیں۔ جو مختلف دینی و دنیاوی طور پر کئی طرح کے مقاصد، حاجات، دین کے دشمنوں پر غلبہ، کاروبار میں فراخی رزق جس سے غیب کے ذریعے رزق حاصل ہوتا ہے، میاں بیوی کا آپس میں سلوک سے رہنا، جادو ٹونے اور دیگر مختلف امراض کا جڑ سے یقینی خاتمہ، بچے والدین کا ادب واحترام کریں، زیادہ سے زیادہ رزق مہیا ہو جیسے شجر زر کہتے ہیں، اپنے آپ کو اس کتاب کے روحانی فیض سے ہمکنار کرنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کو اس کے ذریعے کامیابی دلوانا، اور ایسے کئی رازوں کے متعلق مکمل اور آسان تشریح سے بیان کیا گیا ہے جو کسی تعارف کا محتاج نہیں اور ہمیشہ کی طرح یہ کتاب بھی تمام پہلی کتابوں سے بالکل ہٹ کر ہے جس میں ایک ایک نسخہ لاکھوں روپے کا ہے۔ دین کے ساتھ ساتھ دنیا کمانے اور ایسے تیر بہدف نسخہ جات ہیں جن کو عاملین سے لیکر ایک عام انسان آج اس دور میں ڈھونڈ رہا ہے۔ جس سے جادو اور دیگر کئی اقسام کے طریقہ کار ہم پر غالب آچکے ہیں۔ اپنے گھر بیٹھے خود ان پراثر وظائف، نقوش، اور سورۃ کے مخفی اور سینوں کے اسرار سے تیار کردہ سورۃ کے اعتصام واختتام جیسے نسخہ جات پر عمل کر کے زیادہ سے زیادہ ثواب و نیکیاں کمانے اور دینی و دنیا میں کامیابی و فتح مندی حاصل کیجئے جس میں پاکیزگی اپنانے کے علاوہ کوئی دوسری شرط نہیں رکھی گئی اپنا روحانی علاج اور دیگر کئی امراض پر خود قابو پائیے اور مصنف کتاب کو دعاؤں سے نوازیئے بے شک یہ ایک ایسی روحانی سورۃ پر لکھی لازوال کتاب ہے جو کسی تعریف کی محتاج نہیں۔

السید علی حسین شاہ کی لازوال تصنیف

سورۃ الفاتحہ

یہ قرآن مجید کی ایسی سورۃ پر مبنی کتاب ہے جسے (ام القرآن) کہا جاتا ہے۔ کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ دین و دنیا کے وہ راز اور نسخہ جات بیان کر دیئے ہیں جو دنیا کی کسی بھی کتاب میں نہیں ہونگے کتاب اور اس کے روحانی و نورانی نقوش اپنا منہ بولتا ثبوت پیش کرتے ہیں۔ سر کے درد سے لے کر کینسر جیسے موذی امراض کا بالیقین سو فیصد خاتمہ کرنے کیلئے کوئی بھی مرد یا عورت اپنی شرم گاہ اور آنکھوں کی حفاظت کر کے اس روحانی کتاب سے وہ کچھ سیکھ اور حاصل کر سکتا ہے جو باپ بیٹے سے چھپاتا ہے۔ اس کا فیصلہ عوام پر منحصر ہوگا۔ کہ کیا مصنف کا اس بات کے متعلق دعوی غلط ہے یا صحیح تمام کے تمام نسخہ جات ونقوش خاص الخاص سینوں کے راز ہونے کے علاوہ اپنے اثرات میں بھی سو فیصد طاقت رکھتے ہیں۔ جو کتاب میں بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرنے سے اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہتے اور نہ ہی خطا جاتے ہیں۔ اگر کوئی اپنے بداعمال و افعال سے خود ہی ان سے کام لینے کے طریقہ کار نہ جانتا ہو اور نہ ہی روحانیت جیسی نعمت سے متعارف ہو تو کتاب کے نسخہ جات ونقوش کو بالکل غلط مت کہیے بلکہ سب سے پہلے اپنی اصلاح کرے اور پھر ان کا استعمال کر کے خود ہی اثرات دیکھ لے کسی بھی خاص شرط کو عمل کی کامیابی کیلئے لازمی نہیں رکھا گیا صرف پاکیزگی اختیار کرتے ہوئے اپنا مقصد ڈھونڈ کر عمل کرنے سے بڑی سے بڑی حاجات، مشکلات، مصائب، اللہ کا کامل قرب حاصل کرنا، حضور نبی کریم ﷺ کی محفل میں حاضر ہونا، اولاد کو صحیح طریقہ کار پر عمل کروانا، شیطان کے شر اور اس کے ہتھکنڈوں سے محفوظ رہنا، اور ایسے کئی سینکڑوں مجرب نسخہ جات درج ہیں جو دنیا کی کسی بھی کتاب میں نہ تو پہلے کبھی تھے اور نہ ہی کبھی ہونگے۔ کتاب کا مطالعہ کیجئے اور ثواب و نیکیاں کمانے کے ساتھ اپنے کام خود سنواریئے۔

السید علی حسین شاہ کی لازوال تصنیف

جادو کی پہلی اور آخری کتاب

مصنف کی محنت، تحقیق، اور لگن کا منہ بولتے ثبوت کا نمونہ اس کتاب میں سب کو دکھادیا ہے جو شرطیہ کسی تعریف کا محتاج نہیں ہر کوئی دیکھنے والا حیرت ظاہر کرتا ہے اور مصنف نے اپنی زندگی میں جادو جیسے موضوع پر پہلی کتاب (جادو کا توڑ خود کیجئے) یعنی جادو کا آسان اور شرطیہ علاج اور اب یہ کتاب (جادو کی مکمل اور پہلی کتاب) لکھ کر اس موضوع کو ہمیشہ کیلئے بند کر دیا ہے۔ کیونکہ اگر اسی بات کو طول دے کر بڑھایا گیا تو یہ کتاب کے ساتھ زیادتی ہوگی۔ اس لئے اس کتاب کا پہلا حصہ (جادو کا آسان اور شرطیہ علاج) اور اس کے بعد جادو کی مکمل اور آخری کتاب عوام الناس میں مصنف نے پھیلا دی ہیں جس کے بل بوتے پر کوئی بھی با آسانی اپنے اوپر کئے گئے جادو کا پتہ کروا سکتا ہے، اپنے اوپر کئے گئے جادو کی دفن شدہ اشیاء کو اپنے سامنے منگوا سکتا ہے، کسی پر کئے گئے جادو کا ایک سیکنڈ کے اندر بالکل صحیح پتہ لگوا سکتا ہے، اپنے دشمنوں اور جادو کرنے والے افراد کے نام جان سکتا ہے، اور اس کے علاوہ اپنے ساتھ دوسروں کو بھی اس کتاب کے نورانی و روحانی فیض سے ہمکنار کر سکتا ہے۔ جس میں ایک رتی بھی شک کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے آج تک تاریخ میں نہ تو اس قسم کی کوئی کتاب لکھی ہوگی۔ اور نہ ہی لکھی جائیگی اس بات کا مکمل دعویٰ اور ثبوت دونوں عوام پر منحصر ہیں جس کا فیصلہ عوام کو کرنا ہوگا۔ کتاب میں روحانی ایسے نقوش درج ہیں جو شرطیہ اور دعویٰ کے ساتھ دنیا میں کسی انسان کی آنکھ نے دیکھے نہیں ہونگے اور ان نقوش میں لکھی جانے والی نورانی و روحانی کلام اور مکمل صحت کے ساتھ نقوش کو جو کوئی بھی ان کے مخفی طریقہ کار اور مخفی اسرار سے استعمال کرنے سے پہلے کوئی بھی ان کی آزمائش کر سکتا ہے کہ نورانی و روحانی کلام سے بنے یہ عجیب نقوش کیا کیا کر سکتے ہیں؟

کتاب کے چھپے ہوئے فلیتہ جات

کتاب جادو کا آسان اور شرطیہ علاج کے فلیتہ جات جن کے متعلق فوٹو کاپی کروا کر استعمال کرنے کو لکھا ہے یہ طریقہ بھی ٹھیک ہے لیکن فوٹو کاپی کے ذریعہ فلیتہ دیا سلائی کی مدد سے صحیح طریقے سے نہیں جل سکتا اس لئے عوام الناس کی سہولت کی یہی فلیتہ جات اصل حالت میں چھپوائے ہیں۔ جو استعمال کرنے پر بالکل ٹھیک طریقے سے جلتے ہوئے جل کر خاکستر ہو جاتے ہیں۔ اور جس مقصد کیلئے انہیں جلایا جاتا ہے وہ فوراً پورا ہو جاتا ہے۔ اس لئے چھپے ہوئے فلیتہ جات منگوانے اور ان کو (روحانیت کا عجیب و غریب چراغ) میں جلانے کیلئے مصنف کے لکھے گئے ایڈریس پر پہلے فون پر رابطہ کیا جائے اور ان سے چھپے ہوئے فلیتہ جات اور روحانیت کا چراغ بالکل اصل حالت میں جیسے کہ ہونا چاہئے مل سکتا ہے اس کا علیحدہ سے ہدیہ بھیجنا ہوگا۔ ہدیہ چراغ (1500) اور فی فلیتہ (5) روپے ہو سکتا ہے کہ بعض افراد کو کتاب میں سے فوٹو کاپی کروا کر فلیتہ جات کے ذریعے کامیابی نہ مل رہی ہو اس کی سب سے بڑی وجہ فلیتے کا صحیح نہ جلنے سے ہے اس لئے عوام الناس کی سہولت کیلئے چراغ اور فلیتہ جات مکمل قواعد و ضوابط کے ساتھ تیار کروا دیئے ہیں۔

روحانی عملیاتی کتب چھاپنے والا نادر و نایاب ادارہ

الحسین پبلشرز رجسٹرڈ

یہ روحانی و نورانی ادارہ پیر السید علی حسین شاہ بخاری سجادہ نشین حضرت پیر السید محمد جیلانی گولڑے والا) کے زیر نگرانی ہے۔ تمام نادر و نایاب کتب چھاپنے والا واحد ادارہ ہے۔ جس کے مصنف (السید علی حسین شاہ) کسی تعریف کی محتاج نہیں اب پہلے سے بھی کہیں زیادہ پر اثر و طاقتور وظائف، نقوش، چلہ جات، روحانی طریقہ کار پر چل کر اپنے آپ کو دنیا میں منوانے کیلئے، اور اس سے دیگر انسان کی جتنی بھی حاجات ہیں ان سب کی تکمیل کیلئے ایسی روحانی کتب کچھ لکھی جا چکی ہیں۔ جو آہستہ آہستہ چھپ کر عوام الناس کی خدمت میں پیش کی جائینگی اور بہت سی نادر کتب ابھی لکھائی و چھپائی کے مراحل سے گزر رہی ہیں۔ اس بات میں کوئی شک نہیں ہے۔ کہ السید علی حسین شاہ کی قلم سے لکھی کتب کسی تعریف کی محتاج نہیں اور نہ ہی کسی قینچی کا کمال ہے۔ بلکہ اپنے پیر کامل کی خاص توجہ اور صحیح عامل استادوں کے سینوں کے رازوں کو پھیلایا جا رہا ہے۔ جس کا فیصلہ عوام الناس پر ہے۔ اب نئی کتب دیکھ کر انسان کی حیرت گم ہوتی ہے کیونکہ سب کتابوں کو با اشکال اور کروڑوں سال پہلے بولے جانی والی زبان سے اردو زبان میں ترجمہ کر کے چھپوایا جا رہا ہے۔ جس کی تیاری میں السید علی حسین شاہ کا ہاتھ ہے اور شاید ان کی توجہ کے بغیر یہ کتابیں چھپ ہی نہ سکتیں پرانی نادر کتب اصل زبانوں کے ساتھ اردو ترجے میں مصنف کے پاس موجود ہیں۔ جیسے ہندی، بنگالی، عبرانی، سریانی، قینادی، حوزی، فراعنہ مصر، صولیانی، سامی، یافث، برہمی، یونانی، صابی، یعفوری، عزری، حیری، کاہنی، رومی، فرنجی، قبطی، ارمنی، کوفی، بربری، اور اس سے دیگر اور ایسی کئی زبانوں میں کتب با تصویر اصل اصول قوائد و ضوابط کے ساتھ چھپ کر تیار ہو رہی ہیں۔ جو کچھ ہی عرصہ میں عوام الناس کی خدمت میں پیش کی جائینگی جسے دیکھنے سے انسان کی حیرت گم ہوتی ہے۔